GENERAL MATHEMATICS (UM)

PUNJAB BOARD NOTES

9TH CLASS

Presented by:

Urdu Books Whatsapp Group

STUDY GROUP

0333-8033313
راؤ ایاز

0343-7008883
پاکستان زندہ باد

0306-7163117
محمد سلمان سلیم

- فی صد
- نسبت
- تناسب
- مرکب تناسب

اس یونٹ کو پڑھنے کے بعد طلباء اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ یہ جان سکیں:

- فی صد بطور کسر (نسب نما 100 کے ساتھ)
- تبدیلی:
  - فی صد کی کسر میں تبدیلی جس کا نسب نما 100 کے ساتھ
  - کسر کو 100 فی صد سے ضرب دے کر فی صد میں تبدیل کرنا
  - فی صد کو اعشاریہ اور اعشاریہ کو فی صد میں تبدیل کرنا
- روزمرہ زندگی میں فی صد کا استعمال
- نسبت
  - اینٹی سی ڈینٹ اور کانسی کوئنٹ
  - نسبت کی کوئی اکائی نہیں ہوتی
  - نسبت کا آرڈر
- نسبت میں جب ایک عدد کو بڑھایا یا کم کیا جائے تو کیا ہوتا ہے۔
- روزمرہ زندگی میں تناسب کے مسائل
- تناسب
- تناسب (راست اور معکوس)
- روزمرہ زندگی سے تناسب کے مسائل
- مرکب تناسب
- مرکب تناسب سے متعلقہ مسائل

فی صد Percent

لفظ پرسنٹ (Percent) لاطینی لفظ پرسنٹم کی مختصر شکل ہے۔ فی صد عربی زبان کا لفظ ہے جس کا مطلب "سو میں سے" یا "سو پر" ہے۔ فی صد کے لیے علامت % استعمال ہوتی ہے۔

حل مشق 1.1

1. درج ذیل فی صد کو کسروں کی آسان شکل میں واضح کیجیے۔

حل:

(i) 95%

حل:

$$95\% = 95\times\frac{1}{100} = \frac{95}{100} = \frac{19}{20}$$

(ii) 65%

$$65\% = 65\times\frac{1}{100} = \frac{65}{100} = \frac{13}{20}$$

(iii) 75% حل:

$75\% = 75 \times \frac{1}{100} = \frac{75}{100} = \frac{3}{4}$

(iv) 25% حل:

$25\% = 25 \times \frac{1}{100} = \frac{25}{100} = \frac{1}{4}$

(v) 56% حل:

$56\% = 56 \times \frac{1}{100} = \frac{56}{100} = \frac{14}{25}$

(vi) 48% حل:

$48\% = 48 \times \frac{1}{100} = \frac{48}{100} = \frac{12}{25}$

(vii) 8% حل:

$8\% = 8 \times \frac{1}{100} = \frac{8}{100} = \frac{2}{25}$

(viii) $33\frac{1}{2}\%$ حل:

$33\frac{1}{2}\% = 33.5 \times \frac{1}{100} = \frac{335}{10} \times \frac{1}{100}$

$= \frac{335}{1000} = \frac{67}{200}$

(ix) $37\frac{1}{2}\%$ حل:

$37\frac{1}{2}\% = 37.5 \times \frac{1}{100} = \frac{375}{10} \times \frac{1}{100}$

$= \frac{375}{1000} = \frac{3}{8}$

(x) $87\frac{1}{2}\%$ حل:

$87\frac{1}{2}\% = 87.5 \times \frac{1}{100} = \frac{875}{10} \times \frac{1}{100}$

$= \frac{875}{1000} = \frac{7}{8}$

(xi) $5\frac{1}{4}\%$ حل:

$5\frac{1}{4}\% = 5.25 \times \frac{1}{100} = \frac{525}{100} \times \frac{1}{100}$

$= \frac{525}{10000} = \frac{21}{400}$

(xii) $42\frac{1}{2}\%$ حل:

$42\frac{1}{2}\% = 42.5 \times \frac{1}{100} = \frac{425}{10} \times \frac{1}{100}$

$= \frac{425}{1000} = \frac{17}{40}$

2. درج ذیل کسور کو فی صد کی شکل میں لکھیے اور جہاں ضروری ہو جواب ایک درجہ اعشاریہ تک درست ہو لکھیے۔

(i) $\frac{3}{4}$ حل:

$\frac{3}{4} = \frac{3}{4} \times 100\% = 3 \times 25\%$

$= 75\%$

(ii) $\frac{3}{5}$ حل:

$\frac{3}{5} = \frac{3}{5} \times 100\% = 3 \times 20\%$

$= 60\%$

(iii) $\frac{4}{25}$ حل:

$\frac{4}{25} = \frac{4}{25} \times 100\% = 4 \times 4\% = 16\%$

(iv) $\frac{13}{20}$ حل:

$\frac{13}{20} = \frac{13}{20} \times 100\% = 13 \times 5\% = 65\%$

(v) $\frac{31}{25}$ حل:

$\frac{31}{25} = \frac{31}{25} \times 100\% = 31 \times 4\% = 124\%$

(vi) $\frac{21}{40}$ حل:

$\frac{21}{40} = \frac{21}{40} \times 100\% = \frac{2100}{40}\% = 52.5\%$

ختم نبوت ﷺ زندہ باد　　　　　　　　　　عظمت صحابہ زندہ باد

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ:

معزز ممبران: آپ کا وٹس ایپ گروپ ایڈمن "**اردو بکس**" آپ سے مخاطب ہے۔

آپ تمام ممبران سے گزارش ہے کہ:

- گروپ میں صرف PDF کتب پوسٹ کی جاتی ہیں لہذا کتب کے متعلق اپنے کمنٹس / ریویوز ضرور دیں۔ گروپ میں بغیر ایڈمن کی اجازت کے کسی بھی قسم کی (اسلامی وغیر اسلامی، اخلاقی، تحریری) پوسٹ کرنا سختی سے منع ہے۔
- گروپ میں معزز، پڑھے لکھے، سلجھے ہوئے ممبرز موجود ہیں اخلاقیات کی پابندی کریں اور گروپ رولز کو فالو کریں بصورت دیگر معزز ممبرز کی بہتری کی خاطر ریموو کر دیا جائے گا۔
- کوئی بھی ممبر کسی بھی ممبر کو انباکس میں میسیج، مس کال، کال نہیں کرے گا۔ رپورٹ پر فوری ریموو کر کے کاروائی عمل میں لائے جائے گی۔
- ہمارے کسی بھی گروپ میں سیاسی و فرقہ واریت کی بحث کی قطعاً کوئی گنجائش نہیں ہے۔
- اگر کسی کو بھی گروپ کے متعلق کسی قسم کی شکایت یا تجویز کی صورت میں ایڈمن سے رابطہ کیجئے۔
- سب سے اہم بات:

گروپ میں کسی بھی قادیانی، مرزائی، احمدی، گستاخِ رسول، گستاخِ امہات المؤمنین، گستاخِ صحابہ و خلفائے راشدین حضرت ابو بکر صدیق، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان غنی، حضرت علی المرتضیٰ، حضرت حسنین کریمین رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین، گستاخ اہلبیت یا ایسے غیر مسلم جو اسلام اور پاکستان کے خلاف پراپیگنڈا میں مصروف ہیں یا ان کے روحانی وذہنی سپورٹرز کے لئے کوئی گنجائش نہیں ہے لہذا ایسے اشخاص بالکل بھی گروپ جوائن کرنے کی زحمت نہ کریں۔ معلوم ہونے پر فوراً ریموو کر دیا جائے گا۔

- تمام کتب انٹرنیٹ سے تلاش / ڈاؤنلوڈ کر کے **فری آف کاسٹ** وٹس ایپ گروپ میں شیئر کی جاتی ہیں۔ جو کتاب نہیں ملتی اس کے لئے معذرت کر لی جاتی ہے۔ جس میں محنت بھی صَرف ہوتی ہے لیکن ہمیں آپ سے صرف دعاؤں کی درخواست ہے۔
- عمران سیریز کے شوقین کیلئے علیحدہ سے عمران سیریز گروپ موجود ہے۔
- **لیڈیز کے لئے الگ گروپ کی سہولت موجود ہے جس کے لئے ویریفکیشن ضروری ہے۔**
- اردو کتب / عمران سیریز یا سٹڈی گروپ میں ایڈ ہونے کے لئے ایڈمن سے وٹس ایپ پر بذریعہ میسیج رابطہ کریں اور جواب کا انتظار فرمائیں۔ برائے مہربانی اخلاقیات کا خیال رکھتے ہوئے موبائل پر کال یا ایم ایس کرنے کی کوشش ہر گز نہ کریں۔ ورنہ گروپس سے تو ریموو کیا ہی جائے گا بلاک بھی کیا جائے گا۔

نوٹ: ہمارے کسی گروپ کی کوئی فیس نہیں ہے۔ سب فی سبیل اللہ ہے

0306-7163117	0343-7008883	0333-8033313
محمد سلمان سلیم	پاکستان زندہ باد	راؤ ایاز

پاکستان زندہ باد　　　　　　　　　　پاکستان پائندہ باد

اللہ تبارک تعالیٰ ہم سب کا حامی وناصر ہو

(vii) $\frac{23}{60}$ حل:

$\frac{23}{60} = \frac{23}{60} \times 100\% = \frac{2300}{60}\%$

$= 38.3\%$

(viii) $\frac{8}{3}$ حل:

$\frac{8}{3} = \frac{8}{3} \times 100\% = \frac{800}{3}\%$

$= 266.7\%$

(ix) $\frac{8}{5}$ حل:

$\frac{8}{5} = \frac{8}{5} \times 100\% = 8 \times 20\%$

$= 160\%$

(x) $\frac{7}{8}$ حل:

$\frac{7}{8} = \frac{7}{8} \times 100\% = \frac{700}{8}\%$

$= 87.5\%$

(xi) $\frac{5}{8}$ حل:

$\frac{5}{8} = \frac{5}{8} \times 100\% = \frac{500}{8}\% = 62.5\%$

$= 62.5\%$

(xii) $\frac{3}{8}$ حل:

$\frac{3}{8} = \frac{3}{8} \times 100\% = \frac{300}{8}\%$

$= 37.5\%$

3. دی گئی فی صد کو اعشاریہ میں تبدیل کیجیے جبکہ جواب تین درجہ اعشاریہ تک درست ہو۔

(i) **47%** حل:

$47\% = 47 \times \frac{1}{100} = \frac{47}{100} = 0.47$

(ii) **58%** حل:

$58\% = 58 \times \frac{1}{100} = \frac{58}{100} = 0.58$

(iii) **92%** حل:

$92\% = 92 \times \frac{1}{100} = \frac{92}{100} = 0.92$

(iv) **8%** حل:

$8\% = 8 \times \frac{1}{100} = \frac{8}{100} = 0.08$

(v) **12%** حل:

$12\% = 12 \times \frac{1}{100} = \frac{12}{100} = 0.12$

(vi) **120%** حل:

$120\% = 120 \times \frac{1}{100} = \frac{120}{100} = 1.20$

(vii) **180%** حل:

$180\% = 180 \times \frac{1}{100} = \frac{180}{100} = 1.80$

(viii) **145%** حل:

$145\% = 145 \times \frac{1}{100} = \frac{145}{100} = 1.45$

(ix) $5\frac{1}{2}\%$ حل:

$5\frac{1}{2}\% = \frac{11}{2} \times \frac{1}{100} = \frac{11}{200} = 0.055$

(x) $5\frac{1}{3}\%$ حل:

$5\frac{1}{3}\% = \frac{16}{3} \times \frac{1}{100} = \frac{16}{300} = 0.053$

(xi) $48\frac{2}{3}\%$ حل:

$48\frac{2}{3}\% = \frac{146}{3} \times \frac{1}{100} = \frac{146}{300}$

$= 0.486$

(xii) $58\frac{1}{3}\%$ حل:

$58\frac{1}{3}\% = \frac{175}{3} \times \frac{1}{100} = \frac{175}{300}$

$= 0.583$

.4 درج ذیل اعشاریہ کو فی صد میں تبدیل کیجیے۔

(i) **0.5** :حل

$0.5 = 0.5 \times 100\% = 50\%$

(ii) **0.9** :حل

$0.9 = 0.9 \times 100\% = 90\%$

(iii) **1,25** :حل

$1.25 = 1.25 \times 100\% = 125\%$

(iv) **1.39** :حل

$1.39 = 1.39 \times 100\% = 139\%$

(v) **1.72** :حل

$1.72 = 1.72 \times 100\% = 172\%$

(vi) **0.22** :حل

$0.22 = 0.22 \times 100\% = 22\%$

(vii) **2.64** :حل

$2.64 = 2.64 \times 100\% = 264\%$

(viii) **3.41** :حل

$3.41 = 3.41 \times 100\% = 341\%$

(ix) **0.845** :حل

$0.845 = 0.845 \times 100\% = 84.5\%$

(x) **1.78** :حل

$1.78 = 1.78 \times 100\% = 178\%$

(xi) **1.58** :حل

$1.58 = 1.58 \times 100\% = 158\%$

(xii) **0.065** :حل

$0.065 = 0.065 \times 100\% = 6.5\%$

.5 درج ذیل جدول کو مکمل کیجیے۔

نمبر	کسر	فی صد	اعشاریہ
(i)	$\frac{3}{4}$	75%	0.75
(ii)	$\frac{4}{5}$	80%	0.8
(iii)	$\frac{2}{5}$	40%	0.4
(iv)	$\frac{31}{50}$	62%	0.62
(v)	$\frac{11}{25}$	44%	0.44

حل مشق 1.2

.1 اگر ایک اسکول کے طلبہ میں سے 45% لڑکیاں ہوں تو لڑکوں کی تعداد فی صد میں کیا ہوگی؟

:حل

[illegible] = 45%

[illegible] = 100 − 45% = [illegible]

.2 اگر 82% گھروں میں ٹیلی وژن ہوں تو کتنے فی صد گھروں میں ٹیلی وژن نہیں ہوگا؟

حل:

جتنے فی صد گھروں میں ٹیلی وژن ہیں $= 82\%$

جتنے فی صد گھروں میں ٹیلی وژن نہیں ہیں $= (100 - 82)\% = 18\%$

.3 ایک ہاکی ٹیم نے کھیلے گئے میچوں میں سے 62% جیتے جبکہ 26% برابر رہے۔ ہاکی ٹیم نے کل کتنے فی صد میچ ہارے؟

حل:

جتنے فی صد ہاکی ٹیم نے میچ جیتے۔ $= 62\%$

جتنے فی صد ہاکی ٹیم نے میچ برابر کیے۔ $= 26\%$

جتنے فی صد ہاکی ٹیم نے میچ ہارے۔ $= (100 - 62 - 26)\%$

$= (100 - 88)\% = 12\%$

.4 ایک ہوائی جہاز میں 400 مسافر سوار تھے جن میں سے 52% مسافر پاکستانی، 17% چائنیز، 12% ایرانی اور بقیہ برطانیہ سے تھے۔

حل: **(i) ہر ملک سے کتنے مسافر جہاز میں سوار تھے؟**

کل مسافر $= 400$

پاکستانی مسافر $= 400 \times 52\% = 400 \times \frac{52}{100} = 4 \times 52 = 208$

چائنیز مسافر $= 400 \times 17\% = 400 \times \frac{17}{100} = 4 \times 17 = 68$

ایرانی مسافر $= 400 \times 12\% = 400 \times \frac{12}{100} = 4 \times 12 = 48$

برطانوی مسافر $= 400 \times (100 - 52 - 17 - 12)\% = 400 \times (100 - 81)\%$

$= 400 \times 19\% = 400 \times \frac{19}{100} = 4 \times 19 = 76$

(ii) برطانیہ کے مسافر کتنے فی صد تھے؟

برطانیہ کے فی صد مسافر $= [100 - (52 + 17 + 12)]\%$

$= (100 - 81)\% = 19\%$

.5 آمنہ نے ریاضی کے امتحان میں 50 میں سے 46 نمبر حاصل کیے جبکہ کیمسٹری میں 75 میں سے 64 اور فزکس میں 80 میں سے 72 نمبر حاصل کیے۔ اس نے کس مضمون میں بہترین کارکردگی دکھائی؟

حل:

ریاضی میں فی صد نمبر $= \frac{46}{50} \times 100 = 92\%$

کیمسٹری میں فی صد نمبر $= \frac{64}{75} \times 100 = 85.33\%$

فزکس میں فی صد نمبر $= \frac{72}{80} \times 100 = 90\%$

تاہم آمنہ نے ریاضی میں بہترین کارکردگی دکھائی۔

6. ایک ترکھان کی ایک میز بنانے پر 720 روپے لاگت آئی۔ اگر اس نے یہ میز 920 روپے میں بیچی ہو تو اس کا منافع فیصد میں بتایئے۔

حل:

کل لاگت $= 720$

قیمت فروخت $= 920$

منافع $= 920 - 720 = 200$

منافع فی صد $= \dfrac{\text{منافع}}{\text{کل لاگت}} \times 100 = \dfrac{200}{720} \times 100 = 27.78\%$

7. اگر کسی کتاب کا 84% حصہ 420 صفحات پر مشتمل ہو تو کتاب میں کل کتنے صفحات ہوں گے؟

حل:

کتاب کے 84% حصہ پر مشتمل صفحات $= 420$

کل صفحات $= \dfrac{420}{84\%} = \dfrac{420}{84 \times \frac{1}{100}}$

$= \dfrac{420}{84} \times 100 = 500$ صفحے

8. حمزہ اپنی کل آمدنی میں سے 20% مکان کے کرایہ پر خرچ کرتا ہے اور بقیہ میں سے 70% گھریلو اخراجات پر۔ اگر اسے 1800 روپے کی بچت ہو تو اس کی کل آمدنی کیا ہوگی؟

حل:

فرض کیا کل آمدنی $= x$

حمزہ نے مکان کے کرایہ پر خرچ کیے $= 20\%$ کا $x = 0.20\,x$

بقیہ آمدنی $= 100\% - 20\% = 80\%$

بقیہ آمدنی میں سے گھریلو اخراجات پر خرچ $= (70\%$ کا $x) \times 80\%$

$= 80\%\ 70\%\ x$

$= 0.80 \times 0.70\,x = 0.56\,x$

بچت $= 1800$ روپے

$x = 0.20\,x + 0.56x + 1800$

$x = 0.76\,x + 1800$

$x - 0.76\,x + 1800$

$(1 - 0.76)\,x = 1800$

$0.24\,x = 1800$

$x = \dfrac{1800}{0.24} = 7500$ روپے

9. راحیل کی آمدنی رؤف کی آمدنی سے 25% زیادہ ہے۔ رؤف کی آمدنی راحیل کی آمدنی سے کتنے فی صد کم ہے؟

حل:

فرض کیا رؤف کی آمدنی $= x$ روپے

راحیل کی آمدنی $= x + 25\%$ کا x

$= x + 0.25x$

$= (1 + 0.25)x = 1.25\,x$

رؤف کی آمدنی $= 1.25x - x$

رؤف کی آمدنی میں فی صد کمی $= \left(\dfrac{1.25x - x}{1.25x} \times 100\right)\%$

$= \left(\dfrac{0.25x}{1.25x} \times 100\right)\%$

$= (0.20 \times 100)\% = 20\%$

نسبت

ایک جیسی اکائیوں والی ایک جیسی مقداروں کے موازنہ کو نسبت کہتے ہیں۔

نسبت کے لیے علامت '' ہے۔

(i) نسبت بطور تعلق

درج ذیل میں 6 گیندیں ہیں۔

6 میں سے 2 گیندیں سفید ہیں۔

سفید گیندوں کی کسر $= \dfrac{2}{6} = \dfrac{1}{3}$

$= 1:3$

اوپر دکھائے گئے گیندوں میں سے 2 سفید اور 4 گیندیں سرخ رنگ کی ہیں۔

سفید گیندوں اور سرخ گیندوں کے درمیان نسبت $= 2 : 4$

$= 1 : 2$

نسبت $1 : 2$ یہ ظاہر کرتی ہے کہ ایک سفید گیند کے لیے 2 سرخ گیند ہیں۔

اگر a اور b دو مقداروں کو ظاہر کرتے ہوں جبکہ b غیر صفر ہو تو a کی b سے نسبت کو a:b اور کسر کی شکل میں $\dfrac{a}{b}$ لکھتے ہیں۔

اگر ایک مقدار 2 اور دوسری 3 ہو تو دونوں مقداروں میں نسبت $2 : 3$ یا $\dfrac{2}{3}$ ہو گی۔

اگر دو مقداریں جن کا موازنہ کیا جانا ہو ایک ہی اکائی میں نہ ہوں تو ان کے درمیان نسبت معلوم کرنے کے لیے پہلے ہم ان کو ایک ہی اکائی میں تبدیل کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر اگر دو لمبائیاں 50 سینٹی میٹر اور 3 میٹر ہوں تو ان کے درمیان نسبت:

$50 : 300$
$= 1 : 6$

100 سینٹی میٹر = 1 میٹر

300 سینٹی میٹر = 3 میٹر

('1' کے علاوہ) اگر a اور b صحیح اعداد ہوں اور ان کے درمیان کوئی مشترک جزنہ ہوں۔

تو نسبت $a : b$ اپنی آسان ترین شکل کہلاتی ہے۔

مثال: نسبت 8:12 کو آسان ترین شکل میں لکھیے۔

حل: $8:12 = \frac{8}{4}:\frac{12}{4}$

$=2:3$

(ii) اینٹی سی ڈینٹ اور کانسی کوئنٹ (Antecedent and Consequent)

نسبت a:b میں "a" کو اینٹی سی ڈینٹ (پہلا یا پہلا آنے والا) کہتے ہیں اور "b" کو کانسی کوئنٹ (بعد میں آنے والا) کہتے ہیں۔ مثال کے طور پر 2:5 میں 2 اینٹی سی ڈینٹ ہے اور 5 کانسی کوئنٹ ہے۔

(iii) نسبت کی کوئی اکائی نہیں ہوتی

ایک جگ اور ایک گلاس کو لیتے ہیں جن میں بالترتیب 1500 ملی لٹر اور 200 ملی لٹر جوس ہے۔

دو اشیاء میں جوس کے حجم کا موازنہ = $\frac{\text{گلاس میں جوس کا حجم}}{\text{جگ میں جوس کا حجم}} = \frac{200 \text{ ملی لٹر}}{1500 \text{ ملی لٹر}}$

$= \frac{2}{15}$ یا 2:15

ہم ان دونوں مقداروں کا موازنہ کرسکتے ہیں کیونکہ شمارکنندہ اور نسب نما میں اکائیاں ایک جیسی ہیں۔ اس لیے نسبت 2 : 15 کی کوئی اکائی نہیں۔

(iv) نسبت کا آرڈر

- اگر دو مقداروں کو a اور b سے ظاہر کیا جائے تو a سے b کی نسبت کو a : b لکھتے ہیں۔
- ہم اس نسبت کو b : a نہیں لکھ سکتے، کیونکہ $a:b \neq b:a$ or $\frac{a}{b} \neq \frac{b}{a}$

اس لیے نسبت میں مقداروں کی ترتیب کو برقرار رکھنا ضروری ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر 2 : 5 اور 5:2 دو مختلف نسبتیں ہیں

کیونکہ $2:5 \neq 5:2$ or $\frac{2}{5} \neq \frac{5}{2}$

نسبت میں جب ایک عدد کو بڑھایا یا کم کیا جائے

اگر ایک سکول کی لائبریری میں ریاضی کی کتب کی تعداد کو 75 سے بڑھا کر 95 کیا جائے تو:

پہلی کتب کی تعداد اور موجود کتب کی تعداد میں نسبت $= 75:95$

$= 15:19$

مثال: ایک طالب علم 7 روپے روزانہ خرچ کرتا ہے، لیکن اتوار کو وہ صرف 20 روپے خرچ کرتا ہے۔ اتوار اور ہر روز خرچ کیے گئے روپوں کی تعداد میں نسبت معلوم کیجیے۔

حل: مطلوبہ نسبت $= 20:70$

$= 2:7$

حل مشق 1.3

1. پہلی مقدار کی دوسری مقدار سے آسان شکل میں نسبت معلوم کیجیے۔

(i) **Rs. 24 , Rs. 6** حل:

$$24:6=\frac{24}{6}:\frac{6}{6}=4:1$$

(ii) **20kg , 5 kg** حل:

$$20:5=\frac{20}{5}:\frac{5}{5}=4:1$$

(iii) **20cm, 80cm** حل:

$$20:80=\frac{20}{20}:\frac{80}{20}=1:4$$

(iv) **5m, 5m** حل:

$$5:5=\frac{5}{5}:\frac{5}{5}=1:1$$

(v) **1500km, 1200km** حل:

$$1500:1200=\frac{1500}{100}:\frac{1200}{100}$$

$$=\frac{15}{3}:\frac{12}{3}=5:4$$

(vi) **Rs. 150 , Rs. 275** حل:

$$150:275=\frac{150}{25}:\frac{275}{25}=6:11$$

2. درج ذیل میں سے ہر نسبت کو آسان شکل میں لکھیے۔

(i) $\frac{2}{3}:\frac{3}{5}$ حل:

$$\frac{2}{3}:\frac{3}{5}=\frac{2}{3}\times 15:\frac{3}{5}\times 15=2\times 5:3\times 3=10:9$$

(ii) $\frac{4}{5}:\frac{3}{4}$ حل:

$$\frac{4}{5}:\frac{3}{4}=\frac{4}{5}\times 20:\frac{3}{4}\times 20=4\times 4:3\times 5=16:15$$

(iii) $\frac{5}{6}:\frac{7}{10}$ حل:

$$\frac{5}{6}:\frac{7}{10}=\frac{5}{6}\times 30:\frac{7}{10}\times 30=5\times 5:7\times 3=25:21$$

(iv) $\frac{13}{40}:\frac{3}{20}$ حل:

$$\frac{13}{40}:\frac{3}{20}=\frac{13}{40}\times 40:\frac{3}{20}\times 40$$

$$=13\times 1:3\times 2=13:6$$

(v) $\frac{2}{3}:\frac{1}{6}$ حل:

$$\frac{2}{3}:\frac{1}{6}=\frac{2}{3}\times 6:\frac{1}{6}\times 6=2\times 2:1\times 1=4:1$$

(vi) $\frac{4}{10} : 20$ حل:

$$\frac{4}{10} : 20 = \frac{4}{10} \times 10 : 20 \times 10 = 4 \times 1 : 20 \times 10$$

$$= 4 : 200 = \frac{4}{4} : \frac{200}{4} = 1 : 50$$

(vii) $\frac{15}{10} : 2$ حل:

$$\frac{15}{10} : 2 = \frac{15}{10} \times 10 : 2 \times 10 = 15 \times 1 : 2 \times 10$$

$$= 15 : 20 = \frac{15}{5} : \frac{20}{5} = 3:4$$

(viii) $\frac{12}{10} : \frac{28}{10}$ حل:

$$\frac{12}{10} : \frac{28}{10} = \frac{12}{10} \times 10 : \frac{28}{10} \times 10 = 12 : 28$$

$$= \frac{12}{4} : \frac{28}{4} = 3 : 7$$

(ix) $\frac{2}{5} : \frac{1}{3}$ حل:

$$\frac{2}{5} : \frac{1}{3} = \frac{2}{5} \times 15 : \frac{1}{3} \times 15 = 2 \times 3 : 1 \times 5 = 6 : 5$$

.3 ایک شہر میں 126 میڈیکل کے طلبہ نے درج ذیل جدول کے مطابق سفر کیا۔

رکشا	ٹیکسی	بس	کار
14	9	75	28

درج ذیل طلبہ کے درمیان جنہوں نے سفر کیا نسبت معلوم کیجیے۔

(i) رکشا سے ٹیکسی سے؟ $= 14 : 9$

(ii) ٹیکسی سے بس سے؟ $= 9 : 75 = \frac{9}{3} : \frac{75}{3} = 3 : 25$

(iii) ٹیکسی سے کار سے؟ $= 9 : 28$

.4 اسکول کی لائبریری میں ریاضی کی 75 کتب، انگلش کی 115 کتب، کیمسٹری کی 85 کتب اور فزکس کی 60 کتب موجود ہیں۔ درج ذیل نسبت معلوم کیجیے۔

(i) ریاضی کی کتب کی تعداد اور انگلش کی کتب کی تعداد میں۔

$$= 75 : 115 = \frac{75}{5} : \frac{115}{5} = 15 : 23$$

(ii) انگلش کی کتب کی تعداد اور کیمسٹری کی کتب کی تعداد میں۔

$= 115 : 85 = \frac{115}{5} : \frac{85}{5} = 23 : 17$

(iii) انگلش کی کتب کی تعداد اور فزکس کی کتب کی تعداد میں۔

$= 115 : 60 = \frac{115}{5} : \frac{60}{5} = 23 : 12$

(iv) فزکس کی کتب کی تعداد اور کیمسٹری کی کتب کی تعداد میں۔

$= 60 : 85 = \frac{60}{5} : \frac{85}{5} = 12 : 17$

(v) فزکس کی کتب کی تعداد اور ریاضی کی کتب کی تعداد میں۔

$= 60 : 75 = \frac{60}{5} : \frac{75}{5} = \frac{12}{3} : \frac{15}{3} = 4 : 5$

(vi) کیمسٹری کی کتب کی تعداد اور ریاضی کی کتب کی تعداد میں۔

$= 85 : 75 = \frac{85}{5} : \frac{75}{5} = 17 : 15$

حل مشق 1.4

.1 ہر 6 روپے کے عوض 72 روپے فی درجن کے درمیان نسبت معلوم کیجیے۔

حل: 72 روپے فی درجن کا مطلب $= \frac{72}{12} = 6$ روپے

اس لیے ہر 6 روپے اور 72 روپے فی درجن کے درمیان وہی نسبت ہے جو کہ ہر 6 روپے اور ہر 6 روپے کے درمیان یعنی:

$6 : 6 = 1 : 1$

.2 160 روپے فی میٹر اور 150 روپے فی میٹر کے درمیان نسبت معلوم کیجیے۔

حل: مطلوبہ نسبت $= 160 : 150 = \frac{160}{10} : \frac{150}{10} = 16 : 15$

.3 72 روپے 24 کے لیے اور ہر ایک کے لیے 4 روپے کے درمیان نسبت معلوم کیجیے۔

حل: مطلوبہ نسبت $= 72 : 24 \times 4 = 72 : 96$

$= \frac{72}{4} : \frac{96}{4}$

$= 18 : 24$

$= 3 : 4$

.4 اگر مربع 'A' کے ضلع کی لمبائی 2 سینٹی میٹر اور مربع 'B' کے ضلع کی لمبائی 6 سینٹی میٹر ہو تو درج ذیل نسبتیں معلوم کیجیے۔

(i) مربع 'A' کے ضلع کی لمبائی اور مربع 'B' کے ضلع کی لمبائی کے درمیان۔

(ii) مربع 'A' کے احاطہ اور مربع 'B' کے احاطہ کے درمیان۔

(iii) مربع 'A' کے رقبہ اور مربع 'B' کے رقبہ کے درمیان۔

مربع A کے ضلع کی لمبائی $= 2cm$

مربع A کا رقبہ $= 2 \times 2 = 4cm$

مربع A کا احاطہ $= 4 \times 2 = 8cm$

مربع B کے ضلع کی لمبائی $= 6cm$

مربع B کا رقبہ $= 6 \times 6 = 36cm^2$

مربع B کا احاطہ $= 4 \times 6 = 24cm$

(i) مربع 'A' کے ضلع کی لمبائی اور مربع 'B' کے ضلع کی لمبائی کے درمیان نسبت۔

$2 : 6 = 1 : 3$

(ii) مربع 'A' کے احاطہ اور مربع 'B' کے احاطہ کے درمیان نسبت۔

$8 : 24 = 1 : 3$

(iii) مربع 'A' کے رقبہ اور مربع 'B' کے رقبہ کے درمیان نسبت۔

$4 : 36 = 1 : 9$

.5 اگر $a : b = 2 : 3$ تو $6a : 2b$ معلوم کیجیے۔

حل: $a : b = 2 : 3$

$$6a : 2b = 6 \times 2 : 2 \times 3 = 12 : 6 = \frac{12}{6} : \frac{6}{6} = 2 : 1$$

.6 ایک مثلث کے اضلاع کی لمبائیاں 3 سینٹی میٹر، 4 سینٹی میٹر اور 6 سینٹی میٹر ہیں۔ مثلث کے اضلاع کی لمبائیوں کے درمیان نسبتیں معلوم کیجیے۔

حل:
مثلث کے پہلے ضلع کی لمبائی $= 3cm$ سینٹی میٹر

مثلث کے دوسرے ضلع کی لمبائی $= 4cm$ سینٹی میٹر

مثلث کے تیسرے ضلع کی لمبائی $= 6cm$ سینٹی میٹر

مثلث کے پہلے اور دوسرے ضلع کی لمبائی کے درمیان نسبت $= 3 : 4$

مثلث کے دوسرے اور تیسرے ضلع کی لمبائی کے درمیان نسبت $= 4 : 6 = 2 : 3$

مثلث کے تیسرے اور پہلے ضلع کے درمیان نسبت $= 6 : 3 = 2 : 1$

.7 ایک مثلث میں دو زاویے 54° اور 72° ہیں۔ تیسرے زاویے کی دیئے گئے دو زاویوں کی مقداروں کے مجموعہ کے درمیان نسبت معلوم کیجیے۔

حل:
مثلث کا پہلا زاویہ $= 54^\circ$

مثلث کا دوسرا زاویہ $= 72^\circ$

مثلث کے پہلے اور دوسرے زاویوں کا مجموعہ $= 54^\circ + 72^\circ = 126^\circ$

مثلث کا تیسرا زاویہ $= 180^\circ - 126^\circ = 54^\circ$

مطلوبہ نسبت $= 54 : 126 = \frac{54}{6} : \frac{126}{6} = \frac{9}{3} : \frac{21}{3} = 3 : 7$

.8 علی کے والد کی ماہانہ تنخواہ 40000 روپے ہے جبکہ اس کے والد کا ماہانہ خرچ 35000 روپے ہے، نسبت معلوم کیجیے۔

حل:

علی کے والد کی ماہانہ تنخواہ $= \text{Rs. } 40,000$

علی کے والد کا ماہانہ خرچ $= \text{Rs. } 35,000$

علی کے والد کی ماہانہ بچت $= 40,000 - 35,000 = Rs.\ 5,000$

(i) آمدنی اور اخراجات میں نسبت:

$40,000 : 35,000$

$= \frac{40,000}{1000} : \frac{35,000}{1000} = \frac{40}{5} : \frac{35}{5} = 8 : 7$

(ii) اخراجات اور بچت میں نسبت:

$35,000 : 5,000$

$= \frac{35000}{1000} : \frac{5000}{1000} = \frac{35}{5} : \frac{5}{5} = 7 : 1$

(iii) آمدنی اور بچت میں نسبت:

$40,000 : 5,000$

$= \frac{40,000}{1000} : \frac{5000}{1000} = \frac{40}{5} : \frac{5}{5} = 8 : 1$

.9 اگر مربع 'A' کے ضلع کی لمبائی 6 سینٹی میٹر اور مربع 'B' کے ضلع کی لمبائی 8 سینٹی میٹر ہو تو درج ذیل میں نسبتیں معلوم کیجیے۔

(i) مربع 'A' کے ضلع کی لمبائی اور مربع 'B' کے ضلع کی لمبائی میں

(ii) مربع 'A' کے رقبہ اور مربع 'B' کے رقبہ کے درمیان

حل:

مربع A کے ضلع کی لمبائی $A = 6\text{cm}$

مربع A کا رقبہ $A = 6 \times 6 = 36\text{cm}^2$

مربع B کے ضلع کی لمبائی $B = 8\text{cm}$

مربع B کا رقبہ $B = 8 \times 8 = 64\text{cm}^2$

(i) مربع 'A' کے ضلع کی لمبائی اور مربع 'B' کے ضلع کی لمبائی میں

$6 : 8 = 3 : 4$

(ii) مربع 'A' کے رقبہ اور مربع 'B' کے رقبہ کے درمیان

$36 : 64 = 9 : 16$

.10 اگر ایک خاندان کے پاس 12 پرندے ہیں جن میں سے 6 طوطے، 2 چڑیاں اور بقیہ کبوتر ہوں تو:

(i) کبوتروں اور چڑیوں کی تعداد میں نسبت معلوم کیجیے۔

(ii) کبوتروں اور پرندوں کی مقدار میں نسبت معلوم کیجیے۔

حل:
کل پرندے $= 12$
طوطوں کی تعداد $= 6$
چڑیوں کی تعداد $= 2$
کبوتروں کی تعداد $= 12 - (6 + 2) = 12 - 8 = 4$

(i) کبوتروں اور چڑیوں کی تعداد میں نسبت:
$4 : 2 = 2 : 1$

(ii) کبوتروں اور پرندوں کی مقدار میں نسبت:
$4 : 12 = 1 : 3$

Proportion تناسب

دو نسبتوں کے درمیان برابری تناسب کہلاتی ہے۔ تناسب کے لیے علامت "::" یا "=" ہے۔

Extremes and Means طرفین اور وسطین

اگر $a : b = c : d$ یا $a : b :: c : d$ تناسب ہے جب ہم اسے اس طرح پڑھتے ہیں۔
a سے b کو نسبت وہی ہے جو کہ c کو d سے۔
a, b, c اور d تناسب کی رقوم کہلاتی ہے۔
پہلی اور آخری رقم یعنی a اور b کو طرفین (extremes) کہتے ہیں۔
دوسری اور تیسری رقم یعنی b اور c کو وسطین (mean) کہتے ہیں۔

طرفین
$a : b :: c : d$
وسطین

$ad = bc$

نوٹ: طرفین کا حاصل ضرب برابر ہوتا ہے وسطین کے حاصل ضرب کے

مثال: تناسب $x : 3 :: 60 : 15$ میں x کی قیمت معلوم کیجیے۔

حل: تناسب $x : 3 :: 60 : 15$ میں:
$a = x, b = 3, c = 60$ اور $d = 15$
طرفین کا حاصل ضرب $= ad$
$= x \times 15 = 15x$
وسطین کا حاصل ضرب $= cd$
$= 3 \times 60 = 180$
وسطین کا حاصل ضرب = طرفین کا حاصل ضرب
$15x = 180$

$$x = \frac{180}{15} = 12$$

پس $x = 12$

تناسب (راست اور معکوس)

تناسب راست Direct Proportion

دونسبتوں کے درمیان تعلق جس میں ایک مقدار میں اضافہ دوسری مقدار میں اسی تناسب سے اضافہ کا باعث بنے یا ایک مقدار میں کمی دوسری مقدار میں اسی تناسب میں کمی کا باعث بنے "راست تناسب" کہلاتی ہے۔

تناسب معکوس Inverse proportion

دونسبتوں کے درمیان تعلق جس میں ایک مقدار میں اضافہ دوسری مقدار میں کمی کا باعث بنے یا ایک مقدار میں کمی اسی تناسب سے دوسری مقدار میں اضافہ کا باعث بنے "تناسب معکوس" کہلاتا ہے۔

مثال: 20 قلم 2000 روپے کے ہوں تو ایسے 40 قلم کی کیا قیمت ہوگی؟

حل: فرض کیا 40 قلم کی قیمت x روپے ہے۔ تب:

قلم	قیمت
20	2000
40	x

اس لیے

$$20 : 40 :: 2000 : x$$

$$\frac{20}{40} = \frac{2000}{x}$$

$$\frac{1}{2} = \frac{2000}{x}$$

$$x \times 1 = 2 \times 2000$$

$$x = 4000$$

پس 40 قلم کی قیمت 4000 روپے ہوگی۔

مرکب تناسب Compound Proportion

دو یا دو سے زیادہ تناسبوں کے درمیان تعلق کو مرکب تناسب کہتے ہیں۔

مثال: اگر 4 افراد کے ایک خاندان کے لیے 40 دن کے لیے 4000 روپے کافی ہوں تو 5 افراد کے خاندان کے لیے 15000 روپے کتنے دنوں کے لیے کافی ہوں گے؟

حل: فرض کیجیے مطلوبہ دنوں کی تعداد x ہے۔
دی گئی مقداروں کو جدول میں رکھنے سے:

روپے	افراد کی تعداد	دن
4000	4	40
15,000	5	x

چونکہ دنوں کی تعداد مطلوب ہے لہٰذا ہم جدول کے آخری کالم کا پہلے دو کالموں سے موازنہ کریں گے۔

اگر روپوں کی تعداد بڑھتی ہے تب دنوں کی تعداد بھی بڑھتی ہے۔
(تناسب راست)

اگر افراد کی تعداد بڑھتی ہے تو دنوں کی تعداد کم ہو جاتی ہے۔
(تناسب معکوس)

روپے	افراد کی تعداد	دن
↑ 4000	4	↑ 40
15,000	↓ 5	x

تیر کے نشان کو استعمال کرتے ہوئے ہمارے پاس:

$$\frac{x}{40} = \frac{4}{5} \times \frac{15000}{4000}$$

$$\Rightarrow x = \frac{4}{5} \times \frac{15000}{4000} \times 40$$

$$\Rightarrow x = 120 \text{ دن}$$

پس 15000 روپے 120 دن کے لیے کافی ہوں گے۔

حل مشق 1.5

.1 x : 8 :: 50 : 20 کے تناسب میں x کی قیمت معلوم کیجیے۔

حل:

$$20 : 50 :: 8 : x$$

$$\frac{20}{50} = \frac{8}{x}$$

$$20 \times x = 50 \times 8$$

$$x = \frac{50 \times 8}{20} = 20$$

.2 اگر کپڑے کے 15 جوڑوں کی قیمت 6750 روپے ہو تو 4050 روپوں میں کتنے جوڑے خریدے جا سکتے ہیں؟

حل: فرض کیا مطلوبہ جوڑوں کی تعداد 'x' ہے۔

سوٹ	قیمت	
15 ↑	6750 ↑	(تناسب راست)
x	4050	

$x : 15 :: 4050 : 6750$

یا $x : 15 = 4050 : 6750$

$$\frac{x}{15} = \frac{4050}{6750}$$

$$x = \frac{4050 \times 15}{6750} = 9 \text{ سوٹ}$$

3. اگر ایک موٹر سائیکل 2 لٹر پٹرول میں 90 کلو میٹر فاصلہ طے کرے تو 225 کلو میٹر فاصلہ طے کرنے کے لیے کتنا پٹرول درکار ہوگا؟

حل: فرض کیا مطلوبہ پٹرول کی مقدار 'x' ہے۔

فاصلہ	پٹرول لٹر	
90 ↓	2 ↓	(تناسب راست)
225	x	

$90 : 225 :: 2 : x$

یا $90 : 225 = 2 : x$

$$\frac{90}{225} = \frac{2}{x}$$

$$90 \times x = 225 \times 2$$

$$x = \frac{450}{90} = 5 \text{ لٹر}$$

4. ایک گاڑی کو ایک خاص سفر کے لیے 45 کلو میٹر فی گھنٹہ کے حساب سے 5 گھنٹے درکار ہیں، تین گھنٹوں میں اسی سفر کو مکمل کرنے کے لیے گاڑی کی رفتار کیا ہوگی؟

حل: فرض کیا کہ مطلوبہ ٹرین کی رفتار 'x' ہے۔

گھنٹے	رفتار	
5 ↓	45 ↑	(تناسب معکوس)
3	x	

$5 : 3 :: x : 45$

یا $5 : 3 = x : 45$

$$\frac{5}{3} = \frac{x}{45}$$

$$3 \times x = 5 \times 45$$

$$x = \frac{5 \times 45}{3} = 5 \times 15 = 75 \text{ کلومیٹر فی گھنٹہ}$$

5. 6 آدمی ایک گھر کو چار دنوں میں رنگ کر سکتے ہیں۔ اگر تین آدمیوں کو رکھا جائے تو وہ کتنے عرصہ میں گھر کو رنگ کریں گے؟

حل: فرض کیا مطلوبہ دنوں کی تعداد 'x' ہے۔

آدمی	دن	
6 ↓	4 ↑	(تناسب معکوس)
3	x	

$$6 : 3 :: x : 4$$

یا $6 : 3 = x : 4$

$$\frac{6}{3} = \frac{x}{4}$$

$$3 \times x = 4 \times 6$$

$$x = \frac{4 \times 6}{3} = 4 \times 2 = 8$$ دن

6. ایک فیجر 25 آدمیوں کی مدد سے چار گھنٹے روزانہ کی بنیاد پر 100 بائیسکل بنانے کا منصوبہ بناتا ہے۔ اگر تین گھنٹے روزانہ کام کیا جائے تو 40 آدمی کتنے بائیسکل بنائیں گے؟

حل: فرض کیا مطلوبہ بائیسکلوں کی تعداد 'x' ہے۔

بائیسکل	آدمی	گھنٹے
↑ 100	↑ 25	↑ 4
x	40	3

$$\frac{x}{100} = \frac{40}{25} \times \frac{3}{4}$$

$$x = \frac{40}{25} \times \frac{3}{4} \times 100 = 40 \times 3 = 120$$ بائیسکل

7. 20 مشینوں کی مدد سے ایک فیکٹری میں 7 دنوں میں 560 پنکھے بنتے ہیں۔ 18 مشینوں کی مدد سے 12 دنوں میں کتنے پنکھے بن سکیں گے؟

حل: فرض کیا مطلوبہ پنکھوں کی تعداد 'x' ہے۔

پنکھے	دن	مشینیں
↑ 560	↑ 7	↑ 20
x	12	18

$$\frac{x}{560} = \frac{12}{7} \times \frac{18}{20}$$

$$x = \frac{12}{7} \times \frac{18}{20} \times 560 = 12 \times 18 \times 4 = 864$$ پنکھے

8. ایک فیکٹری میں 20 مشینوں پر 9 دنوں میں 600 سوٹ تیار ہوتے ہیں۔ 18 مشینوں کی مدد سے 12 دنوں میں کتنے سوٹ تیار ہوں گے؟

حل: فرض کیا مطلوبہ سوٹوں کی تعداد 'x' ہے۔

مشینیں	دن	سوٹ
20	9	600
18	12	x

$$\frac{x}{600} = \frac{12}{9} \times \frac{18}{20}$$

$$x = \frac{12}{9} \times \frac{18}{20} \times 600 = 12 \times 2 \times 30 = 720$$ سوٹ

.9 اگر ایک ہاسٹل میں 12 آدمیوں کا 28 دن رہنے کا خرچہ 6720 روپے ہو تو 8 آدمیوں کا 14 دن رہنے کے لیے کتنا خرچ آئے گا؟

حل: فرض کیا مطلوبہ خرچ کی تعداد 'x' ہے۔

خرچ	دن	آدمی
6720	28	12
x	14	8

$$\frac{x}{6720} = \frac{14}{28} \times \frac{8}{12}$$

$$x = \frac{14}{28} \times \frac{8}{12} \times 6720 = 14 \times 8 \times 20 = 2240$$ روپے

.10 اگر ایک ہوٹل میں 14 آدمیوں کا 8 دن رہنے کے لیے 22400 روپے خرچ آتا ہو تو 7 آدمیوں کا 13 دن کے لیے کتنا خرچ آئے گا؟

حل: فرض کیا مطلوبہ خرچ 'x' ہے۔

خرچ	دن	آدمی
22400	8	14
x	13	7

$$\frac{x}{22400} = \frac{13}{8} \times \frac{7}{14}$$

$$x = \frac{13}{8} \times \frac{7}{14} \times 22400 = 13 \times 7 \times 200 = 18200$$ روپے

.11 14 گائے 63 کلوگرام چارا 18 دن میں کھاتی ہیں۔ 28 دن میں 770 کلوگرام چارا کتنی گائیں کھائیں گی؟

حل: فرض کیا مطلوبہ گائیں 'x' ہیں۔

دن	چارا (کلوگرام)	گائیں
18	63	14
28	770	x

$$\frac{x}{14} = \frac{770}{63} \times \frac{18}{28}$$

$$x = \frac{770}{63} \times \frac{18}{28} \times 14 = 110$$ گائیں

12. 15 کاریگر 8 گھنٹے روزانہ کام کرتے ہوئے 3000 بوتل جوس ایک دن میں تیار کرتے ہیں۔ 18 کاریگر 6 گھنٹے روزانہ کی بنیاد پر روزانہ جوس کی کتنی بوتلیں تیار کریں گے؟

حل: فرض کیا مطلوبہ جوس کی بوتلیں کی تعداد 'x' ہے۔

بوتلیں	کاریگر	گھنٹے
↑ 3000	↑ 15	↑ 8
x	18	6

$$\frac{x}{3000}=\frac{18}{15}\times\frac{6}{8}$$

$$x=\frac{18}{15}\times\frac{6}{8}\times 3000 = 18\times 6\times 25=2700$$ بوتلیں

حل جائزہ مشق 1

1. صحیح جواب کے گرد دائرہ لگائیے۔

(i) 20% کا $600 = ?$:

(a) 12 (b) 120 (c) 20 (d) 200

(ii) 70% کی کسری شکل:

(a) 7 (b) $\frac{7}{10}$ (c) $\frac{10}{7}$ (d) 7

(iii) $\frac{7}{20}$ فی صد کی شکل میں:

(a) 35 % (b) 35 (c) 20 (d) 20 %

(iv) $\frac{1}{3}$ فی صد کی شکل میں:

(a) 3 % (b) 1 % (c) 33 % (d) $33\frac{1}{3}\%$

(v) $0.13 = ?$ فی صد کی شکل میں:

(a) 13 (b) 30 (c) 13% (d) 10%

(vi) $a : b = ?$ کی نسبت میں "a" کو کیا کہتے ہیں؟

(a) انتہائی (b) اینٹی سی ڈینٹ (c) کانسی کوئنٹ (d) درمیان

(vii) $a : b = ?$ کی نسبت میں "b" کو کیا کہتے ہیں؟

(a) انتہائی (b) اینٹی سی ڈینٹ (c) درمیان (d) کانسی کوئنٹ

(viii) $a : b :: c : d = ?$ کی تناسب میں "a" اور "d" کو کیا کہتے ہیں؟

(a) طرفین (b) وسطین (c) اینٹی سی ڈینٹ (d) کانسی کوئنٹ

(ix) $a : b :: c : d = ?$ کی تناسب میں "b" اور "c" کو کیا کہتے ہیں؟

(a) وسطین (b) طرفین (c) کانسی کوئنٹ (d) اینٹی سی ڈینٹ

(x) 75 : 95 کی آسان شکل کیا ہے؟

(a) 15:17 (b) 15:19 (c) 19:15 (d) 17:15

جوابات:

(i) b (ii) b (iii) a (iv) d (v) c

(vi) b (vii) d (viii) a (ix) a (x) b

.2 خالی جگہ پر کیجیے۔

(i) 1500 کا 30% = ________

(ii) 15% کی کسری شکل = ________

(iii) $\frac{7}{25}$ فی صد کی شکل میں = ________

(iv) $\frac{2}{3}$ فی صد کی شکل میں = ________

(v) 0.29 فی صد کی شکل میں = ________

(vi) a:b کی نسبت میں "a" = ________

(vii) a:b کی نسبت میں "b" = ________

(viii) a:b::c:d کی تناسب میں a اور d = ________

(ix) a:b::c:d کی تناسب میں طرفین کا ضرب = ________

(x) $\frac{2}{3}:\frac{3}{5}$ کی آسان شکل = ________

جوابات:

(i) 450 (ii) $\frac{3}{20}$ (iii) 28% (iv) 67% (v) 29%

(vi) اینٹی سی ڈینٹ (vii) کانسی کوئنٹ (viii) طرفین (ix) وسطین کا ضرب (x) 10 : 9

.3 ایک ریل گاڑی میں 800 مسافر سوار ہو سکتے ہیں۔ اگر 55% مسافر مرد اور 15% بچے ہوں تو عورتیں کتنی فی صد ہوں گی؟

حل:

فی صد مسافر مرد $= 55\%$

فی صد مسافر بچے $= 15\%$

فی صد مسافر عورتیں $= 100\% - (55\% + 15\%)$

$= 100\% - 70\%$

$= 30\%$

.4 عظیم اپنی آمدنی کا 25% کرایہ مکان پر خرچ کرتا ہے جبکہ بقیہ رقم کا 60% گھریلو اخراجات پر، اگر اس کی بچت 2100 روپے ہو تو اس کی کل آمدنی بتایئے؟

حل:

فرض کیا کل آمدنی $= x$

عظیم کا کرایہ مکان پر خرچ = 25% کا $x = 0.25x$

بقیہ آمدنی $= 100\% - 25\% = 75\%$

عظیم کی بقیہ آمدنی میں سے گھریلو اخراجات پر خرچ = 75% کا 60% کا x

$= 75\% \times 60\% x$

$= 0.75 \times 0.60x = 0.45\,x$

عظیم کی بچت = 2100 روپے

دی گئی شرط کے مطابق

$$x = 0.25x + 0.45x + 2100$$
$$x = 0.70x + 2100$$
$$x - 0.70x = 2100$$
$$(1 - 0.70)x = 2100$$
$$0.30x = 2100$$
$$x = \frac{2100}{0.30} = 7000$$ روپے

5. ایک سکول میں 220 طلبہ کے لیے کرسیاں، 110 طلبہ کے لیے میزیں، 50 کرسیاں سٹاف کے لیے اور 30 میزیں سٹاف کے لیے ہوں تو درج ذیل میں نسبت معلوم کیجیے۔

(i) طلبہ کی کرسیوں اور طلبہ کی میزوں کی تعداد کے درمیان:
(ii) طلبہ کی کرسیوں اور سٹاف کی کرسیوں کی تعداد کے درمیان:
(iii) طلبہ کی میزوں اور سٹاف کی میزوں کی تعداد کے درمیان:

حل:

طلبہ کے لیے کرسیوں کی تعداد $= 220$
طلبہ کے لیے میزوں کی تعداد $= 110$
سٹاف کے لیے کرسیوں کی تعداد $= 50$
سٹاف کے لیے میزوں کی تعداد $= 30$

(i) طلبہ کی کرسیوں اور طلبہ کی میزوں کی تعداد کے درمیان نسبت:

$$220:110 = \frac{220}{110} : \frac{110}{110} = 2:1$$

(ii) طلبہ کی کرسیوں اور سٹاف کی کرسیوں کی تعداد کے درمیان نسبت:

$$220:50 = \frac{220}{10} : \frac{50}{10} = 22:5$$

(iii) طلبہ کی میزوں اور سٹاف کی میزوں کی تعداد کے درمیان نسبت:

$$110:30 = \frac{110}{10} : \frac{30}{10} = 11:3$$

6. ایک مثلث میں دو زاویے 48° اور 60° ہوں تو تیسرے زاویے کی پہلے دو زاویوں کے مجموعہ کے درمیان نسبت معلوم کیجیے۔

پہلا زاویہ $= 48^\circ$
دوسرا زاویہ $= 60^\circ$
زاویوں کا مجموعہ $= 48^\circ + 60^\circ = 108^\circ$
تیسرا زاویہ $= 180^\circ - 108^\circ = 72^\circ$
مطلوبہ نسبت $= 72 : 108$

$$= \frac{72}{6} : \frac{108}{6}$$

$$= \frac{12}{6} : \frac{18}{6}$$

$$= 2 : 3$$

.7 8 لوگ ایک کام کو 24 دنوں میں کرتے ہیں اگر 4 مزید لوگ شامل ہو جائیں تو وہی کام کتنے دنوں میں مکمل ہوگا؟

حل: فرض کیا کہ مطلوبہ وقت 'x' ہے۔

آدمی	وقت (دن)
8 ↑	24 ↓
12	x

$$12 : 8 :: 24 : x$$

یا $$12 : 8 = 24 : x$$

$$\frac{12}{8} = \frac{24}{x}$$

$$x \times 12 = 24 \times 8$$

$$x = \frac{24 \times 8}{12} = 2 \times 8 = 16$$ دن

.8 ایک ہاسٹل میں 18 طلبہ کا 36 دن رہنے کا خرچہ 58320 روپے ہے۔ 9 طلبہ کا 12 دن ہاسٹل میں رہنے کا خرچ معلوم کیجیے۔

حل: فرض کیا کہ مطلوبہ خرچ 'x' ہے۔

طلبہ	دن	خرچ
↑ 18	↑ 36	↑ 58320
9	12	x

$$\frac{x}{58320} = \frac{12}{36} \times \frac{9}{18}$$

$$x = \frac{12}{36} \times \frac{9}{18} \times 58320$$

$$= 12 \times 9 \times 90$$

$$= 9720$$ روپے

خلاصہ

☆ فی صد کا مطلب "سو میں سے" ہے

☆ دو ایک جیسی چیزوں کے درمیان موازنہ کو نسبت کہتے ہیں۔

☆ a : b میں "a" کو اینٹی سی ڈینٹ کہتے ہیں۔

- ☆ a : b میں "b" کو کانسی کوئنٹ کہتے ہیں۔
- ☆ دو نسبتوں کی برابری کو تناسب کہتے ہیں۔
- ☆ a : b :: c : d میں "a" اور "b" کو طرفین اور "c" اور "d" کو وسطین کہتے ہیں۔
- ☆ دو نسبتوں کے تعلق میں اگر ایک کی مقدار میں اضافہ دوسری کی مقدار میں اسی تناسب میں اضافہ کا باعث ہو تو اسے تناسب راست کہتے ہیں۔
- ☆ دو نسبتوں کے تعلق میں اگر ایک کی مقدار میں اضافہ دوسرے کی مقدار میں کمی یا ایک کی مقدار میں کمی دوسرے کی مقدار میں اضافہ کا باعث ہو تو اسے ہم تناسب معکوس کہتے ہیں۔
- ☆ دو یا دو سے زیادہ تناسبوں کے درمیان تعلق کو "مرکب تناسب" کہتے ہیں۔

معروضی سوالات

❋ درست جواب پر (✔) کا نشان لگائیں۔

1- لفظ پرسنٹ (Percent) لفظ پرسنٹم کی مختصر شکل ہے۔

(a) لاطینی (b) انگریزی (c) یونانی (d) اردو

2- فی صد کا مطلب ہے۔

(a) دس میں سے (b) پچاس میں سے (c) سو میں سے (d) ہزار میں سے

3- 40 % کا مطلب 100 میں سے ہے۔

(a) 4 (b) 14 (c) 40 (d) 140

4- $\frac{75}{100}$ کا مطلب ہے۔

(a) 100 میں سے 10 (b) 100 میں سے 15 (c) 100 میں سے 25 (d) 100 میں سے 75

5- $\frac{65}{100}$ کو فی صد میں لکھتے ہیں۔

(a) 6.5 % (b) 0. 65 % (c) 0.67% (d) 65 %

6- 60 % کو بطور کسر آسان ترین شکل میں لکھیں گے۔

(a) $\frac{6}{100}$ (b) $\frac{60}{100}$ (c) $\frac{3}{5}$ $\frac{0.60}{100}$

7- $12\frac{1}{2}\%$ کی بطور کسر آسان ترین شکل ہے۔

(a) $\frac{1}{6}$ (b) $\frac{1}{7}$ (c) $\frac{1}{8}$ (d) $\frac{1}{9}$

8- $35\frac{1}{2}\%$ کی بطور کسر آسان ترین شکل ہے۔

(a) $\frac{71}{50}$ (b) $\frac{71}{100}$ (c) $\frac{71}{150}$ (d) $\frac{71}{200}$

-9 $\frac{1}{50}$ فی صد کی شکل میں ہے۔

(a) 2 % (b) 4 % (c) 0.2 % (d) 0.4 %

-10 $27\frac{1}{3}\%$ اعشاریہ کی صورت میں ہوگا۔

(a) 0. 372 (b) 0. 273 (c) 0. 237 (d) 0. 732

-11 $\frac{60}{75} \times 100\%$ برابر ہے۔

(a) 80 % (b) 70 % (c) 65 % (d) 60 %

-12 $\frac{72}{50} \times 100\%$ برابر ہے۔

(a) 144 % (b) 96 % (c) 79 % (d) 86 %

-13 $0.8 \times 100\%$ برابر ہے۔

(a) 8 % (b) 18 % (c) 80 % (d) 38 %

-14 $2.28 \times 100\%$ برابر ہے۔

(a) 22. 8 % (b) 2.28 % (c) 228 % (d) 0.228 %

-15 اگر ایک سکول میں کل طلبہ کا $\frac{4}{5}$ چھٹی پر ہوں تو سکول میں کتنے فیصد طلبہ چھٹی پر تھے؟

(a) 65 (b) 70 (c) 75 (d) 80

-16 اگر ایک سکول کے طلبہ میں سے 45% لڑکیاں ہوں تو لڑکوں کی تعداد فی صد ہوگی۔

(a) 50 % (b) 53 % (c) 55 % (d) 58 %

-17 اگر 82% گھروں میں ٹیلی وژن ہوں تو کتنے فی صد گھروں میں ٹیلی وژن نہیں ہوگا؟

(a) 18 % (b) 20 % (c) 22 % (d) 28 %

-18 اگر کسی کتاب کا 84% حصہ 420 صفحات پر مشتمل ہو تو کتاب میں کل کتنے صفحے ہوں گے؟

(a) 500 (b) 600 (c) 650 (d) 700

-19 نسبت کو ظاہر کرتے ہیں۔

(a) :: (b) : (c) ∵ (d) ∴

-20 1 میٹر برابر ہے۔

(a) 10 سم (b) 100 سم (c) 0.10 سم (d) 1000 سم

-21 18 : 36 کی آسان ترین شکل ہے۔

(a) 3 : 2 (b) 2 : 1 (c) 1 : 2 (d) 1 : 3

-22 انٹی سی ڈینٹ کا مطلب ہے نسبت کی رقوم میں:

(a) پہلا آنے والا (b) درمیان میں آنے والا (c) بعد میں آنے والا (d) آخر میں آنے والا

-23   7 : 6 میں انٹی سی ڈینٹ ہے۔

(a) 3   (b) 6   (c) 7   (d) 2

-24   5 : 8 میں کانسی کوئنٹ ہے۔

(a) 4   (b) 8   (c) 5   (d) 6

-25 $\frac{4}{10}:20$ کی آسان ترین شکل ہے۔

(a) 2 : 15   (b) 2 : 51   (c) 1 : 50   (d) 1 : 48

-26 $\frac{2}{5}:\frac{1}{3}$ کی آسان ترین شکل ہے۔

(a) 15 : 2   (b) 15 : 8   (c) 6 : 5   (d) 13 : 6

-27   (چوڑائی+لمبائی) × 2 برابر ہے۔

(a) مربع کا احاطہ   (b) مستطیل کا احاطہ   (c) مستطیل کا رقبہ   (d) مربع کا رقبہ

-28   اگر a : b = 2:3 ہو تو 6a : 5b برابر ہوگا۔

(a) 4 : 5   (b) 2 : 3   (c) 3 : 2   (d) 5 : 4

-29   160 روپے فی میٹر اور 150 روپے فی میٹر کے درمیان نسبت ہوگی۔

(a) 16 : 17   (b) 15 : 16   (c) 16 : 15   (d) 14 : 15

-30   دو نسبتوں کے درمیان برابری کہلاتی ہے۔

(a) نسبت   (b) فی صد   (c) طرفین   (d) تناسب

-31   a,b,c اور d تناسب کی کہلاتی ہیں۔

(a) رقوم   (b) نسبتیں   (c) اطراف   (d) علامات

-32   a : b = c :d میں 'b' اور 'c' کو کہتے ہیں۔

(a) طرفین   (b) رقوم   (c) مقداریں   (d) وسطین

-33   اگر x : 3 = 60 : 15 ہو تو x کی قیمت ہوگی۔

(a) 10   (b) 12   (c) 15   (d) 18

-34   دو یا دو سے زیادہ تناسبوں کے درمیان تعلق کو کہتے ہیں۔

(a) تناسب معکوس   (b) تناسب مسلسل   (c) تناسب مرکب   (d) تناسب راست

-35   6 آدمی ایک گھر کو 4 دنوں میں رنگ کرتے ہوں تو 3 آدمی کتنے دنوں میں گھر کو رنگ کریں گے؟

(a) 5 دن   (b) 6 دن   (c) 7 دن   (d) 8 دن

-36 $\frac{2}{3}:\frac{2}{5}$ کی آسان ترین شکل ہوگی۔

(a) 5 : 3   (b) 9 : 10   (c) 10 : 9   (d) 10 : 5

-37   a : b = c : d کی تناسب میں طرفین کا حاصل ضرب برابر ہوگا۔

(a) ad   (b) bc   (c) cd   (d) ad

38- a : b کی نسبت میں 'b' ہوگا۔

(a) کانسی کوئنٹ (b) اینٹی سی ڈینٹ (c) وسطین (d) طرفین

39- 0.69 فی صد کی شکل میں ہوگا۔

(a) 6.9 % (b) 69 % (c) 690 % (d) 0.69 %

40- $\frac{7}{25}$ فی صد کی شکل میں ہوگا۔

(a) 24 % (b) 26 % (c) 28 % (d) 30 %

جوابات:

-1	لاطینی	-2	سو میں سے	-3	40	-4	100 میں سے 75
-5	65 %	-6	$\frac{3}{5}$	-7	$\frac{1}{8}$	-8	$\frac{71}{200}$
-9	2 %	-10	0.273	-11	80 %	-12	144%
-13	80 %	-14	228 %	-15	80	-16	55 %
-17	18 %	-18	500	-19	:	-20	100 سم
-21	2 : 1	-22	پہلا آنے والا	-23	6	-24	5
-25	1 : 50	-26	6 : 5	-27	مستطیل کا احاطہ	-28	4 : 5
-29	16 : 15	-30	تناسب	-31	رقوم	-32	وسطین
-33	12	-34	تناسب مرکب	-35	8 دن	-36	5 : 3
-37	ad	-38	کانسی کوئنٹ	-39	69 %	-40	28 %

❀ **مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

-1 فی صد سے کیا مراد ہے؟

جواب: فی صد عربی زبان کا لفظ ہے۔ جس کا مطلب "سو میں سے" یا "سو پر" ہے۔ فی صد کے لیے علامت "%" استعمال ہوتی ہے۔

-2 $22\frac{1}{2}\%$ کو بطور کسر آسان شکل میں واضح کریں۔

حل:

$$22\frac{1}{2}\% = \frac{45}{2}\% = \frac{45}{2} \times \frac{1}{100}$$

$$= \frac{9}{2} \times \frac{1}{20} = \frac{9}{40}$$

-3 $\frac{7}{20}$ کو فی صد میں تبدیل کریں۔

حل:

$$\frac{7}{20} = \frac{7}{20} \times 100\% = 7 \times 5\% = 35\%$$

-4 $27\frac{1}{3}\%$ کو اعشاریہ میں تبدیل کیجئے۔

حل:

$$27\frac{1}{3}\% = \frac{82}{3} \times \frac{1}{100} = \frac{27.3}{100}$$

$$= \frac{273}{10\times100} = \frac{273}{1000}$$
$$= 0.273$$

-5 سطح زمین پر کتنے فی صد پانی ہے؟

جواب: سطح زمین پر 71% پانی ہے۔

-6 سطح زمین پر کتنے فی صد خشکی ہے؟

جواب: سطح زمین پر 29% خشکی ہے۔

-7 1.26 کو فی صد کی شکل میں واضح کریں۔

حل:
$$1.26 = 1.26\times100\% = \frac{126}{100}\times100\%$$
$$= 126\%$$

-8 87.5 % کو کسر کی آسان شکل میں واضح کریں۔

حل:
$$87.5\% = 87.5\times\frac{1}{100} = \frac{875}{10}\times\frac{1}{100}$$
$$= \frac{875}{1000} = \frac{7}{8}$$

-9 $42\frac{1}{2}\%$ کو کسر کی آسان شکل میں واضح کریں۔

حل:
$$42\frac{1}{2}\% = 42\frac{1}{2}\times\frac{1}{100} = \frac{85}{2}\times\frac{1}{100}$$
$$= 42.5\times\frac{1}{100} = \frac{425}{10}\times\frac{1}{100}$$
$$= \frac{425}{1000} = \frac{17}{40}$$

-10 $\frac{21}{40}$ کو فی صد کی شکل میں لکھیں اور جواب ایک درجہ اعشاریہ تک لکھیے۔

حل:
$$\frac{21}{40} = \frac{21}{40}\times100\% = \frac{2100}{40}\%$$
$$= \frac{210}{4}\% = \frac{105}{2}\%$$
$$= 52.5\%$$

-11 $58\frac{1}{3}\%$ کو اعشاریہ میں تبدیل کریں اور جواب تین درجہ اعشاریہ تک لکھیں۔

حل:
$$58\frac{1}{3}\% = \frac{175}{3}\% = \frac{175}{3}\times\frac{1}{100}$$

$$= \frac{175}{300}\% = \frac{7}{12} = 0.583$$

-12 2.64 کو فی صد میں تبدیل کریں۔

حل:

$$2.64 = 2.64\times100\,\% = \frac{264}{100}\times100\%$$
$$= 264\,\%$$

-13 0.065 کو فی صد میں تحویل کریں۔

حل:

$$0.065 = 0.065\times100\,\% = \frac{65}{1000}\times100\%$$
$$= 6.5\,\%$$

-14 اگر ایک اسکول میں کل طلبہ کا $\frac{4}{5}$ چھٹی پر ہوں تو ہر سو میں کتنے طلبہ چھٹی پر تھے؟

حل:

ہر سکول میں چھٹی پر طلبہ کی تعداد $= \frac{4}{5}\times100$

$$= 4\times 20 = 80$$

-15 اگر 82 % گھروں میں ٹیلی وژن ہوں تو کتنے فی صد گھروں میں ٹیلی وژن نہیں ہوگا؟

حل:

جتنے فی صد گھروں میں ٹیلی وژن ہیں۔ $= 82\,\%$

جتنے فی صد گھروں میں ٹیلی وژن نہیں ہیں۔ $= 100\,\% - 82\,\% = 18\%$

-16 ایک ترکھان کی ایک میز بنانے پر 720 روپے لاگت آئی۔ اگر اس نے یہ میز 920 روپے میں بیچی ہو تو اس کا منافع فیصد میں بتایئے۔

حل:

کل لاگت = 720 روپے

قیمت فروخت = 920 روپے

منافع = 920 - 720 = 200 روپے

منافع فی صد = $\frac{\text{نفع}}{\text{کل لاگت}}\times100$

$$= \frac{200}{720}\times100 = 27.78\%$$

-17 اگر کسی کتاب کا 84 % حصہ 420 صفحات پر مشتمل ہو تو کتاب میں کل کتنے صفحات ہوں گے؟

حل:

کتاب کے 84 % حصہ پر مشتمل صفحات = 420

کل صفحات = $\frac{420}{84\%} = \frac{420}{84\times\frac{1}{100}}$

$= \frac{420}{84}\times100 =$ 500 صفحات

-18 نسبت سے کیا مراد ہے؟

جواب: ایک جیسی اکائیوں والی ایک جیسی مقداروں کے موازنہ کو نسبت کہتے ہیں۔

-19 دو مقداروں کی نسبت کو کیسے ظاہر کرتے ہیں۔

جواب: اگر 'a' اور 'b' دو مقداریں ہوں جبکہ 'b' غیر صفر ہو تو 'a' کی 'b' سے نسبت کو a : b اور کسر کی شکل میں $\frac{a}{b}$ لکھتے ہیں۔

-20 نسبت 12 : 8 کو آسان ترین شکل میں لکھیے۔

حل:

$$8 : 12 = \frac{8}{4} : \frac{12}{4}$$
$$= 2 : 3$$

-21 انٹی سی ڈینٹ سے کیا مراد ہے؟

جواب: نسبت a : b میں "a" کو انٹی سی ڈینٹ (پہلا آنے والا) کہتے ہیں۔

-22 کانسی کوینٹ سے کیا مراد ہے؟

جواب: نسبت a : b میں "b" کو کانسی کوینٹ (بعد میں آنے والا) کہتے ہیں۔

-23 ایک طالب علم 70 روپے روزانہ خرچ کرتا ہے لیکن اتوار کو وہ صرف 20 روپے خرچ کرتا ہے۔ اتوار اور ہر روز خرچ کیے گئے روپوں کی تعداد میں نسبت معلوم کیجیے۔

حل:

مطلوبہ نسبت $= 20 : 70 = \frac{20}{10} : \frac{70}{10}$

$= 2 : 7$

-24 40 کتب کی نسبت میں 4 : 5 کا اضافہ کیا جائے تو اضافہ کی گئی کتب کی تعداد کیا ہوگی؟

حل:

اضافہ کی گئی کتب کی تعداد $= 40$

دی گئی نسبت $= 5 : 4 = \frac{5}{4}$

کتب کی تعداد میں اضافہ $= 40 \times \frac{5}{4} = 10 \times 5 = 50$

-25 کس نسبت میں 60 مربع میٹر کو 24 مربع میٹر کم کیا جا سکتا ہے؟

حل:

مطلوبہ نسبت = پرانی مقدار : نئی مقدار

$= 24 : 60 = \frac{24}{12} : \frac{60}{12}$

$= 2 : 5$

-26 $\frac{5}{6} : \frac{7}{10}$ کو آسان شکل میں لکھیے۔

حل:

$$\frac{5}{6} : \frac{7}{10} = \frac{5}{6} \times 30 : \frac{7}{10} \times 30$$
$$= 5 \times 5 : 7 \times 3$$
$$= 25 : 21$$

-27 ایک سکول میں 1029 طلبہ ہیں۔ جن میں سے 504 لڑکیاں ہیں۔ لڑکے اور لڑکیوں کی تعداد کے درمیان کیا نسبت ہوگی؟

حل:

طلبہ کی کل تعداد $= 1029$

لڑکیوں کی تعداد $= 1029 - 504 = 525$

مطلوبہ نسبت $= 525 : 504 = 25 : 24$

-28 اگر $a : b = 2 : 3$ تو $6a : 5b$ معلوم کیجئے۔

حل:

یعنی $a : b = 2 : 3$ $\quad a = 2, b = 3$

$$6a : 5b = 6(2) : 5(3)$$
$$= 12 : 15$$
$$= \frac{12}{3} : \frac{15}{3}$$
$$= 4 : 5$$

-29 ہر 6 روپے کے عوض 72 روپے فی درجن کے درمیان نسبت معلوم کیجئے۔

حل: 72 روپے فی درجن کا مطلب $= \frac{72}{12} = 6$ روپے

اس لیے ہر 6 روپے اور 72 روپے فی درجن کے درمیان وہی نسبت ہے جو کہ ہر 6 روپے اور ہر 6 روپے کے درمیان یعنی:

$$6 : 6$$
$$= 1 : 1$$

-30 72 روپے 24 کے لیے اور ہر ایک کے لیے 4 روپے کے درمیان نسبت معلوم کیجئے۔

حل:

مطلوبہ نسبت $= 72 : 24 \times 4 = 72 : 96$

$$= \frac{72}{24} : \frac{96}{24} = \frac{18}{6} : \frac{24}{6}$$
$$= 3 : 4$$

-31 ایک مثلث میں دو زاویے 54° اور 72° ہیں۔ تیسرے زاویے کی دیئے گئے دو زاویوں کے مجموعہ کے درمیان نسبت معلوم کیجئے۔

حل:

مثلث کا پہلا زاویہ $= 54^\circ$

مثلث کا دوسرا زاویہ $= 72^\circ$

مثلث کے پہلے اور دوسرے زاویوں کا مجموعہ $= 54^\circ + 72^\circ = 126^\circ$

مثلث کا تیسرا زاویہ $= 180^\circ - 126^\circ = 54^\circ$

مطلوبہ نسبت $= 54^\circ : 126^\circ$

$$= \frac{54}{6} : \frac{126}{6} = 9 : 21$$
$$= \frac{9}{3} : \frac{21}{3} = 3 : 7$$

32- تناسب کی تعریف کریں۔

جواب: دو نسبتوں کے درمیان برابری تناسب کہلاتی ہے۔ تناسب کے لیے علامت "::" یا "=" ہے۔

33- تناسب x : 3 :: 60 :15 میں x کی قیمت معلوم کیجئے۔

حل: x : 3 :: 60 : 15

ہم جانتے ہیں کہ

وسطین کا حاصل ضرب = طرفین کا حاصل ضرب

$$(15)(x) = (3)(60)$$

$$15x = 180$$

$$x = \frac{180}{15} = 12$$

34- تناسب راست سے کیا مراد ہے؟

جواب: دو نسبتوں کے درمیان تعلق جس میں ایک مقدار میں اضافہ دوسری مقدار میں اسی تناسب سے اضافہ کا باعث بنے یا ایک مقدار میں کمی دوسری مقدار میں اسی تناسب میں کمی کا باعث بنے۔ "راست تناسب" کہلاتی ہے۔

35- تناسب معکوس کی تعریف کریں۔

جواب: دو نسبتوں کے درمیان تعلق جس میں ایک مقدار میں اضافہ دوسری مقدار میں کمی کا باعث بنے یا ایک مقدار میں کمی اسی تناسب سے دوسری مقدار میں اضافہ کا باعث بنے۔ "راست معکوس" کہلاتا ہے۔

36- مرکب تناسب سے کیا مراد ہے؟

جواب: دو یا دو سے زیادہ تناسبوں کے درمیان تعلق کو مرکب تناسب کہتے ہیں۔

37- اگر کپڑے کے 15 جوڑوں کی قیمت 6750 روپے ہو تو 4050 روپے میں کتنے جوڑے خریدے جاسکتے ہیں؟

حل: فرض کیا مطلوبہ جوڑوں کی تعداد 'x' ہے۔

سوٹ	قیمت	تناسب راست
15 ↑	6750 ↑	
x	4050	

$$x : 15 :: 4050 : 6750$$

یا

$$x : 15 = 4050 : 6750$$

$$(x)(6750) = (15)(4050)$$

$$x = \frac{15 \times 4050}{6750}$$

$x = 9$ سوٹ

38- 6 آدمی ایک گھر کو 4 دنوں میں رنگ کر سکتے ہیں۔ اگر تین آدمیوں کو رکھا جائے تو وہ کتنے عرصہ میں گھر کو رنگ کریں گے؟

حل: فرض کیا مطلوبہ دنوں کی تعداد 'x' ہے۔

-39 ایک ریل گاڑی میں 800 مسافر سوار ہو سکتے ہیں۔ اگر 55% مسافر مرد اور 15% بچے ہوں تو عورتیں کتنے فی صد ہوں گی؟

حل:

فی صد مسافر مرد $= 55\%$

فی صد مسافر بچے $= 15\%$

فی صد مسافر عورتیں $= 100\% - (55\% + 15\%)$

$= 100\% - 70\%$

$= 30\%$

-40 ایک ہاسٹل میں 18 طلبہ کا 36 دن رہنے کا خرچ 58320 روپے ہے۔ 9 طلبہ کا 12 دن ہاسٹل میں رہنے کا خرچ معلوم کیجئے۔

حل: فرض کیا کہ مطلوبہ خرچ 'x' ہے۔

طلبہ	دن	خرچ
↑ 18	↑ 36	↑ 58320
9	12	x

$$\frac{x}{58320}=\frac{12}{36}\times\frac{9}{18}$$

$$x=\frac{12}{36}\times\frac{9}{18}\times 58320$$

$$x=12\times 9\times 90$$

$$x=9720$$ روپے

ZAKAT, USHR AND INHERITANCE

- زکوٰۃ
- عشر
- وراثت (ترکہ)

اس یونٹ کو پڑھنے کے بعد طلباء اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ یہ جان سکیں:

- نصاب تولہ اور گرام کے حوالے سے زکوٰۃ کس پر واجب ہے۔
- زکوٰۃ کی شرح۔
- کسی شخص کی جائیداد کی مالیت پر زکوٰۃ کی رقم کا تعین کرنا۔
- عشر کی شرح کا تعین جو زمین کی ملکیت اور پیداوار پر ہو۔
- عشر کی رقم کا تعین جو کسی زمین کی پیداوار پر ہو۔
- زکوٰۃ اور عشر کے حوالے سے روزمرہ زندگی کے مسائل کو حل کرنا۔
- کسی ترکہ یا وراثت میں ہر قانونی وارث کے حصے کا تعین کرنا۔
- ہر وارث کے حصے کی رقم کا تعین کرنا۔

ZAKAT زکوٰۃ

زکوٰۃ اسلام کے پانچ بنیادی ارکان میں سے ایک ہے۔ زکوٰۃ وہ رقم ہے جو کہ صاحب نصاب مسلمان دی گئی شرح پر غربا اور ضرورت مندوں میں بذات خود یا اسلامی ریاست کے ذریعے سال میں ایک بار ادا کرتے ہیں۔

نصاب Nisab:

ایک مسلمان جو ایک سال تک اپنی ملکیت میں 7.5 تولہ (86.1562 گرام) سونا یا 52.5 تولہ (603 گرام) چاندی یا اس کے برابر روپیہ، پیسہ رکھتا / رکھتی ہو صاحب نصاب مسلمان کہلاتا / کہلاتی ہے۔ اسے چاہیے کہ قرآن اور حدیث میں دی گئی شرح کے حساب سے زکوٰۃ ادا کرے۔ زکوٰۃ دو قسم کی دولت پر ادا کی جاتی ہے۔

(i) ظاہری دولت (exposed wealth)

(ii) غیر ظاہری دولت (unexposed wealth)

ظاہری دولت میں زرعی سامان، اونٹ، بھیڑیں، بکریاں، معدنیات اور کاروباری سامان وغیرہ شامل ہیں جبکہ غیر ظاہری دولت میں سونا، چاندی، روپیہ اور اثاثہ جات شامل ہیں۔

زکوٰۃ کی شرح Rate of Zakat:

زکوٰۃ صاحب نصاب مسلم ظاہری اور غیر ظاہری دولت پر ادا کرتا / کرتی ہے۔ زکوٰۃ کی شرح 2.5 فیصد یا سامان یا روپیہ کا چالیس واں $\frac{1}{40}$ حصہ ہے۔ تاہم زیر استعمال سامان جیسا کہ مشینی آلات، خام مال، کارخانہ کی عمارت وغیرہ پر زکوٰۃ لاگو نہیں ہوتی۔

مثال: 3,00,000 روپے کی رقم، 40 گرام سونا اور 500 گرام چاندی پر زکوٰۃ کی رقم نکالیے جبکہ سونے کی قیمت 3500 روپے فی گرام اور چاندی کی قیمت 400 روپے فی گرام ہو۔

حل:

رقم = 3,00,000 روپے .... (i)

سونے کا وزن = 40 گرام

سونے کی قیمت فی گرام = 3500 روپے

40 گرام سونے کی قیمت = 3500×40 روپے

= 1,40,000 روپے .... (ii)

چاندی کا وزن = 500 گرام

چاندی کی قیمت فی گرام = 400 روپے

500 گرام چاندی کی قیمت = 500×400 = 2,00,000 روپے .... (iii)

زکوٰۃ کے لیے کل رقم = 3,00,000 روپے + 1,40,000 روپے + 2,00,000 روپے

= 6,40,000 روپے

زکوٰۃ کی شرح = 2.5%

6,40,000 روپے پر زکوٰۃ = 6,40,000×2.5%

$$= 6,40,000 \times \frac{25}{10} \times \frac{1}{100}$$

$$= \frac{6,40,000 \times 25}{1000}$$

= 640×25 = 16,000 روپے

عشر USHR

قدرتی ذرائع سے زمین سے کاشت کی گئی زرعی پیداوار پر 10 فیصد کی شرح ادائیگی کو عشر کہتے ہیں۔ تاہم مصنوعی ذرائع سے زمین سے کاشت کی گئی زرعی پیداوار پر عشر کی ادائیگی کی شرح 5 فیصد ہے۔ مصنوعی ذرائع سے مراد نہروں اور ٹیوب ویل وغیرہ سے کاشت ہے۔

وراثت (ترکہ) Inheritance

جب ایک شخص وفات پا جاتا ہے تو اس کے چھوڑے ہوئے اثاثہ کو ورثہ یا ترکہ کہتے ہیں اور اس کو اس کے قانونی وارثوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ وراثت کی تقسیم کے قوانین کو اسلام میں بڑے واضح طریقے سے بیان کیا ہے۔ وارثوں میں ورثہ تقسیم کرنے سے پہلے درج ذیل رقم کی ادائیگی کرنی ہوتی ہے۔

1. کفن، دفن کے اخراجات کی ادائیگی
2. مرحوم یا مرحومہ کے ذمہ قرض کی ادائیگی
3. مرحوم یا مرحومہ کی وصیت پر عمل کرنا

جائیداد میں قانونی وارثوں کے حصوں کی نسبت

Ratio of Shares Among Legal Inheritors of a Property

یہاں ہم مرحوم یا مرحومہ کے رشتہ داروں میں سے ہر ایک کا / کی وراثت میں حصہ کا ذکر کریں گے۔
اسلام میں کل 12 رشتے ہیں جو کہ قانونی وارث ہوتے ہیں۔ ہم ان میں سے دس کا ذکر کرتے ہیں۔

1. اگر خاوند وفات پا جائے تو بیوی (بیوہ) کا حصہ اولاد یا والد سے رشتہ میں کسی اور اولاد کی عدم موجودگی میں $\left(\frac{1}{4}\right)$ ہوگا۔
2. اولاد یا والد سے رشتہ میں کسی اور اولاد کی موجودگی میں بیوی (بیوہ) کا حصہ $\left(\frac{1}{8}\right)$ ہوگا۔
3. دو یا دو سے زیادہ بیویاں اس حصہ کو برابر، برابر حاصل کریں گیں۔
4. ایک بیٹے کو دو بیٹیوں کے برابر حصہ ملے گا۔ یعنی بھائی کو بہن کے حصہ کا دوگنا ملے گا۔
5. پوتے کو پوتی سے دوگنا حصہ ملے گا۔
6. اگر دو یا دو سے زیادہ بیٹیاں ہی ہیں تو انہیں وراثت کا $\left(\frac{2}{3}\right)$ حصہ ملے گا۔
7. اگر بیٹی ایک ہی ہے یا باپ میں رشتہ سے کوئی اور ایک پوتی ہے تو مختص حصہ $\left(\frac{1}{2}\right)$ ہے۔
8. دو یا دو سے زیادہ بیٹیاں ہوں تو پوتی / نواسی کا حصہ نہیں ہوگا۔
9. اگر ایک بیٹی ہو اور باپ سے رشتہ میں ایک پوتی / نواسی ہو تو بیٹی کا حصہ $\left(\frac{1}{2}\right)$ اور باپ سے رشتہ میں پوتی / نواسی کا بقیہ کا $\left(\frac{1}{6}\right)$ ہوگا جو کہ میزان کو $\left(\frac{2}{3}\right)$ بناتا ہے۔
10. اگر بیوی وفات پا جائے تو خاوند کو ورثہ کا $\left(\frac{1}{2}\right)$ حصہ ملے گا۔

یاد رکھیں۔
جب ایک مسلمان وفات پا جاتا ہے تو اس کے ورثہ کو شریعت کے مطابق تقسیم کرنا چار ذمہ داریوں میں سے ایک ہے۔

ہر ایک قانونی وارث کا جائیداد میں حصہ معلوم کرنا

Calculate Amount of Share of Each Legal Inheritor of a Property

مثال: اگر ایک شخص نے اپنے پیچھے ایک بیوہ، ایک بیٹا اور دو بیٹیاں چھوڑی ہوں تو ان میں سے ہر ایک کے حصہ کی جائیداد میں مالیت معلوم کیجیے۔ جبکہ چھوڑی گئی جائیداد کی مالیت 48,00,000 روپے ہے۔

حل:

جائیداد کی کل مالیت = 48,00,000 روپے

بیوہ کا حصہ = $\frac{1}{8}$

بیوہ کے حصے کی مالیت = $48,00,000 \times \frac{1}{8} = 6,00,000$ روپے

باقی مالیت = $48,00,000 - 6,00,000 = 42,00,000$ روپے

بیٹے اور بیٹیوں کے حصوں میں نسبت = 2:1:1

نسبتی مجموعہ $= 2 + 1 + 1 = 4$

بیٹے کے حصے کی مالیت $= \frac{2}{4} \times 42,00,000$

$= 2 \times 10,50,000 = 21,00,000$ روپے

ہرایک بیٹی کے حصے کی مالیت $= \frac{1}{4} \times 42,00,000 = 10,50,000$ روپے

حل مشق 2.1

-1 اگر سونے کی مالیت 11,10,000 روپے ہو تو اس پر زکوۃ معلوم کیجیے۔

حل: سونے کی مالیت = 11,10,000 روپے

زکوۃ کی شرح $= 2.5\%$

زکوۃ کی رقم $= 11,10,000 \times 2.5\%$

$= 11,10,000 \times 2.5 \times \frac{1}{100}$

$= 11,10,000 \times \frac{25}{10} \times \frac{1}{100}$

$= \frac{27750000}{1000} = 27,750$ روپے

-2 اگر چاندی کی مالیت 3,00,000 روپے ہو تو اس پر زکوۃ معلوم کیجیے۔

حل: چاندی کی مالیت = 3,00,000 روپے

زکوۃ شرح $= 2.5\%$

(a) 22,030 روپے (b) 27,500 روپے (c) 82,500 روپے (d) 83,200 روپے

-37 $3 : 4 : 5$ کا نسبتی مجموعہ بتائیں۔

(a) 12 (b) 34 (c) 45 (d) 53

-38 کسی چیز پر درج قیمت کو ظاہر کرتے ہیں۔

(a) PM سے (b) MP سے (c) PDM سے (d) MPD سے

-39 اگر قیمت خرید < قیمت فروخت ہو تو ہوتا ہے۔

(a) نفع (b) نقصان (c) چھوٹ (d) نقصان فی صد

-40 وہ قیمت جس پر کوئی چیز فروخت کی جائے اُسے کہتے ہیں۔

(a) قیمت خرید (b) قیمت فروخت (c) درج شدہ قیمت (d) نفع

جوابات:

-1 قیمت خرید	-2 نفع	-3 قیمت فروخت	-4 400 روپے
-5 550 روپے	-6 260 روپے	-7 10 فی صد	-8 25 فی صد

9- 500روپے	10- 1800روپے	11- 3200روپے	12- 16.66 %
13- نقصان	14- قیمت فروخت	15- نقصان فی صد	16- 25فیصد
17- 1275روپے	18- 44.34 %	19- چھوٹ	20- قیمت فروخت
21- درج شدہ قیمت	22- درج شدہ قیمت	23- 15روپے	24- 12
25- 19روپے	26- 845روپے	27- شراکت داری	28- دو
29- تقسیم	30- 25	31- 40,000روپے	32- 31
33- 3 : 2	34- 2400روپے	35- 3 : 5	36- 82,500روپے
37- 12	38- MP سے	39- نفع	40- قیمت فروخت

❁ **مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

1- قیمت خرید سے کیا مراد ہے؟

جواب: وہ قیمت جس پر کوئی چیز خریدی جائے اُسے قیمت خرید کہتے ہیں۔

2- قیمت فروخت سے کیا مراد ہے؟

جواب: وہ قیمت جس پر کوئی چیز فروخت کی جائے اُسے قیمت فروخت کہتے ہیں۔

3- نفع کسے کہتے ہیں؟

جواب: اگر کسی چیز کی قیمت فروخت اسکی قیمت خرید سے زیادہ ہو تو نفع حاصل ہوتا ہے۔

4- نفع معلوم کرنے کا کلیہ تحریر کریں۔

جواب: نفع درج ذیل کلیے کے ذریعے معلوم کیا جاسکتا ہے: قیمت خرید - قیمت فروخت = نفع

5- قیمت فروخت کیسے معلوم کی جاسکتی ہے؟

جواب: قیمت خرید + نفع = قیمت فروخت

6- ایک سائیکل کی قیمت خرید 3450روپے ہو اور نفع 400روپے ہو تو نفع فی صد معلوم کریں۔

جواب: حل

قیمت خرید = 3450 روپے

نفع = 400 روپے

$$\text{نفع فی صد} = \left[\frac{100 \times \text{نفع}}{\text{قیمت خرید}}\right]\%$$

$$= \left[\frac{100\times 400}{3450}\right]\%$$

$$= 11.59\,\% = 11.6\,\%$$

7- نقصان سے کیا مراد ہے؟

جواب: اگر کسی شے کی قیمت فروخت اس کی قیمت خرید سے کم ہو تو ہمیشہ نقصان ہوگا۔

-8 نقصان معلوم کرنے کا کلیہ تحریر کریں۔

حل: قیمت فروخت - قیمت خرید = نقصان

-9 نقصان فی صد کیسے معلوم کرتے ہیں؟

حل: $\frac{\text{نقصان}}{\text{قیمت خرید}} \times 100$ = نقصان فی صد

-10 اگر قیمت خرید 1540 روپے ہو اور نقصان 5% ہو تو قیمت فروخت معلوم کریں۔

حل: قیمت خرید = 1540 روپے

نقصان = 5 %

قیمت فروخت = قیمت خرید × $\frac{100 - \text{نقصان فی صد}}{100}$

$= 1540 \times \left[\frac{100-5}{100}\right]$

$= 1540 \times \left[\frac{95}{100}\right] = 1463$ روپے

-11 اگر کسی چیز کی قیمت خرید 480 روپے ہو اور نفع 3% ہو تو قیمت فروخت معلوم کریں۔

حل: قیمت خرید = 480 روپے

نفع = 3%

قیمت فروخت = قیمت خرید × $\left[\frac{100 + \text{نفع فی صد}}{100}\right]$

قیمت فروخت $= 480 \times \left[\frac{100+3}{100}\right]$

$= 480 \times \frac{103}{100} = 494.40$ روپے

-12 قیمت خرید معلوم کریں جبکہ قیمت فروخت = 672 روپے، نفع = 5 %

حل: قیمت خرید = $\frac{100 \times \text{قیمت فروخت}}{100 + \text{نفع فی صد}}$

$= \frac{100 \times 672}{100+5} = \frac{67200}{105} = 640$ روپے

-13 کسی شے کی قیمت فروخت 2640 روپے ہو اور نقصان 12 فی صد ہو تو قیمت خرید معلوم کریں۔

حل: قیمت خرید = $\frac{100 \times \text{قیمت فروخت}}{100 - \text{نقصان فی صد}}$

$= \frac{100 \times 2640}{100-12} = \frac{264000}{88} = 3000$ روپے

14- چھوٹ (Discount) کسے کہتے ہیں؟

جواب: خریدار کو فروخت کنندہ کی طرف سے اشیاء پر درج قیمت سے کم وصول کرنے کو قیمت میں چھوٹ (Discount) کہتے ہیں۔

15- اشیاء پر درج قیمت اور فہرست میں درج قیمت میں کیا فرق ہے؟

جواب: چٹ پر درج ہوئی قیمت یا اشیاء کے گرد لپٹے ہوئے کاغذ پر درج قیمت کو درج شدہ قیمت کہتے ہیں اور تاجر کو دی گئی فہرست میں درج قیمتوں کو فہرست میں درج قیمت کہتے ہیں۔

16- چھوٹ معلوم کرنے کا کلیہ تحریر کریں۔

جواب: قیمت فروخت − چٹ پر درج قیمت = چھوٹ

17- چھوٹ فی صد معلوم کرنے کا کلیہ تحریر کریں۔

حل: چھوٹ فی صد = $\frac{\text{چھوٹ}}{\text{چٹ پر درج قیمت}} \times 100$

18- ایک کرسی پر درج قیمت 728 روپے ہے اور چھوٹ 6 فی صد ہے اس کی قیمت فروخت معلوم کریں۔

حل: قیمت فروخت = درج قیمت $\times \left[\frac{100 - \text{چھوٹ فی صد}}{100}\right]$

$= 728 \times \left[\frac{100-6}{100}\right]$

$= 728 \times \frac{94}{100} = 684.32$ روپے

19- اگر قیمت فروخت 515.20 روپے ہو اور چھوٹ 8 فی صد ہو تو درج قیمت معلوم کریں۔

حل: درج قیمت = $\frac{100 \times \text{قیمت فروخت}}{100 - \text{چھوٹ}}$

$= \frac{100 \times 515.20}{100-8} = \frac{51520}{92} = 560$ روپے

20- کپڑے دھونے کی مشین پر درج قیمت 3640 روپے ہے اس کی قیمت فروخت 3367 ہے۔ مشین کی قیمت پر چھوٹ معلوم کریں۔

حل: چھوٹ = درج قیمت - قیمت فروخت

$= 3640 - 3367 = 273$ روپے

21- ایک ٹیلی ویژن کی درج قیمت 12600 روپے ہے اور چھوٹ 630 روپے ہے۔ اس کی قیمت فروخت معلوم کریں۔

حل: قیمت فروخت = درج قیمت − چھوٹ

$= 12600 - 630 = 11970$ روپے

22- کاروباری شراکت کسے کہتے ہیں؟

جواب: دو یا دو سے زیادہ اشخاص کے مل کر نفع کی غرض سے ایک کاروبار کو چلانے کو شراکت داری کہتے ہیں۔

-23 شراکت داری کی کتنی اور کون سی اقسام ہیں؟

جواب: شراکت داری کی مندرجہ ذیل دو اقسام ہیں۔

(i) سادہ کاروباری شراکت (ii) مرکب کاروباری شراکت

-24 سادہ کاروباری شراکت سے کیا مراد ہے؟

جواب: جب شراکت داروں کا سرمایہ یکساں مدت کے لیے لگایا جائے تو اس کو سادہ کاروباری شراکت کہتے ہیں۔ ان معاملات میں نفع یا نقصان کو ہر شراکت دار کی کاروبار میں لگائی گئی رقم کے لحاظ سے تقسیم کیا جاتا ہے۔

-25 مرکب کاروباری شراکت کسے کہتے ہیں؟

جواب: جب شراکت داروں کا سرمایہ جو کہ برابر یا نابرابر ہو کر مختلف مدت کے لیے لگایا جائے تو شراکت کو مرکب شراکت کہتے ہیں۔

-26 تین اشخاص میں 2,00,000 روپے کا منافع تقسیم کریں اگر ان کے حصوں میں نسبت 5 : 2 : 3 ہو۔

حل:

نسبتی مجموعہ $= 3 + 2 + 5 = 10$

پہلے شخص کا منافع $= 2,00,000 \times \frac{3}{10} = 60,000$ روپے

دوسرے شخص کا منافع $= 2,00,000 \times \frac{2}{10} = 40,000$ روپے

تیسرے شخص کا منافع $= 2,00,000 \times \frac{5}{10} = 1,00,000$ روپے

-27 7,50,000 روپے کے سرمایہ کا 15 فی صد منافع معلوم کریں۔

حل: نفع کی رقم $= 7,50,000 \times \frac{15}{100} = 1,12,500$ روپے

-28 دو اشخاص میں 720 روپے نفع کی رقم تقسیم کریں جبکہ ان کے حصوں کی نسبت 5 : 4 ہے۔

حل:

نسبتی مجموعہ $= 5 + 4 = 9$

پہلے شخص کا حصہ $= 720 \times \frac{4}{9} = 320$ روپے

دوسرے شخص کا حصہ $= 720 \times \frac{5}{9} = 400$ روپے

-29 7 : 3 : 2 دی گئی نسبتوں کا نسبتی مجموعہ معلوم کریں۔

حل:

دی گئی نسبتیں $= 2 : 3 : 7$

نسبتی مجموعہ $= 2 + 3 + 7 = 12$

-30 نفع فی صد معلوم کرنے کا کلیہ تحریر کریں۔

حل: نفع فی صد $= \left[\frac{\text{نفع}}{\text{قیمت خرید}} \times 100\right]\%$

❋❋❋

FINANCIAL MATHEMATICS

- کمرشل بینکنگ
- کرنسی کا تبادلہ
- منافع/مارک اپ
- انشورنس
- لیزنگ/فنانسنگ

اس یونٹ کو پڑھنے کے بعد طلباء اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ یہ جان سکیں:

- کمرشل بینک ڈیپازٹ اور بینک اکاؤنٹس کی اقسام
- نیگوشی ایبل انسٹرومنٹس جیسا کہ چیک، ڈیمانڈ ڈرافٹ اور پے آڈر
- آن لائن بینکنگ، اے ٹی ایم کے ذریعے لین دین، ڈیبٹ اور کریڈٹ کارڈز
- ایک ملک کی دی گئی کرنسی کو کسی دوسرے ملک کی کرنسی میں تبدیل کیسے کرتے ہیں۔
  - منافع/مارک اپ
  - اصل زر
  - منافع/مارک اپ کی شرح
  - مدت
- کمرشل بینکنگ اور نیشنل سیونگ سکیم سے متعلق مسائل کا حل
- بیمہ کو اس کی سادہ شکل میں بیان کرنا
- بیمہ زندگی اور گاڑی کے متعلق
- بیمہ زندگی اور گاڑی سے متعلق حقیقی زندگی کے مسائل کو حل کرنا
  - لیزنگ/موٹر وہیکل کی فنانسنگ
  - اصل زر ڈاؤن پے منٹ
  - موٹر وہیکل انشورنس
  - پروسیسنگ کے اخراجات
  - ماہانہ اقساط میں واپس ادائیگی
- لیزنگ/مختلف شرائط کے تحت موٹر وہیکل کی فنانسنگ سے متعلق مسائل کو حل کرنا

Commercial Banking کمرشل بینکنگ

بینکنگ کا کاروبار جو رقم جمع کرنے، ایڈوانس قرضہ دینے اور اپنے گاہکوں کو اس کے علاوہ بھی خدمات دینے سے متعلق و کمرشل بینکنگ کہلاتا ہے۔ بینک لوگوں سے ان کی فالتو بچت کو حاصل کرتا ہے اور انہیں مختلف اکاؤنٹس کی شکل میں اپنی تحویل میں رکھتا ہے۔

بینک میں جمع رقوم اور اکاؤنٹس کی اقسام *Bank Deposit and Types of Accounts*

امانتیں اور اضافی فنڈز کو بینک کی تحویل میں رکھنے کے لیے بینک میں تین قسم کے اکاؤنٹس ہوتے ہیں۔ان کی وضاحت درج ذیل ہے۔

1. **کرنٹ اکاؤنٹ:** اونچے درجے کی انتقال پذیری کی وجہ سے بہت زیادہ مقبول ہے۔
2. **سیونگ اکاؤنٹ:** بینکوں کے لیے فنڈز کا بہت اہم ذریعہ ہے۔
3. **فکسڈ اکاؤنٹ:** لمبی مدت کے لیے لین دین کے لیے فنڈز کا پرکشش ذریعہ ہے۔

کرنٹ اکاؤنٹ Current Account

کرنٹ اکاؤنٹ یا ڈیمانڈ ڈیپازٹ ایک رننگ (Running) اکاؤنٹ ہے جو اپنی انتقال پذیری کی بناء پر مسلسل جاری رہتا ہے۔اس میں گاہک کو رقم نکالنے یا منتقل کرنے کے لیے بینک کو پہلے نوٹس دینے کی ضرورت نہیں ہوتی۔اکاؤنٹ میں مطلوبہ رقم کی موجودگی کی صورت میں چیک کو ہر حالت میں پاس کرنے کا بینک پابند ہوتا ہے۔

پاکستان میں آپ کم سے کم رقم 1000 روپے سے 10,000 روپے تک کے ساتھ کرنٹ اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں جس میں بینک کی طرف سے کم از کم رقم بینک اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں جس میں بینک کی طرف سے کم از کم رقم بینک اکاؤنٹ میں موجود رہنے یا نہ رہنے کی شرائط ہو سکتی ہے۔چونکہ اس اکاؤنٹ میں رکھے گئے فنڈز کی مدت بہت کم ہوتی ہے اس لیے بینک ان پر منافع ادا نہیں کرتا۔

سیونگ اکاؤنٹ Saving Account

سیونگ اکاؤنٹ (Saving Account) بچت کی حوصلہ افزائی کرتا ہے اور کم ذرائع والے اشخاص میں بچت کو فروغ دیتا ہے۔ہر ماہ کے فنڈز کے حساب سے بینک 6 ماہ بعد برائے نام منافع ادا کرتا ہے۔پیسہ جمع کروانے والے کو ایک خاص حد تک بغیر کسی نوٹس کے رقم نکلوانے کی اجازت ہوتی ہے۔لیکن اس اکاؤنٹ سے بڑی رقم نکلوانے کے لیے بینک کو 7 سے 15 دن پہلے نوٹس دینا ہوتا ہے۔ بچتوں کو رواج دینے کے لیے اور گاہک کو سہولت پہنچانے کے لیے بینک عام طور پر نوٹس کے دورانیہ کو ختم کر دیتا ہے۔

رقم نکلوانے کی سہولت کے پیش نظر، بینک کم سے کم رقم اپنے پاس رکھتا ہے تاکہ گاہک کی ضرورت کو پورا کیا جا سکے اور باقی فنڈز بینک کسی منافع کمانے والی سکیم میں قرض ایڈوانس کی صورت میں لگا دیتا ہے۔

نفع نقصان شراکتی سیونگ اکاؤنٹ PLS Saving Account

پاکستان میں نفع اور نقصان میں شراکت کی بنیاد پر سیونگ اکاؤنٹ کو جنوری 1982ء میں متعارف کرایا گیا۔پی ایل ایس سیونگ اکاؤنٹ کو کم رقم کے ساتھ (عام طور پر 100 روپے سے کم نہ ہو) بھی کھولا جا سکتا ہے۔بینک کے نفع اور نقصان میں شراکت کے لیے اکاؤنٹ میں 100 روپے ہونے چاہیے۔پی ایل ایس اکاؤنٹ سے تھوڑی سی رقم نکلوانے کی اجازت ہوتی ہے۔جبکہ ساری رقم نکلوانے کے لیے اگر بینک خواہش ظاہر کرے تو نوٹس دینا پڑتا ہے۔6 ماہ یا سال کے آخر میں طریقہ کار کے مطابق منافع یا نقصان کی صورت میں منافع پی ایل ایس اکاؤنٹ میں جمع ہو جاتا ہے یا نقصان کی رقم اکاؤنٹ سے منہا کر لی جاتی ہے۔

فکسڈ/خاص مدت کے لیے اکاؤنٹ Fixed/ Time Deposit Account

فکسڈ یا خاص مدت کے لیے جو کہ 3 ماہ سے 5 سال تک ہے کے لیے بنک میں رقم جمع کرائی جا سکتی ہے۔کسی خاص مدت کے لیے بنک اکاؤنٹ ہولڈر کو اصل زر کے ساتھ منافع کی رقم بھی ادا کرتا ہے۔اس رقم کو کرنٹ اکاؤنٹ کی طرح ضرورت پڑنے پر استعمال نہیں کیا جا سکتا بلکہ صرف اسی صورت میں نکلوایا جا سکتا ہے جب خاص مدت کا دورانیہ پورا ہو جائے جس کے لیے رقم جمع کرائی گئی تھی۔سیونگ

اکاؤنٹ میں جمع رقم کے مقابلہ میں خاص مدت کے لیے جمع کرائی گئی رقم پر منافع کی شرح زیادہ ہوتی ہے رقم جمع کرانے کا دورانیہ جتنا زیادہ ہوگا اتنی ہی منافع کی شرح زیادہ ہوگی۔ بینک ایک خاص مدت کے لیے جمع کرائی گئی رقم پر گاہک کو ایک رسید یا خاص طور پر پرنٹ کیا گیا فارم ثبوت کے طور پر جاری کرتا ہے۔

عام طور پر ایسی رقم جمع کروانے والے کو فنڈز کو نکلوانے کے لیے چیک بک جاری نہیں کی جاتی۔ مقررہ مدت گزرنے کے بعد رقم جمع کرانے والا رسید پیش کرتا ہے جس پر پورا کاروائی کے بعد گاہک نقد رقم (منافع کے ساتھ) وصول کر لیتا ہے یا یہ رقم اپنے بینک اکاؤنٹ میں منتقل کروا لیتا ہے۔ اگر رقم جمع کروانے والے کو مقررہ مدت گذرنے سے پہلے ہی رقم کی ضرورت پڑ جاتی ہے تو بینک عام طور پر اسے قابل ادا منافع رقم کے تناسب سے جزوی طور پر ادا کرتا ہے اور کبھی کبھار مکمل ادائیگی بھی کر دیتا ہے۔ رقم جمع کروانے والا عام طور پر برائے نام مارک اپ شرح جو کہ جمع رقم کی شرح کا 1% سے 2% ہوتی ہے بینک سے فنانسنگ کی سہولت بھی حاصل کر سکتا ہے جو کہ خاص مدت کے لیے جمع کرائی گئی رقم کی ہی سیکورٹی پر ہوتی ہے۔ ڈیمانڈ ڈپازٹس کی صورت میں رقم جمع کروانے والے کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے بینک اپنے پاس زیادہ رقم موجود رکھتا ہے۔ لیکن خاص مدت کے لیے جمع کروائی گئی رقم کے لیے یہ شرح بہت کم ہوتی ہے۔

فارن کرنسی اکاؤنٹس Foreign currency Accounts

فارن کرنسی اکاؤنٹس وہ اکاؤنٹ ہے جو بینک میں غیر ملکی کرنسی جیسا کہ ڈالرز، پاؤنڈز اور یورو وغیرہ کے لین دین کے لیے کھولا جاتا ہے۔ یہ اکاؤنٹس سٹیٹ بینک کی ہدایت کے مطابق برقرار رکھے اور استعمال کیے جاتے ہیں۔ تمام بینک یا با اختیار ڈیلرز پاکستان یا پاکستان سے باہر رہنے والے پاکستانی شہری جن میں دوہری قومیت رکھنے والے بھی شامل ہیں کے فارن کرنسی اکاؤنٹ کسی اجازت کے بغیر کھول سکتے ہیں۔ تمام غیر ملکی افراد، فرمز اور کمپنیز جو پاکستان میں کام کر رہی ہیں یا جن میں غیر ملکی افراد شیئر ہولڈرز بھی ہیں اپنے فارن کرنسی اکاؤنٹس کھول سکتی ہیں۔ تاہم ایئر لائنز اور شپنگ کمپنیاں جو پاکستان میں یا پاکستان کے ذریعے کام کر رہی ہیں فارن کرنسی اکاؤنٹ نہیں کھول سکتیں۔

فارن کرنسی اکاؤنٹس، کرنٹ، سیونگ اور فکسڈ اکاؤنٹس میں بھی کھولے جا سکتے ہیں۔ منافع کی شرح فارن کرنسی اکاؤنٹس میں مقامی کرنسی اکاؤنٹس کی نسبت بہت برائے نام ہوتی ہے۔ فارن کرنسی اکاؤنٹس کو باہر سے بھیجی گئی رقم اور ٹریولر چیک جو کہ پاکستان سے باہر جاری کئے گئے ہوں کے ذریعے چلائے جا سکتے ہیں۔ اکاؤنٹ ہولڈر اپنی پسند کے مطابق کسی بھی کرنسی میں لین دین کر سکتا ہے۔ کریڈٹ کارڈ ہولڈر اپنی جمع کرائی گئی رقم کے حساب سے پاکستان یا پاکستان سے باہر رقم کے حصول کے لیے کریڈٹ کارڈ کی سہولت استعمال کر سکتا ہے۔

بینک پاکستان یا پاکستان سے باہر بینکنگ کی سہولیات جیسا کہ کریڈٹ کارڈ، بینک گارنٹی، قرضہ / کریڈٹ وغیرہ کی سہولت حاصل کرنے کے لیے اکاؤنٹ ہولڈرز کے لیے لی ان (Lein) کی نشاندہی بھی کر سکتا ہے۔ فارن کرنسی اکاؤنٹس زکوٰۃ اور ٹیکسوں سے مستثنیٰ ہیں۔

نیگوشی ایبل انسٹرومنٹس Negotiable Instruments

لفظ نیگوشی ایبل (Negotiable) کا مطلب ہے۔ "غور کے لیے تبادلہ" جبکہ لفظ انسٹرومنٹ (Instrument) کا مطلب ہے تحریری ثبوت جس سے حق ثابت ہو۔ اس لیے نیگوشی ایبل انسٹرومنٹس کا مطلب لکھے گئے کاغذات ہیں جو کہ کسی شخص کے حق کو ثابت کرتے ہیں جس پر آزادانہ وصولی بھی کی جا سکتی ہے اور حق کی تصدیق کروائی جا سکتی ہے۔

نیگوشی ایبل انسٹرومنٹ سے مراد ایک اقرار نامہ، پابندی، باہم تبادلہ کا بل یا چیک جو کہ تحریر کے مطابق یا حامل ہذا کو قابل ادائیگی ہوتا ہے۔

باہم تبادلہ کا بل Bill of Exchange

باہم تبادلہ کا بل ایک ایسا تحریری انسٹرومنٹ ہے۔ جو غیر مشروط حکم پر مشتمل ہوتا ہے جسے بنانے والا دستخط کرتا ہے اور خاص شخص کو

ہدایت کر رہا ہوتا ہے کہ وہ ایک خاص رقم اس شخص کو یا اس کی مرضی کے مطابق یا حامل ہذا کو ادا کر دے۔

باہمی تبادلہ کی پارٹیاں Parties of Bill ob Exchange

ڈراور (Drawer): وہ شخص جو کہ بل کی رقم ادا کرتا ہے۔
ڈرائی (Drawee): وہ شخص جس کے لیے رقم ادا کی جاتی ہے۔
پے ای (Payee): وہ شخص جس کو ادائیگی کی جاتی ہے۔

چیک Cheque

تبادلہ کا بل جو ایک مخصوص بینکر سے حاصل کیا جاتا ہے اور اس وقت تک قابل ادا نہیں ہوتا جب تک مطالبہ نہ کیا جائے۔

باہمی تبادلہ کی پارٹیاں

ڈراور
ڈرائی
پے ای

پے آڈر Pay Order

یہ بھی ایک چیک کی طرح ہوتا ہے جسے بینک اپنے گاہک کی درخواست پر جاری کرتا ہے یا ایک مخصوص شخص کو ایک مخصوص رقم کی ادائیگی اپنے اخراجات میں کرنے کے لیے کہتا ہے یا مخصوص آدمی کی ہدایت پر مخصوص رقم ادا کرنے کو کہتا ہے۔ پے آڈر عام طور پر معاملہ میں شامل پوری رقم وصول ہونے پر جاری کیے جاتے ہیں۔ جس کا مطلب ہے کہ اسے پیسوں کی کمی کی بناء پر واپس نہیں کیا جائے گا۔ اسے بینکرز کا چیک یا کیشیئر کا چیک بھی کہتے ہیں۔

بینک ڈرافٹ Bank Draft

رقم کی ادائیگی کا ایک ہدایت نامہ جس میں بینک کی ایک برانچ اپنے ہی بینک کی دوسری برانچ سے پے ای (Payee) کو ادا کرنے کے لیے یا مطالبہ پر ادا کرنے کے لیے کہتی ہے۔ چیک کی بہ نسبت بینک ڈرافٹ کی اہمیت زیادہ ہے کیونکہ یہ فنڈ کی کمی کی بناء پر کبھی بھی ادائیگی کے بغیر واپس نہیں ہوتا کیونکہ اس کی ادا شدہ رقم کی مصدقہ تحریر ہوتی ہے۔ ڈرافٹ ان برانچوں سے لیا جاتا ہے جو شہر سے باہر ہوتی ہیں۔ بینک ڈرافٹ تیار کرنے کے لیے بینک برائے نام فیس لیتا ہے۔ جبکہ پے آرڈر بہت سے بینک بغیر فیس کے جاری کر دیتے ہیں۔

آن لائن بینکنگ Online Banking

الیکٹرونک کی بنیاد پر بینک کی وہ خدمات جو کہ اے ٹی ایمز (ATMs)، پی اوایسز (POSs)، آٹومیٹڈ کلیئرنگ ہاؤس، نیٹ ورک، انٹرنیٹ یا وائر (Wire) جیسے ذریعوں سے مہیا کی جاتی ہیں آن لائن بینکنگ کہلاتی ہیں۔ دوسرے الفاظ میں آن لائن بینکنگ ایک ایسا نظام ہے جو ہر وقت الیکٹرونک مواصلات اور کمپیوٹرائیز ڈلنکس کے ذریعے بینک اور گاہک کے درمیان لین دین بذریعہ ٹیلی فون لائن یا سٹیلائیٹ یا اے ٹی ایم کے ذریعے بینک کو ہدایات نشر کرتا رہتا ہے۔
گاہک آن لائن بینکنگ نظام کے تحت کسی بھی مخصوص بینک میں اکاؤنٹ برقرار رکھ سکتا ہے اور اسی بینک کی کسی بھی برانچ سے رقم نکلوا بھی سکتا ہے اور جمع بھی کروا سکتا ہے۔ اگر گاہک کو ڈیبٹ یا کریڈٹ کارڈ جاری کیا گیا ہے تو گاہک اے ٹی ایم جو کہ ایم نیٹ یا ون لنک

بینک سے ملی ہوئی ہے کے ذریعے رقم نکلوا یا منتقل کرسکتا ہے۔ آن لائن بینکنگ نظام کے تحت پیغام والے سے رقم واپس کرنے والے بینک اور رقم واپس کرنے والے بینک سے رقم ادا کرنے والے بینک کو ہدایت بذریعہ الیکٹرونکس مواصلات نشر کی جاتی ہیں۔ فنڈز کا حصول اور رقم کی ادائیگی بہت تھوڑے وقت میں ہو جاتی ہے۔

ڈیبٹ کارڈ/اے ٹی ایم کارڈ Debit Card /Atm Card

ڈیبٹ کارڈ، کارڈ ہولڈر کو اس قابل بناتا ہے کہ اس کی خریدی گئی اشیاء پر براہ راست اس کے اکاؤنٹ میں موجود رقم سے کٹوتی کر لی جائے۔ اے ٹی ایم کارڈ ادائیگی کا کارڈ ہے جو ایک شخص کو جاری کیا جاتا ہے تاکہ وہ اے۔ ٹی۔ ایم مشین کو چلا کر اپنے فنڈز کو منتقل یا حاصل کر سکے۔ اکاؤنٹ ہولڈر کو لین دین ممکن بنانے کے لیے ایک پن کوڈ بھی الاٹ کیا جاتا ہے۔ اب ڈیبٹ کارڈ اور اے ٹی ایم کارڈز کی تقریباً ایک جیسی خوبیاں ہیں۔

کریڈٹ کارڈ (ویزا اور ماسٹر کارڈ) Credit Card (Visa and Master Card)

اس کارڈ ہولڈر کو قرض حاصل کرنے کی ایک حد دی گئی ہے۔ اس کارڈ کے ذریعے کارڈ ہولڈر خاص حد تک خریداری کرسکتا ہے یا نقد رقم وصول کرسکتا ہے۔ قرض دی گئی رقم مقررہ مدت کے اندر ادا کرنا ہوتی ہے یا حصوں میں بھی دی جا سکتی ہے جبکہ میزان یا قرض کی رقم جزوی طور پر ادا کرنے پر بقایا رقم کو اصل قرض سمجھا جاتا ہے اور اس پر بینک منافع وصول کرتا ہے۔ بعض اوقات کریڈٹ کارڈ کی سالانہ فیس بھی وصول کی جاتی ہے۔ ویزا کارڈ ہر گاہک کو جاری کیا جاتا ہے جبکہ ماسٹر کارڈ غیر معمولی گاہکوں کو جن کی بہت زیادہ قدر رہوتی ہے کو جاری کیا جاتا ہے اس کارڈ پر عام طور پر پرکشش قرض کی حدود ہوتی ہیں۔ ویزا اور ماسٹر دو مختلف کمپنیاں ہیں جن کے ذریعے بینک کریڈٹ کارڈز جاری کرنے کا انتظام کرتا ہے۔

اے ٹی ایم ATM (Automated Teller Machine)

بینک اپنے اکاؤنٹ ہولڈرز کو نقد رقم کی ادائیگی کے لیے اے ٹی ایم مشین نصب کرتا ہے۔ یہ کمپیوٹرائزڈ مشین ہے جو بینک کے ڈیٹا بیس سے جڑی ہوتی ہے۔ اس مشین کے ذریعے بینک کی طرف سے جاری کیے ہوئے مقناطیسی اشاراتی نظام والے اے ٹی ایم کارڈ کو گاہک اپنا مخصوص پن کوڈ نمبر کے ساتھ استعمال کرتے ہوئے 24 گھنٹے میں جب چاہیے نقد رقم نکلوا سکتا ہے۔ اے ٹی ایم کو گاہک رقوم کے نکلوانے، فنڈز کے منتقل کرنے، بیلنس معلوم کرنے اور اکاؤنٹ کا مختصر ریکارڈ حاصل کرنے کے لیے بھی استعمال کرسکتا ہے۔ اے ٹی ایم کو آن لائن یا آف لائن کے ذریعے بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔

کرنسیوں کا تبادلہ Exchange of Currencies

لفظ فارن ایکسچینج کرنسیوں کے تبادلہ کے طریقہ کار سے متعلق ہے۔ جس کے ذریعہ متعلقہ ادائیگیاں بین الاقوامی تجارت کے مطابق کی جاتی ہیں۔ یہ اس طریقہ کار پر مشتمل ہوتا ہے۔ جس کے ذریعے ایک ملک کی کرنسی کو دوسرے ملک کی کرنسی میں تبدیل کیا جاتا ہے۔ مختلف ممالک کرنسی کی مختلف اقسام استعمال کرتے ہیں۔ ان کی کرنسیوں کے مختلف نام ہیں۔ برطانیہ پاؤنڈ سٹرلنگ استعمال کرتا ہے۔ امریکہ، امریکن ڈالر استعمال کرتا ہے۔ تھائی لینڈ بھاٹ (Bhat) استعمال کرتا ہے۔ ملائیشیا رنجیٹ (Ringgit) استعمال کرتا ہے۔ انڈونیشیا روپیہ (Rupiah) استعمال کرتا ہے فلپائنی پیسو (Peso) اور سنگاپور سنگاپوری ڈالر استعمال کرتے ہیں۔

ہر روز نامور بینک مختلف کرنسیوں کے تبدیل کروانے کی قیمت مقرر کرتے ہیں۔ یہ ریٹس روزانہ کی بنیاد پر تبدیل ہوتے ہیں۔ جن کا انحصار مختلف کرنسیوں کی طلب اور رسد پر ہوتا ہے۔

درج ذیل جدول مختلف ممالک کی کرنسیوں کے تبادلہ ریٹ کو ظاہر کرتا ہے جو کہ ایک پرائیویٹ بینک نے لگایا ہے۔

کرنسی	فروخت ٹی ٹی اور او ڈی	خرید ٹی ٹی کلین	خرید او ڈی ٹی سی
یو ایس ڈالر	84.100 روپے	83.800 روپے	83.5796 روپے
پاؤنڈ	129.7968 روپے	129.4542 روپے	129.1092 روپے
کینیڈین ڈالر	83.9412 روپے	83.7246 روپے	83.5781 روپے
آسٹریلین ڈالر	77.7588 روپے	77.5820 روپے	77.4379 روپے
ین	0.89236 روپے	0.893009 روپے	0.891447 روپے
ڈینش کرونی	15.1066 روپے	15.0598 روپے	15.0334 روپے
سعودی ریال	22.4000 روپے	22.3449 روپے	22.308 روپے
سوس فرانک	78.3363 روپے	78.1133 روپے	77.9766 روپے
درہم	22.8702 روپے	22.8145 روپے	22.7746 روپے
ایچ کے ڈی	10.8193 روپے	10.7934 روپے	10.7745 روپے
سنگاپورین ڈالر	61.4529 روپے	61.2484 روپے	61.1412 روپے
سویڈش کرونی	11.7391 روپے	11.6948 روپے	11.6743 روپے
باتھ	2.6063 روپے	2.5976 روپے	2.5931 روپے
یورو	112.4088 روپے	112.0993 روپے	111.8057 روپے

نوٹ:
- ٹی ٹی سے مراد ٹیلی گرافک ٹرانسفر ہے
- او۔ڈی سے مراد اوور ڈرافٹ ہے۔
- ٹی سی سے مراد ٹریولر چیک ہے۔

حل مشق 4.1

.1 250 یو ایس ڈالرز کو پاؤنڈ سٹرلنگ میں تبدیل کیجیے۔

حل:

ڈالر کا ریٹ (خرید) = 83.800 روپے

250 ڈالر کی رقم = 250×83.800 روپے = 20950 روپے

یو کے پاؤنڈ کا ریٹ (فروخت) = 129.7968 روپے

250 ڈالرز کے تبادلہ میں پاؤنڈز = $\frac{20950}{129.7968} = 161.406$ پاؤنڈز

.2 5000 سعودی ریال کو پاکستانی روپوں میں تبدیل کیجیے۔

حل:

سعودی ریال کا ریٹ (خرید) = 22.3449

5000 ریال کی قیمت پاکستانی روپوں میں $= 5000 \times 22.3449 = 1,11,724.5$ روپے

3. ایک امپورٹر ایک کار کو جاپان سے 5000 ین میں امپورٹ کرتا ہے۔ ڈلیوری تین ماہ بعد دی جاتی تھی۔ معاہدہ کے وقت ایک روپیہ 0.895236 ین کے برابر تھا۔ معاہدہ کے وقت ادائیگی کر دی گئی۔ ڈلیوری کے وقت ایک روپیہ 0.892236 ین ہو گیا۔ امپورٹر کا نفع یا نقصان معلوم کیجیے۔

حل: معاہدے کے وقت کرنسی کا ریٹ:

ایک ین کا ریٹ $= 0.895236$ روپے

5000 ین کی رقم $= \dfrac{5000}{0.895236} = 5585.1195$ روپے

تین مہینے کے بعد ڈلیوری کے وقت کرنسی کا ریٹ

ایک ین کا ریٹ $= 0.892236$ روپے

5000 ین کی رقم $= \dfrac{5000}{0.892236} = 5603.8985$ روپے

چونکہ کرنسی کے ریٹ میں کمی واقع ہوئی۔ اس لیے امپورٹر کو نقصان ہوا۔

نقصان = معاہدے کے وقت لاگت - ڈلیوری کے وقت لاگت

$= 5603.8985 - 5585.1195 = 18.78$ روپے

4. ایک گاہک 150 امریکن ڈالرز کو روپوں میں تبدیل کرنا چاہتا ہے۔ وہ ایک منظور شدہ ڈیلر کے پاس جاتا ہے۔ وہ اسے تبادلہ کی شرح: 1 dollar = 84.100 روپے پیش کش کرتا ہے۔ اگر وہ کسی منی چینجر سے تبدیل کرواتا ہے تو قیمت 1 dollar = 83.4495 روپے ہے۔ روپے معلوم کیجیے۔ جبکہ

(i) اگر منظور شدہ ڈیلر سے تبدیل کروائے جائیں۔ (ii) منی چینجر سے تبدیل کرائے جائیں

(iii) منی چینجر سے تبدیل کروانے سے نقصان

حل: (i) 150 ڈالر تبدیل کروائے جائیں منظور شدہ ڈیلر سے:

1 ڈالر $= 84.100$ روپے

150 ڈالر $= 150 \times 84.100$ روپے $= 12615$ روپے

(ii) 150 ڈالر تبدیل کروائے جائیں منی چینجر سے روپے:

1 ڈالر $= 83.4495$

150 ڈالر $= 150 \times 83.4495 = 12517.43$ روپے

(iii) منی چینجر سے تبدیل کروانے پر نقصان

نقصان = منی چینجر سے رقم - منظور شدہ ڈیلر سے رقم

$= 12615 - 12517.43 = 97.57$ روپے

5. پاکستان میں چائے کا ریٹ 2.1 روپے فی پونڈ ہے۔ ریٹ فی کلوگرام معلوم کیجیے۔ جبکہ

(i) 2.2 پاؤنڈ = ایک کلوگرام

(ii) اگر ایک سعودی ریال 22.400 روپے کے برابر ہو تو سعودی عرب میں کیا قیمت ہوگی؟

حل: (i) پاکستان میں چائے کا ریٹ فی پاؤنڈ = 2.1 روپے

1 پاؤنڈ = 0.4536 کلوگرام

لہٰذا، 2.1 روپے = 0.4536 کلوگرام کا ریٹ

پس، 1 کلوگرام کا ریٹ = $\left(\frac{2.1}{0.4536}\right)$ روپے

1 کلوگرام چائے کا ریٹ = 4.63 روپے

(ii) سعودی عرب میں 1 پاؤنڈ چائے کا ریٹ = $\left(\frac{2.1}{22.400}\right)$ ریال

= 0.09375 ریال

سعودی عرب میں 1 کلوگرام چائے کا ریٹ = $\left(\frac{4.63}{22.400}\right)$ ریال

سعودی عرب میں 1 کلوگرام چائے کا ریٹ = 0.21 ریال

.6 ایک ایکسپورٹر انگلستان کو 4000 پاؤنڈ سٹرلنگ کے کارپٹس ایکسپورٹ کرتا ہے۔ اس موقع پر تبادلہ ریٹ ایک پاؤنڈ سٹرلنگ 129.4542 روپے کے برابر تھا۔ وہ اس وقت رقم وصول کرتا ہے۔ جب تبادلہ کا ریٹ ایک پاؤنڈ سٹرلنگ 129.0599 روپے کے برابر تھا۔ اس کو کتنا نقصان ہوا؟

حل: ایکسپورٹ کے وقت ریٹ

1 سٹرلنگ پاؤنڈ کا ریٹ = 129.4542 روپے

40000 سٹرلنگ پاؤنڈ کی رقم = $129.4542 \times 40000 = 51,78,168$ روپے

رقم وصول کرتے وقت ریٹ

1 سٹرلنگ پاؤنڈ کا ریٹ = 129.0599

4000 سٹرلنگ پاؤنڈ کی رقم = $129.0599 \times 40000 = 51,62,396$

نقصان = $51,78,168 - 51,62,396 = 15,772$

.7 سعودی عرب میں ایک پاکستانی رہائشی 4370 ریال ماہانہ کماتا ہے اس کے ماہانہ اخراجات 3450 ریال ہیں۔ وہ اپنی بچت ہر ماہ پاکستان واپس بھیجتا ہے۔ وہ ایک سال میں کتنی بچت کرتا ہے؟

اگر تبادلہ کا ریٹ: 22.400 روپے = 1 سعودی ریال

سال بعد تبادلہ کا ریٹ: 22.3004 = 1 سعودی ریال

ماہانہ رقم واپس بھجوانے پر نقصان بتایئے۔

حل: ماہانہ آمدنی = 4370 ریال

ماہانہ اخراجات = 3450 ریال

ماہانہ بچت = $4370 - 3450 = 920$ ریال

سالانہ بچت = $920 \times 12 = 11040$ ریال

ایک ریال = 22.400 روپے

11040 ریال کی رقم = 22.400×11040 = 2,47,296 روپے

ایک سال کی بچت = 2,47,296 روپے

سال بعد تبادلے کا ریٹ

ایک ریال = 22.3004 روپے

11040 ریال کی رقم = 22.3004×11040 = 2,46,196.42 روپے

ماہانہ رقم واپس بھجوانے پر نفع = 2,47,296 − 2,46,196.42 = 1099.58 روپے

8. **رضوان سعودی عرب میں ایک کار 15000 ریال میں خریدتا ہے۔ ڈلیوری 3 ماہ بعد ہونا تھی جبکہ ادائیگی بھی ڈلیوری کے موقع پر کی جانی تھی۔ معاہدہ کے بعد تبادلہ کا ریٹ۔ روپے 22.400 = ایک سعودی ریال**
جبکہ ڈلیوری کے وقت تبادلہ کا ریٹ: روپے 22.0827 = ایک سعودی ریال
ریٹ میں تبدیلی کی بناء پر نقصان معلوم کیجیے۔

حل: کار کی قیمت خرید = 15000 ریال

معاہدے کے وقت 1 ریال کی قیمت 22.400 روپے

اس لیے معاہدے کے وقت کار کی قیمت

1 ریال = 22.400 روپے

15000 ریال = 22.400×15000 روپے = 3,36,000 روپے

جبکہ 3 ماہ بعد ڈلیوری کے وقت 1 ریال کی قیمت 22.0827 ہے۔

اس لیے ڈلیوری کے وقت کار کی قیمت

1 ریال = 22.0827 روپے

15000 ریال = 22.08270×15000 = 3,31,240.5 روپے

شرح تبادلہ میں تبدیلی کی وجہ سے نقصان = 3,36,000 − 3,31,240.50 = 4759.50 روپے

9. **علی کا ایک دوست سعودی عرب سے علی کو 450 ریال بھیجتا ہے۔ بینک تبادلہ کے دو ریٹس کی پیشکش کرتا ہے۔**
(ٹی ٹی کے ذریعہ خرید) روپے 22.3449 = 1 سعودی ریال
(ٹی سی کے ذریعہ خرید) روپے 22.2146 = 1 سعودی ریال
کونسا ریٹ قابل عمل ہوگا؟ مزید یہ کہ رقم پاکستانی روپوں میں معلوم کیجیے۔

حل: علی کو بھیجی گئی رقم = 450 ریال

(ٹی ٹی کے ذریعہ خرید) 1 ریال = 22.3449 روپے

450 ریال کی رقم = 22.3449×450

ٹی سی کے ذریعے خرید = 10055.205 روپے

(ٹی سی کے ذریعہ خرید) 1 ریال = 22.2146 روپے

450 ریال کی رقم = 22.2146×450 = 9996.57 روپے

اس لیے ٹی ٹی کے ذریعے رقم بھیجنا بہتر ہوگا۔

منافع/مارک اپ Profit / Markup

پاکستان میں اسلامی بینکنگ کے شروع ہونے سے نفع اور نقصان کی شراکت داری اور فنانسنگ کے اسلامی طریقوں کے تحت "سود" کا لفظ "منافع" یا "مارک اپ" سے تبدیل کردیا گیا ہے۔

منافع: جب ہم بینک میں اپنی بچتوں کو جمع کراتے ہیں۔تو بینک سے اپنی رقم استعمال کرنے کے عوض ہم کچھ اضافی رقم وصول کرتے ہیں۔ یہ اضافی رقم جو بینک ہماری رقم کے استعمال کے تبادلہ میں ہمیں دیتا ہے جمع کرائی گئی رقم پر منافع کہلاتا ہے۔اس طرح دیا گیا منافع بینک کے لیے اخراجات میں شمار ہوتا ہے اور گاہک کے لیے نفع شمار ہوتا ہے۔

مارک اپ: جب ہم بینک سے قرض حاصل کرتے ہیں تو ہم بینک کو اس کی دی ہوئی رقم کو استعمال کرنے کے عوض کچھ اضافی رقم دیتے ہیں۔ یہ زائد رقم جو ہم بینک کو ادا کرتے ہیں۔ مارک اپ کہلاتی ہے۔ یہ بینک کے لیے آمدنی جبکہ قرضدار یا گاہک کے لیے اخراجات ہوتی ہے۔

ریٹ: جمع شدہ رقم پر منافع یا قرض پر مارک اپ کو شرح فی صد کے حساب سے لیا جاتا ہے۔اسے ریٹ کہتے ہیں۔

اصل زر: وہ رقم جو جمع کروائی جاتی ہے یا قرض لی جاتی ہے اصل زر کہلاتی ہے۔

سالانہ ریٹ: منافع یا مارک اپ عام طور پر فکسڈ سالانہ ریٹ پر لیا جاتا ہے۔جس کو سالانہ ریٹ کہتے ہیں۔

سادہ مارک اپ: اگر منافع یا قرض کو اصل زر پر نکالا جائے تو اسے سادہ منافع یا مارک اپ کہتے ہیں۔

مرکب مارک اپ: جب پچھلے سال کے اصل زر میں نفع جمع کرنے کے بعد اگلے سال کا اصل زر سمجھا جائے اور اگلے سال کا نفع اس نئے اصل زر کے حساب سے حل کیا جائے تو اسے مرکب منافع کہتے ہیں۔جس کا مطلب اصل زر کے ساتھ منافع پر منافع۔

ضروری اصطلاحات درج ذیل ہیں۔

(i) رقم/سرمایہ جو قرض لیا گیا ہو یا دیا گیا ہو اصل زر کہلاتا ہے۔ (ii) حاصل کیے گئے فی صد منافع کو شرح (Rate) کہتے ہیں۔

(iii) قرض یا جمع کرائی گئی رقم کے دورانیہ کو مدت کہتے ہیں۔

(iv) جب اصل زر میں منافع کو جمع کیا جاتا ہے تو کل رقم کو اماؤنٹ (Amount) کہتے ہیں۔

منافع معلوم کرنا Calculate Profit

گاہک جو رقم بینک میں برقرار رکھتا ہے۔اس پر بینک جو اضافی رقم دیتا ہے اسے منافع کہتے ہیں۔فی صد شرح منافع جمع کرائی گئی رقم کی مدت پر منحصر ہوتی ہے۔منافع کی ادائیگی کا طریقہ کار ماہانہ، سہ ماہی، ششماہی یا سالانہ بھی ہوسکتا ہے۔اصل زر پر شرح منافع کا دورانیہ عام طور پر ایک سال ہوتا ہے منافع کی شرح کا بینک ششماہی یا سالانہ کی بنیاد پر اعلان کرتا ہے۔روایتی بینکنگ کے تحت جمع رقم پر سود کا ریٹ پہلے سے طے شدہ بنیاد پر ہوتا ہے۔اسلامک بینکنگ میں پہلے سے طے شدہ منافع کا کوئی تصور نہیں ہوتا۔اس کی بجائے رقم جمع کرانے والا بینک کے نفع اور نقصان میں شراکت کرتا ہے۔جمع رقم پر منافع بینک کا خرچہ ہوتا ہے اور اسے بینک کے اخراجات میں شامل کیا جاتا ہے۔

درج ذیل کلیہ کو جمع رقم یا بینک میں لگائی گئی رقم، مالی اداروں یا نیشنل سیونگ سنٹرز میں لگائی رقوم پر نفع نکالنے کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔

$$\text{منافع (سادہ)} = \frac{\text{شرح} \times \text{مدت} \times \text{اصل زر}}{100}$$

درج بالا کلیہ سے سالانہ کی بنیاد پر منافع معلوم کیا جاتا ہے۔ روزانہ، ماہانہ، سہ ماہی، ششماہی کی بنیاد پر منافع معلوم کرنے کے لیے مدت کے دورانیہ کو ضرورت کے مطابق عدد سے تقسیم کر کے سالوں میں تبدیل کرتے ہیں۔

درج بالا مساوات کو دوبارہ ترتیب دیتے ہوئے غیر موجود حصے کو معلوم کر سکتے ہیں۔

$$\text{اصل زر} = \frac{100 \times \text{منافع کی رقم}}{\text{شرح} \times \text{مدت}}$$

(جبکہ نفع، مدت اور شرح دی گئی ہوں)

$$\text{اصل زر} = \frac{100 \times \text{کل رقم}}{100 + (\text{شرح} \times \text{مدت})}$$

(جبکہ رقم، مدت اور شرح دی گئی ہوں)

$$\text{شرح} = \frac{100 \times \text{منافع کی رقم}}{\text{اصل زر} \times \text{مدت}}$$

$$\text{مدت} = \frac{100 \times \text{منافع کی رقم}}{\text{اصل زر} \times \text{شرح}}$$

(جبکہ منافع، شرح اور اصل زر دی گئی ہوں)

کمپاؤنڈ منافع (منافع پر منافع) درج ذیل کلیہ سے معلوم کیا جا سکتا ہے۔

$$\text{منافع (کمپاؤنڈ)} = \text{اصل زر} \times \left(\frac{100 + \text{شرح}}{100}\right)^{\text{مدت}}$$

Calculation of Markup مارک اپ معلوم کرنا

قرض پر یا ادھار پر لی گئی رقم پر مارک اپ درج ذیل کلیوں کی مدد سے معلوم کیا جا سکتا ہے۔

$$\text{مارک اپ (سالانہ)} = \frac{\text{شرح} \times \text{ادھار لی گئی رقم}}{100}$$

$$\text{مارک اپ (ماہانہ)} = \frac{\text{شرح} \times \text{ادھار لی گئی رقم}}{100 \times 12}$$

$$\text{مارک اپ (روزانہ)} = \frac{\text{شرح} \times \text{ادھار لی گئی رقم}}{100 \times 365}$$

مثال: ایک آدمی 1,00,000 روپے 3 سال کے لیے 16% کی سالانہ شرح سے ادھار لیتا ہے۔ اسے کتنا مارک اپ ادا کرنا ہوگا؟

حل: اصل زر = 100,000 روپے

100,000 روپے کا ایک سال کے لیے مارک اپ $= \frac{16}{100} \times 100,000 = 16000$ روپے

100,000 روپے 3 سال کے لیے مارک اپ $= 3 \times 16000 = 48,000$ روپے

حل مشق 4.2

1. ایک مالی ادارہ نے 55 روپے سادہ منافع ایک رقم پر حاصل کیا جو کہ 5 ماہ کے لیے ادھار لی گئی تھی۔ اگر منافع کی شرح 12% سالانہ ہو تو رقم معلوم کیجیے۔

حل:

سادہ منافع = $I = 55$ روپے

منافع کی شرح = $R = 12\%$ سالانہ $= \frac{12}{100} = 0.12$ سالانہ

مدت = $T = 5$ مہینے $= \frac{5}{12}$ سال

اصل رقم = $P = ?$

ہم جانتے ہیں کہ

$$P = \frac{I}{R \times T}$$

$$P = \frac{55}{\frac{12}{100} \times \frac{5}{12}} = \frac{55 \times 100}{5}$$

$$P = 1100$$

2. جاوید ایک سیونگ سکیم میں 800 روپے 6% سالانہ شرح کے حساب سے لگاتا ہے اور 1200 روپے 7% سالانہ شرح پر لگاتا ہے۔ ان کا ان دونوں رقوم پر کل کتنا منافع ہوگا؟

حل: پہلی سرمایہ کاری:

اصل رقم $P = 800$ روپے

منافع کی شرح $R = 6\% = \frac{6}{100} = 0.06$ سالانہ

وقت $T = 1$ سال

منافع کی رقم $= I = ?$

ہم جانتے ہیں کہ $= P \times R \times T$

$I = 800 \times 0.06 \times 1 = 48$ روپے

دوسری سرمایہ کاری:

اصل رقم $P = 1200$

منافع کی شرح $R = 7\%$ سالانہ $\frac{7}{100} = 0.07$ سالانہ

مدت $T = 1$ سال

منافع کی رقم $= I = ?$

ہم جانتے ہیں کہ $I = P \times R \times T$

$I = 1200 \times 0.07 \times 1 = 84$ روپے

کل منافع $= 48 + 84 = 132$ روپے

3. 1250 روپے کتنا عرصہ کے لیے 6% سالانہ شرح پر سادہ منافع 750 روپے حاصل کرنے کے لیے جمع کروائے جائیں؟

حل:

مدت $= T = ?$

اصل رقم $= P = 1250$ روپے

منافع کی شرح $= R = 6\%$ سالانہ $= \frac{6}{100} = 0.06$ سالانہ

منافع $= I = 750$ روپے

ہم جانتے ہیں کہ $I = P \times R \times T$

$$T = \frac{I}{P \times R}$$

$$T = \frac{750}{1250 \times 0.06} = \frac{750}{75}$$

$T = 10$ سال

4. علی نے عابد کو 4800 روپے 7 ماہ کے لیے دیئے۔ اس دورانیہ کے اختتام پر عابد نے علی کو 119 روپے منافع دینا ہوگا۔ منافع کی سالانہ شرح فی صد معلوم کیجیے۔

حل:

اصل رقم $= P = 4800$

مدت $= T = 7$ مہینے $= \frac{7}{12}$ سال

منافع $= I = 119$ روپے

منافع کی شرح $= R = ?$

ہم جانتے ہیں کہ $I = P \times R \times T$

$$R = \frac{I}{P \times T} \times 100\%$$

$$R = \frac{119 \times 100}{4800 \times \frac{7}{12}}\%$$

$$R = \frac{119 \times 12 \times 100}{4800 \times 7}\%$$

$$R = 4.25\% = 4\frac{1}{4}\%$$

5. ایک سال کے دوران جاوید ایک پرائیویٹ بینک میں مارچ کے آخر میں 600 روپے اور جون کے آخر میں 400 روپے جمع کرواتا ہے۔ بینک اسے 3% سالانہ شرح کے حساب سے سادہ منافع تجویز کرتا ہے۔ جاوید نے اس سال دسمبر کے آخر میں جتنی رقم وصول کی وہ معلوم کیجیے۔

حل: پہلی سرمایہ کاری:

اصل رقم $P = 600$

مدت $= T = 9$ مہینے $= \frac{9}{12}$ سال

منافع کی شرح $= R = 3\%$ سالانہ $= \frac{3}{100}$ سالانہ

منافع کی رقم $= I = ?$

ہم جانتے ہیں کہ $I = P \times R \times T$

$I = 600 \times \frac{3}{100} \times \frac{9}{12} = 13.50$ روپے

پہلی سرمایہ کاری سے دسمبر کے آخر میں وصول کردہ رقم:

$A = P + I$

$= 600 + 13.50 = 613.50$

دوسری سرمایہ کاری:

اصل رقم $= P = 400$

مدت $= T = 6$ مہینے $= \frac{6}{12}$ سال

منافع کی شرح $= R = 3\%$ سالانہ $= \frac{3}{100}$ سالانہ

منافع کی رقم $= I = ?$

ہم جانتے ہیں کہ $I = P \times R \times T$

$I = 400 \times \frac{3}{100} \times \frac{6}{12} = 6$ روپے

دوسری سرمایہ کاری سے سال کے آخر میں حاصل کردہ رقم $= P + I$

$= 400 + 6 = 406$ روپے

دسمبر کے آخر میں وصول کردہ کل رقم $= 613.50 + 406 = 1019.50$ روپے

.6 کس سالانہ شرح منافع پر ایک رقم 680 روپے سے بڑھ کر 3 سال 4 ماہ میں 850 روپے ہو جائے گی؟

حل:

منافع کی شرح $= R = ?$

اصل رقم $= P = 680$

اصل رقم منافع کے ساتھ $= 850$

منافع کی رقم $= I = 850 - 680 = 170$

مدت $= T = 3$ سال 4 مہینے

$= \left(3 + \frac{4}{12}\right)$ سال $= \frac{40}{12}$ سال

$= \frac{10}{3}$ سال

ہم جانتے ہیں کہ

$$R = \frac{I}{P\times T}\times 100\%$$

$$= \frac{170}{680\times\frac{10}{3}}\times 100\%$$

$$= \frac{170\times 3\times 100}{680\times 10}\% = 7.5$$

$$= 7\frac{1}{2}\%$$ سالانہ

7. اس یونٹ میں دیے گئے کلیوں کی مدد سے درج ذیل جدول کی نقل بنائیے اور مکمل کیجیے۔

	اصل زر	منافع کی شرح	مدت	سادہ منافع	رقم
(a)	12,000 روپے	8 %	7سال		
(b)	500روپے	11%		220روپے	
(c)		9%	4سال	108روپے	
(d)	3,000روپے		10سال	1,200روپے	
(e)			2سال	360روپے	3,960روپے
(f)	1,800روپے		18مہینے	189روپے	
(g)	4,500روپے		2سال		5,040روپے
(h)		5 %		90روپے	1,290روپے

حل: (a)

$$\text{اصل زر} = P = 12000$$

$$\text{منافع کی شرح} = R = 8\% \text{ سالانہ} = \frac{8}{100} \text{ سالانہ}$$

$$\text{مدت} = T = 7 \text{ سال}$$

$$\text{منافع} = I = ?$$

$$\text{کل رقم} = A = ?$$

ہم جانتے ہیں کہ

$$I = P\times R\times T$$

$$I = 12000\times\frac{8}{100}\times 7 = 6720 \text{ روپے}$$

$$\text{کل رقم} = A = P + I$$

$$= 12000 + 6720 = 18720 \text{ روپے}$$

حل: (b)

$$\text{اصل زر} = P = 500 \text{روپے}$$

$$\text{منافع کی شرح} = R = 11\% \text{ سالانہ} = \frac{11}{100} \text{ سالانہ}$$

$$\text{مدت} = T = ?$$

$$\text{منافع} = I = 220 \text{ روپے}$$

$$\text{کل رقم} = A = ?$$

ہم جانتے ہیں کہ

$$I = P \times R \times T$$

$$T = \frac{I}{P \times R}$$

$$T = \frac{220}{500 \times \frac{11}{100}} = \frac{220 \times 100}{500 \times 11}$$

$T = 4$ سال

کل رقم $= P + I$

$= 500 + 220 = 720$

(c) حل:

$$\text{اصل زر} = P = ?$$

منافع کی شرح $= R = 9\%$ سالانہ $= \frac{9}{100}$ سالانہ

مدت $= T = 4$ سال

منافع $= I = 108$

$$\text{کل رقم} = A = ?$$

ہم جانتے ہیں کہ

$$I = P \times R \times T$$

$$\text{Or } P = \frac{I}{T \times R}$$

$$P = \frac{108}{\frac{9}{100} \times 4} = \frac{108 \times 100}{9 \times 4} = 300$$

کل رقم $= A = P + I$

$= 300 + 108 = 408$ روپے

(d) حل:

اصل زر $= P = 3000$

منافع کی شرح $= R = ?$

مدت $= T = 10$ سال

منافع $= I = 1200$ روپے

کل رقم $= A = ?$

ہم جانتے ہیں کہ

$$R = \frac{I}{P \times T} \times 100\%$$

$$R = \frac{1200}{3000 \times 10} \times 100\%$$

$R = 4\%$ سالانہ

کل رقم $= P + I$

$= 3000 + 1200 = 4200$ روپے

(e) حل:

اصل زر $= P = ?$

منافع کی شرح $= R = ?$

مدت = T = 2 سال
منافع = I = 360 روپے
کل رقم = A = 3960 روپے
اصل زر = کل رقم - منافع
= 3960 − 360 = 3600

ہم جانتے ہیں کہ
$I = P \times R \times T$

$R = \frac{I}{P \times T} \times 100\%$

$R = \frac{360}{3600 \times 2} \times 100\%$

R = 5% سالانہ

حل: (f)
اصل زر = P = 1800
منافع کی شرح = R = ?
مدت = T = 18 مہینے = $\frac{18}{12}$ سال = 1.5 سال
منافع = I = 189 روپے
کل رقم = A = ?

ہم جانتے ہیں کہ
$R = \frac{I}{P \times T} \times 100\%$

$R = \frac{189}{1800 \times 1.5} \times 100\%$

R = 7% سالانہ

کل رقم = P + I
= 1800 + 189 = 1989 روپے

حل: (g)
اصل زر = P = 4500
منافع کی شرح = R = ?
مدت = T = 2 سال
منافع = I = ?
کل رقم = A = 5040

ہم جانتے ہیں کہ
I = کل رقم - اصل زر
I = 5040 − 4500 = 540 روپے

ہم جانتے ہیں کہ
$R = \frac{I}{P \times T} \times 100\%$

$R = \frac{540}{4500 \times 2} \times 100\%$

R = 6% سالانہ

حل: (h)

اصل زر = P = ?
منافع کی شرح = R = 5% سالانہ = $\frac{5}{100}$ سالانہ
مدت = T = ?
منافع = I = 90 روپے
کل رقم = A = 1290 روپے

ہم جانتے ہیں کہ
اصل زر = کل رقم - منافع

$P = 1290 - 90 = 1200$ روپے

ہم جانتے ہیں کہ

$$T = \frac{I}{P \times R}$$

$$T = \frac{90}{1200 \times \frac{5}{100}}$$

$$T = \frac{90}{60} = \frac{3}{2}$$

Or $T = 1\frac{1}{2}$ سال

	اصل زر	منافع کی شرح	مدت	سادہ منافع	رقم
(a)	12,000 روپے	8 %	7سال	6720روپے	18720روپے
(b)	500روپے	11%	4سال	220روپے	720روپے
(c)	300روپے	9%	4سال	108روپے	408روپے
(d)	3,000روپے	4%	10سال	1,200روپے	4200روپے
(e)	3600روپے	5%	2سال	360روپے	3,960روپے
(f)	1,800روپے	7%	18مہینے	189روپے	1989روپے
(g)	4,500روپے	6%	2سال	540روپے	5,040روپے
(h)	1200روپے	5 %	$1\frac{1}{2}$ سال	90روپے	1,290روپے

.8 ایک بینک نے سالانہ شرح منافع 3.5% سے 4% تک بڑھادی۔ بتایئے سعید کتنا اضافی منافع حاصل کرے گا اگر وہ 6400روپے 6ماہ کے لیے نئی منافع کی شرح پر جمع کرائے؟

حل: جب منافع 3.5% تھا۔

اصل زر = P = 6400 روپے
منافع کی شرح = R = 3.5% سالانہ = 0.035سالانہ
مدت = T = 6ماہ = $\frac{6}{12}$ سال = $\frac{1}{2}$ سال
منافع = I = ?

ہم جانتے ہیں کہ

$I = PRT$

$I = 6400 \times 3.5\% \times \frac{1}{2}$

$I = 6400 \times \frac{3.5}{100} \times \frac{1}{2}$

$I = 112$ روپے

جب منافع کی شرح 3.5% سے بڑھ کر 4% ہو۔

$P = 6400$

$R = 4\%$

$T = \frac{1}{2}$ سال

$I = ?$

$I = 6400 \times \frac{4}{100} \times \frac{1}{2}$

$I = 128$

لہٰذا، 4% کی شرح پر 6 ماہ کے لیے رقم جمع کروانے پر

اضافی منافع $= 128 - 112$

$= 16$ روپے

9. جمشید کی بیوی نے 4000 روپے کسی بینک میں لگائے۔ جو اپنے سرمایہ کاروں کو $7\frac{1}{4}\%$ سالانہ شرح سے سادہ منافع دیتا ہے۔ دو سال بعد شرح منافع بڑھ کر 8% ہو جاتی ہے۔ 7 سال بعد اس کے پاس کتنی رقم ہو گی؟

حل:

اصل زر $= P = 4000$

منافع کی شرح $= R = 7\frac{1}{4}\%$ سالانہ $= \frac{29}{4}\%$ سالانہ $= \frac{29}{400}$ سالانہ

مدت $= T = 2$ سال

منافع $= I = ?$

ہم جانتے ہیں کہ

$I = P \times R \times T$

$I = 4000 \times \frac{29}{400} \times 2 = 580$ روپے

منافع کی شرح $7\frac{1}{4}\%$ سے بڑھ کر 8% ہو گئی۔

اصل زر $= P = 4000$

منافع کی شرح $= R = 8\%$ سالانہ $= \frac{8}{100}$ سالانہ

مدت $= T = 5$ سال

منافع $= I = ?$

ہم جانتے ہیں کہ

$I = P \times R \times T$

$$I = 4000 \times \frac{8}{100} \times 5$$

$I = 1600$ روپے

7 سال بعد اس کے پاس جتنی رقم ہوگی $= 4000 + 580 + 1600$

$= 6180$ روپے

10. داؤد نے کسی بینک میں ایک خاص رقم جمع کرائی۔ اگر منافع کی شرح $3\frac{3}{4}\%$ سالانہ سے کم ہو کر $3\frac{1}{2}\%$ ہو جائے تو داؤد کا منافع ایک سال میں 50 روپے کم ہو جاتا ہے۔ اس نے کل کتنی رقم جمع کرائی؟

حل:

اصل زر $= P = ?$

منافع کی شرح $= R = 3\frac{3}{4}\%$ سالانہ $= \frac{15}{4}\%$ سالانہ $= 0.0375$ سالانہ

مدت $= T = 1$ سال

فرض کیا منافع کی رقم $= I = K$ .... (i)

ہم جانتے ہیں کہ

$$P = \frac{I}{R \times T}$$

$$P = \frac{K}{0.0375 \times 1} \quad ....(ii)$$

جب منافع کی شرح $3\frac{1}{2}\%$ ہو۔

$P = ?$

منافع کی شرح $= 3\frac{1}{2}\%$ سالانہ $= 0.035$ سالانہ

مدت $T = 1$ سال

منافع $I = = K - 50$

ہم جانتے ہیں کہ

$$P = \frac{I}{R \times T} = \frac{K-50}{0.035 \times 1}$$

$$P = \frac{K-50}{0.035} \quad .... (iii)$$

مساوات (ii) اور (iii) کا موازنہ کرنے سے

$$\frac{K}{0.0375} = \frac{K-50}{0.035}$$

ضرب چلیپائی کے طریقے سے

$0.035K = 0.0375\,K - 1.875$

$0.0375\,K - 0.035\,K = 1.875$

$(0.0375 - 0.035)\,K = 1.875$

$(0.0025)K = 1.875$

$$K = \frac{1.875}{0.0025} = 750$$

مساوات (ii) میں K کی قیمت درج کرنے سے

اصل رقم کی جب منافع کی شرح $3\frac{3}{4}\%$ سالانہ ہو۔

$$\text{i.e. } P = \frac{750}{0.0375}$$

یا $P = 20{,}000$ روپے

11. کمپاؤنڈ منافع معلوم کیجیے؟

(i) 450 روپے 2 سال کے لیے 10% سالانہ شرح پر کمپاؤنڈ منافع

(ii) 700 روپے 3 سال کے لیے 11% سالانہ شرح پر کمپاؤنڈ منافع

(iii) 5000 روپے 2 سال کے لیے $11\frac{3}{4}\%$ سالانہ شرح پر کمپاؤنڈ منافع

(iv) 1200 روپے 3 سال کے لیے 4% سالانہ شرح پر کمپاؤنڈ منافع

(v) 10000 روپے 3 سال کے لیے $7\frac{1}{2}\%$ سالانہ شرح پر کمپاؤنڈ منافع

حل:

(i)

اصل زر = $P = 450$ روپے

مدت = $T = 2$ سال

منافع کی شرح = $r = 10\%$ سالانہ = 0.1 سالانہ

کمپاؤنڈ منافع = $C.I = ?$

ہم جانتے ہیں کہ

$$A = P(1+r)^t$$
$$A = 450(1+0.1)^2$$
$$A = 450(1.1)^2$$
$$= 450(1.21) = 544.50$$

کمپاؤنڈ منافع = $C.I = A - P$

$= 544.50 - 450 = 94.50$ روپے

(ii)

اصل زر = $P = 700$ روپے

مدت = $T = 3$ سال

منافع کی شرح = $r = 11\%$ سالانہ $\frac{11}{100}$ سالانہ = 0.11

کمپاؤنڈ منافع = $C.I = ?$

ہم جانتے ہیں کہ

$$A = P(1+r)^t$$
$$A = 700(1+0.11)^3$$
$$A = 700(1.11)^3$$

$A = 700(1.3676) = 957.34$ روپے

$C.I = A - P$

$= 957.34 - 700 = 257.34$ روپے

(iii) حل:

اصل زر $= P = 5000$ روپے

مدت $= T = 2$ سال

منافع کی شرح $= r =$ سالانہ $11\frac{3}{4}\% = 0.1175$ سالانہ

کمپاؤنڈ منافع $= C.I = ?$

ہم جانتے ہیں کہ

$A = P(1+r)^t$

$A = 5000(1+0.1175)^2$

$A = 5000(1.1175)^2 = 6244.03$ روپے

کمپاؤنڈ منافع $= C.I = A - P$

$= 6244.03 - 5000 = 1244.03$ روپے

(iv) حل:

اصل زر $= P = 1200$ روپے

مدت $= T = 3$ سال

منافع کی شرح $= r = 4\%$ سالانہ $= 0.04$ سالانہ

کمپاؤنڈ منافع $= C.I = ?$

ہم جانتے ہیں کہ

$A = P(1+r)^t$

$A = 1200(1+0.04)^3$

$A = 1200(1.04)^3 = 1349.84$ روپے

کمپاؤنڈ منافع $= C.I = A - P$

$= 1349.84 - 1200 = 149.84$ روپے

(v)

اصل زر $= P = 10000$ روپے

مدت $= T = 3$ سال

منافع کی شرح $= r = 7\frac{1}{2} = \frac{15}{2}\%$ سالانہ $= 0.075$ سالانہ

کمپاؤنڈ منافع $= C.I = ?$

ہم جانتے ہیں کہ

$A = P(1+r)^t$

$A = 10000(1+0.075)^3$

$A = 10000(1.075)^3 = 12422.97$ روپے

$C.I = A - P$

$= 12422.97 - 10000 = 2422.97$ روپے

.12 وسیم نے 5000 روپے $5\frac{1}{4}\%$ سالانہ شرح پر کمپاؤنڈ منافع کے لیے لگائے۔ تیسرے سال کے اختتام پر رقم کیا ہوگی؟

حل:

اصل زر = $P = 5000$ روپے

منافع کی شرح = $r = 5\frac{1}{4}\%$ سالانہ $= 0.0525$ سالانہ

مدت = $T = 3$ سال

کمپاؤنڈ منافع = $C.I = ?$

ہم جانتے ہیں کہ

$$A = P(1+r)^t$$
$$A = 5000(1+0.0525)^3$$
$$A = 5000(1.0525)^3 = 5829.57 \text{ روپے}$$

.13 جاوید نے 800 روپے $12\frac{1}{2}\%$ سالانہ شرح سے کمپاؤنڈ منافع کے لیے ششماہی کمپاؤنڈ کے حساب سے لگائے پہلے سال کے اختتام پر اسے کتنی رقم ملے گی؟

حل:

اصل زر = $P = 800$ روپے

سالانہ منافع کی شرح = $12\frac{1}{2}\% = \frac{25}{2}\%$ سالانہ $= 0.125$ سالانہ

ششماہی منافع کی شرح = $r = \frac{0.125}{2} = 0.0625$

مدت بحساب ششماہی = $T = 1$ سال $= \frac{12}{6} = 2$

کل منافع $A = ?$

ہم جانتے ہیں کہ

$$A = P(1+r)^t$$
$$A = 800(1+0.0625)^2$$
$$A = 800(1.0625)^2 = 903.125 \text{ روپے}$$

سال کے اختتام پر جاوید کو 903.125 روپے ملیں گے۔

.14 سلیم نے 9000 روپے 2% سالانہ شرح سے کمپاؤنڈ منافع کے لیے روزانہ کمپاؤنڈ کے حساب سے لگائے۔ تیسرے دن کے اختتام پر رقم کیا ہوگی؟

حل:

اصل زر = $P = 9000$ روپے

منافع کی شرح = $r = 2\%$ سالانہ $= 0.02$ سالانہ $= \frac{0.02}{365} = 0.000054$ روزانہ

مدت = $T = 3$ دن

کل رقم = $A = ?$

ہم جانتے ہیں کہ

$$A = P(1+r)^t$$
$$A = 9000(1+0.00054)^3$$
$$A = 9000(1.000054)^3 = 9001.47 \text{ روپے}$$

تیسرے دن کے اختتام پر رقم 9001.47 روپے ہوگی۔

حل مشق 4.3

1. ایک آدمی نے نیشنل بینک سے $12\frac{1}{2}\%$ سالانہ شرح پر 3 مارچ کو 1460 روپے ادھار لیے۔ اسے یکم جولائی کو کتنی رقم دینی ہوگی تا کہ قرض اتارا جاسکے۔

حل:

اصل زر = 1460

شرح = $12\frac{1}{2}\%$ سالانہ $= \frac{25}{2}\%$ سالانہ

3 مارچ سے یکم جولائی تک

مارچ = 29 دن

اپریل = 30 دن

مئی = 31 دن

جون = 30 دن

جولائی = 1 دن

ٹوٹل = 120 دن

$12\frac{1}{2}\%$ مارک اپ $= \frac{1460\times25\times120}{2\times100\times365} = 60$ روپے

یکم جولائی کو جتنی رقم ادا کرنا ہوگی = $60+1460 =$ 1520 روپے

2. ایک دوکاندار نے UBL بینک سے 3540 روپے $10\frac{3}{4}\%$ سالانہ شرح پر ادھار لیے اور اسی دن ساری رقم $11\frac{1}{2}\%$ سالانہ شرح پر ادھار میں دے دی۔ اسے 3 سال 4 ماہ بعد کتنا منافع ہوگا؟

حل:

اصل زر = 3540

شرح = $10\frac{3}{4}\%$ سالانہ $= \frac{43}{4}\%$ سالانہ

مدت = 3 سال 4 مہینے

تین سال کے لیے:

$10\frac{3}{4}\%$ مارک اپ $= \frac{3540\times43\times3}{4\times100} = 1141.65$

چار مہینے کے لیے:

$10\frac{3}{4}\%$ مارک اپ $= \frac{3540\times43\times4}{4\times100\times12} = 126.85$

کل مارک اپ $10\frac{3}{4}\%$ کی شرح سے جو دوکاندار نے ادا کیا $= 1141.65 + 126.85 = 1268.50$ روپے

ساری رقم $11\frac{1}{2}\%$ پر ادھار دی گئی:

شرح = $11\frac{1}{2}\% = 11\frac{1}{2}\% = \frac{23}{2}\%$

مدت = 3 سال 4 مہینے

اصل زر = 3540

3 سال کے لیے مارک اپ:

مارک اپ $11\frac{1}{2}\%$ = $\frac{3540 \times 23 \times 3}{2 \times 100} = 1221.30$

چار مہینے کے لیے مارک اپ:

مارک اپ $11\frac{1}{2}\%$ = $\frac{3540 \times 23 \times 4}{2 \times 100 \times 12} = 135.70$

$11\frac{1}{2}\%$ کی شرح سے کل مارک اپ کی رقم جو دکاندار نے وصول کی

= $1221.30 + 135.70 = 1357$

حاصل کیا گیا منافع = $1357 - 1268.50 = 88.50$

3. 2 سال کے لیے 6% سالانہ شرح کے حساب سے الائیڈ بینک نے 8034 روپے منافع کے طور پر حاصل کیے۔ بینک نے کتنے روپے قرضہ دیا؟

حل:

اصل زر = $P = ?$

شرح = $r = 6\% = 0.06$

مدت = 2 سال

منافع = 8034 روپے

فرض کریں اصل زر 100 روپے ہے

حتمی رقم = $P(1+r)^t$

حتمی رقم = $100\left(1+\frac{6}{100}\right)^2$

حتمی رقم = 112.36

منافع = $112.36 - 100$

منافع جب اصل زر 100 روپے ہو 12.36

جب منافع ایک روپیہ ہو تو اصل زر = $\frac{100}{12.36}$

جب منافع 8034 روپے ہو تو اصل زر = $\frac{8034 \times 100}{12.36}$ = 65000 روپے

لہٰذا، بینک نے 65000 روپے قرض دیا

4. ایک کمپنی نے 8% سالانہ شرح سادہ مارک اپ بینک الفلاح سے 6600 روپے قرض لیا۔ 11 ماہ بعد کمپنی کو بینک کو کیا دینا ہوگا؟

حل:

$P = 6600$ روپے

$R = 8\% = \dfrac{8}{100} = 0.08$

$T = 11$ مہینے $= \dfrac{11}{12}$ سال

مارک اپ = ?

مارک اپ $= \dfrac{6600 \times 8 \times 11}{100 \times 12} = \dfrac{5,80,800}{1200}$

$= 484$

بینک کو ادا کی گئی رقم = P + مارک اپ

$= 6600 + 484 = 7084$ روپے

5. اسلامی بینک 2.25% ماہانہ شرح سادہ مارک اپ شخصی قرض پر حاصل کرتا ہے اگر علی 2 سال اور ایک مہینے کے لیے 6400 روپے قرض لیتا ہے۔ تو اسے کتنا مارک اپ ادا کرنا ہوگا؟

حل:

اصل زر = P = 6400 روپے

شرح = R = 2.25% فی ماہ

مدت = T = 2 سال 1 مہینہ = (24+1) ماہ

= 25 ماہ

2 سال ایک ماہ کے لیے مارک اپ:

مارک اپ $= \dfrac{6400 \times 2.25 \times 25}{100}$ ∴ 2 سال = 24 مہینے

= 3600 روپے

لہٰذا، اسے کل 3600 روپے مارک اپ ادا کرنا ہوگا۔

6. 2,50,000 روپے پر ایک سال کے لیے کمپاؤنڈ مارک اپ 14% سالانہ شرح کے حساب سے معلوم کیجیے۔

حل:

اصل زر = P = 2,50,000 روپے

مدت = T = 1 سال

شرح = 14% سالانہ = $\dfrac{14}{100}$ سالانہ

مارک اپ (سالانہ) = $\dfrac{\text{شرح} \times \text{ادھار لی گئی رقم}}{100}$

$= 2,50,000 \times \dfrac{14}{100} \times 1 = 35000$ روپے

.7 600 روپے 4 سال کے لیے 6% سالانہ شرح سے کمپاؤنڈ منافع معلوم کیجیے۔

حل:

اصل زر = P = 600 روپے

مدت = t = 4 سال

شرح = r = 6% سالانہ $\frac{6}{100}$ 0.06 سالانہ

کمپاؤنڈ منافع = ?

ہم جانتے ہیں

$A = P(1 + r)^t$

$A = 600(1 + 0.06)^4$

$A = 600(1.2625) = 757.48$ روپے

کمپاؤنڈ منافع $= A - P$

$= 757.48 - 600$

$= 157.48$ روپے

.8 50,000 روپے 4% سالانہ شرح سے $1\frac{1}{2}$ سال کے لیے کمپاؤنڈ منافع معلوم کیجیے۔

حل:

اصل زر = 50000

شرح = 4%

مدت = $1\frac{1}{2}$ سال

حتمی رقم $= 50000\left(1+\frac{4}{100}\right)^1\left(1+\frac{2}{100}\right)^1$

$= 50000(1.04)(1.02)$

حتمی رقم = 53040

کمپاؤنڈ منافع $= 53040 - 50000$

کمپاؤنڈ منافع = 3040 روپے

.9 54000 روپے پر ایک سال کے لیے 12% سالانہ شرح سے کمپاؤنڈ منافع معلوم کیجیے۔

حل:

اصل زر = P = 54000 روپے

مدت = T = 1 سال

شرح = r = $12\% = \frac{12}{100} = 0.12$ سالانہ

کمپاؤنڈ منافع = ?

ہم جانتے ہیں

$A = P(1 + r)^t$

$A = 54000(1 + 0.12)^1$

$A = 54000 (1.12) = 60480$ روپے

کمپاؤنڈ منافع $= A - P$

$= 60480 - 54000 = 6480$ روپے

Insurance بیمہ

بیمہ پالیسی Insurance Policy

بیمہ یا انشورنس دو پارٹیوں کے درمیان ایک معاہدہ ہے جس میں ایک شخص یا پارٹی ایک رقم ماہانہ، سہ ماہی یا سالانہ اقساط کی صورت میں ایک خاص بیمہ کمپنی کو ادا کرنے پر تیار ہوتا ہے تاکہ زندگی، چوری اور نقصانات وغیرہ کو لاحق خطرات کے مقابلہ میں تحفظ مل سکے۔ اس معاہدہ کے تحت انشورنس کمپنی کو طے شدہ رقم یا نقصان کی اصل قیمت یا اچانک موت، خطرہ یا طے شدہ مدت کی تکمیل کی بناء پر واپس ادا کرنا ہوتی ہے۔

انشورنس میں استعمال ہونے والی بنیادی اصطلاحات درج ذیل ہیں۔

(i) ایک بیمہ کمپنی یا ادارہ جو بہت سے خطرات کے خلاف انشورنس کرتا ہے / انشورنس مہیا کرتی ہے اور بیمہ پالیسی جاری کرتا ہے اسے بیمہ کمپنی (Insurer) کہتے ہیں۔

(ii) ایک شخص جس کو انشورنس پالیسی جاری کی جاتی ہے جو کہ انشورنس کے معاہدہ میں فائدہ مند ہوتا ہے انشورڈ یا انشوریںٹ (بیمہ دار / بیمہ شدہ) کہلاتا ہے۔

(iii) دو پارٹیوں کے درمیان جو معاہدہ ہوتا ہے وہ انشورنس پالیسی کہلاتا ہے۔

(iv) انشورڈ (بیمہ دار) کی طرف سے وقفہ وقفہ سے ادا کی گئی اقساط پریمیم کہلاتی ہیں۔

(v) وہ مدت جس پر بیمہ دار اور بیمہ کمپنی دونوں راضی ہوں میچورٹی کہلاتا ہے۔

(vi) معاہدہ کی کل رقم جسے میچورٹی یا راضی شدہ مدت کے اختتام پر واپس ادا کی جاتی ہے اس میں اصل رقم جو قسطوں میں ادا کی گئی ہو اور منافع شامل ہو بونس کہلاتا ہے۔

لائف انشورنس اور گاڑی کی انشورنس *Life Insurance and Veicle Insurance*

عام طور پر انشورنس دو قسم کی ہوتی ہے۔

(i) لائف انشورنس (ii) گاڑی اور جائیداد کی انشورنس

لائف انشورنس *Life Insurance*

لائف انشورنس ایک معاہدہ ہے۔ جس میں فریقین کے درمیان اصل رقم اور منافع جسے بونس کہتے ہیں کہ واپس ادائیگی کے لیے ایک میچورٹی مدت پر اتفاق ہو جاتا ہے۔ دوسری صورت میں بیمہ دار کی مدت واقع ہونے پر یا کسی حادثہ وغیرہ پر (ان میں سے جو بھی پہلے واقع ہو) انشورنس ادا کی جاتی ہے۔ ایک شخص بڑھاپے یا کسی نااہلی کے لیے بھی انشورنس پالیسی لے سکتا ہے جس کی رقم بیمہ دار کی آمدنی کا 5% سے 10% تک ہو سکتی ہے۔

گاڑی کی انشورنس Vehicle Insurance

بعض اوقات افراد یا کمپنیاں اپنی گاڑیوں یا جائیداد کے چوری ہونے، حادثات کا شکار ہونے یا آگ لگنے کے خطرہ کے پیش نظر انشورنس پالیسیاں حاصل کرتی ہیں۔ پالیسی کی رقم چیز کی کل قیمت یا جزوی قیمت ہوتی ہے۔ جبکہ پریمیم چیز کی اصل قیمت یا پالیسی کی کل رقم کا کچھ فیصد ہوتا ہے۔ اس کا کمپنی قوانین کے تحت مختلف مدتوں کے لیے مختلف شرح کے حساب سے فیصلہ کیا جاتا ہے۔ پہلا پریمیم عام طور پر ایک سال کی اقساط کی کل رقم ہوتا ہے۔

حل مشق 4.4

1. اگر پریمیم کی رقم درج ذیل طریقہ سے نکالی جائے۔

پالیسی کی رقم 0.25% + پالیسی اکم کا 4.5% = سالانہ پریمیم پالیسی فیس زیادہ سے زیادہ 200 روپے۔

ششماہی پریمیم جو کہ سالانہ پریمیم کا 52% ہو۔

سہ ماہی پریمیم جو کہ سالانہ پریمیم کا 27% ہو۔

ماہانہ پریمیم جو کہ سالانہ پریمیم کا 9% ہو۔

تب درج ذیل جدول کو پریمیم نکالنے کے لیے مکمل کیجیے۔ مزید کمپنی کو ادا کی گئی کل رقم بھی معلوم کیجیے۔

پالیسی کی رقم	سالانہ پریمیم	ششماہی پریمیم	سہ ماہی پریمیم	ماہانہ پریمیم
(i) 50,000				
(ii) 100,000				
(iii) 150,000				
(iii) 200,000				

حل: (i)

پالیسی کی کل رقم $= 50000$ روپے

4.5% کی شرح سے پہلا پریمیم $= 4.5\% \times 50000 = \frac{4.5}{100} \times 50000 = 2250$ روپے

پالیسی فیس 0.25% کی شرح سے $= 0.25\% \times 50000$ روپے

$= \frac{0.25}{100} \times 50000 = 125$ روپے

پالیسی فیس + پہلا پریمیم = سالانہ پریمیم

$= 2250 + 125 = 2375$ روپے

52% @ ششماہی پریمیم $= \frac{52}{100} \times 2375 = 1235$ روپے

27% @ سہ ماہی پریمیم $= \frac{27}{100} \times 2375 = 641.25$ روپے

ماہانہ پریمیم@ 9% = $\frac{9}{100}\times 2375 = 213.75$ روپے

حل: (ii) پالیسی کی کل رقم = 100,000 روپے

4.5% کی شرح سے پہلا پریمیم = $\frac{4.5}{100}\times 100000 = 4500$ روپے

پالیسی فیس = 200 روپے

پالیسی فیس + پہلا پریمیم = سالانہ پریمیم

= $4500 + 200 = 4700$ روپے

ششماہی پریمیم@ 52% = $\frac{52}{100}\times 4700 = 2444$ روپے

سہ ماہی پریمیم@ 27% = $\frac{27}{100}\times 4700 = 1269$ روپے

ماہانہ پریمیم@ 9% = $\frac{9}{100}\times 4700 = 423$ روپے

حل: (iii) پالیسی کی کل رقم = 150000 روپے

4.5% کی شرح سے پہلا پریمیم = $\frac{4.5}{100}\times 150000 = 6750$ روپے

پالیسی فیس = 200 روپے

پالیسی فیس + پہلا پریمیم = سالانہ پریمیم

= $6750 + 200 = 6950$ روپے

-30 لوگارتھم کے قوانین بیان کریں۔

حل:

(i) $\log_a mn = \log_a m + \log_a n$

(ii) $\log_a \frac{m}{n} = \log_a m - \log_a n$

(iii) $\log_a m^n = n \log_a m$

-31 ثابت کیجئے۔ $3 \log 2 + \log 5 = \log 40$

حل:

$$
\begin{aligned}
\text{L.H.S} &= 3 \log 2 + \log 5 \\
&= \log 2^3 + \log 5 \\
&= \log 8 + \log 5 \\
&= \log (8 \times 5) \\
&= \log 40 = \text{R.H.S}
\end{aligned}
$$

-32 حل کیجئے۔ $\frac{\log 32}{\log 4}$

حل:

$$\frac{\log 32}{\log 4} = \frac{\log 2^5}{\log 2^2} = \frac{5 \log 2}{2 \log 2} = \frac{5}{2}$$

-33 حل کیجئے۔ $\frac{\log 27}{\log 9}$

حل:

$$\frac{\log 27}{\log 9} = \frac{\log 3^3}{\log 3^2} = \frac{3 \log 3}{2 \log 3} = \frac{3}{2}$$

-34 حل کیجئے۔ $\log 5 + \log 4 + \log 3 - \log 6$

حل:

$$
\begin{aligned}
& \log 5 + \log 4 + \log 3 - \log 6 \\
&= \log (5 \times 4 \times 3) - \log 6 \\
&= \log \frac{5 \times 4 \times 3}{6} \\
&= \log \frac{60}{6} \\
&= \log 10 = 1
\end{aligned}
$$

ARITHMETIC AND GEOMETRIC SEQUENCES

- اعداد کا سلسلہ
- اعداد کا جمعی سلسلہ
- اعداد کا ضربی سلسلہ
- ضربی وسط

اس یونٹ کو پڑھنے کے بعد طلباء اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ یہ جان سکیں:

- اعداد کا سلسلہ اور اس کے ارکان کیا ہیں۔
- کہ اعداد کا سلسلہ ایک قاعدہ یا استقرائی تعریف کے تحت ہے۔
- اعداد کا سلسلہ اعداد کا جمعی سلسلہ کیا ہے۔
- کسی جمعی سلسلے کی n ویں رقم کیا ہے۔
- جمعی سلسلوں پر مبنی سوالات کیسے حل کرتے ہیں۔
- کہ دو اعداد کے درمیان جمع وسط کیسے معلوم کرسکتے ہیں۔
- دو اعداد کے درمیان n جمعی وسط کیسے معلوم کرسکتے ہیں۔
- کہ ضربی سلسلے کی پہچان کیا ہے۔
- کہ ہندسی سیکوینس کی nth یا نمائندہ رکن (General Term) کیسے معلوم کی جاتی ہے۔
- ضربی سلسلہ پر مبنی سوالات کیسے معلوم کرسکتے ہیں۔
- کہ دو اعداد کے درمیان ضربی وسط کیسے معلوم کیا جاسکتا ہے۔
- کہ دو اعداد کے درمیان n ضربی وسط کیسے معلوم کیا جاسکتا ہے۔

حل مشق 7.1

1. درج ذیل کی پہلی تین رقوم (Terms) لکھیے۔

(i) $a_n = n+3$

حل: $a_n = n + 3$

اگر $n = 1$ ہو تو

$a_1 = 1 + 3 = 4$

اگر $n = 2$ ہو تو

$a_2 = 2 + 3 = 5$

اگر $n = 3$ ہو تو

$a_3 = 3 + 3 = 6$

پس پہلی تین رقوم درج ذیل ہیں

$4, 5, 6$

پس پہلی تین رقوم درج ذیل ہیں۔

$$\frac{2}{7}, \frac{1}{3}, \frac{4}{11}$$

(v) $a_n = \frac{1}{(2n-1)^2}$

حل: $a_n = \frac{1}{(2n-1)^2}$

اگر $n = 1$ ہو تو

$$a_1 = \frac{1}{[2(1)-1]^2} = \frac{1}{[2-1]^2} = \frac{1}{(1)^2} = \frac{1}{1} = 1$$

اگر $n = 2$ ہو تو

$$a_2 = \frac{1}{[2(2)-1]^2} = \frac{1}{[4-1]^2} = \frac{1}{(3)^2} = \frac{1}{9}$$

اگر $n = 3$ ہو تو

$$a_3 = \frac{1}{[2(3)-1]^2} = \frac{1}{[6-1]^2} = \frac{1}{(5)^2} = \frac{1}{25}$$

پس پہلی تین رقوم درج ذیل ہیں۔

$$1, \frac{1}{9}, \frac{1}{25}$$

(vi) $a_n = n + 3 = 2$

حل: $a_n = n + 3 = 2$

اگر $n = 1$ ہو تو

$$a_1 = 1 + 3 = 4$$

اگر $n = 2$ ہو تو

$$a_2 = 2 + 3 = 5$$

اگر $n = 3$ ہو تو

$$a_3 = 3 + 3 = 6$$

پس پہلی تین رقوم درج ذیل ہیں۔

4, 5, 6

(vii) $a_n = \frac{1}{3^n}$

حل: $a_n = \frac{1}{3^n}$

اگر $n = 1$ ہو تو

(ii) $a_n = (-1)^n n^3$

حل: $a_n = (-1)^n n^3$

اگر $n = 1$ ہو تو

$$a_1 = (-1)^1 (1)^3 = (-1)(1) = -1$$

اگر $n = 2$ ہو تو

$$a_2 = (-1)^2 (2)^3 = (1)(8) = 8$$

اگر $n = 3$ ہو تو

$$a_3 = (-1)^3 (3)^3$$
$$= (-1)(27) = -27$$

پس پہلی تین رقوم درج ذیل ہیں:

$-1, 8, -27$

(iii) $a_n = 3n + 5$

حل: $a_n = 3n + 5$

اگر $n = 1$ ہو تو

$$a_1 = 3(1) + 5 = 3 + 5 = 8$$

اگر $n = 2$ ہو تو

$$a_2 = 3(2) + 5$$
$$= 6 + 5 = 11$$

اگر $n = 3$ ہو تو

$$a_3 = 3(3) + 5$$
$$= 9 + 5 = 14$$

پس پہلی تین رقوم درج ذیل ہیں

8, 11, 14

(iv) $a_n = \frac{n+1}{2n+5}$

حل: $a_n = \frac{n+1}{2n+5}$

اگر $n = 1$ ہو تو

$$a_1 = \frac{1+1}{2(1)+5} = \frac{2}{2+5} = \frac{2}{7}$$

اگر $n = 2$ ہو تو

$$a_2 = \frac{2+1}{2(2)+5} = \frac{3}{4+5} = \frac{3}{9} = \frac{1}{3}$$

اگر $n = 3$ ہو تو

$$a_3 = \frac{3+1}{2(3)+5} = \frac{4}{6+5} = \frac{4}{11}$$

2. درج ذیل سلسلوں کی نشاندہی کی گئی رقوم معلوم کیجیے۔

(i) $2,6,11,17,...,a_8$

حل:

$a_1 = 2$

$a_2 = 2+4 = 6$

$a_3 = 6+5 = 11$

$a_4 = 11+6 = 17$

$a_5 = 17+7 = 24$

$a_6 = 24+8 = 32$

$a_7 = 32+9 = 41$

$a_8 = 41+10 = 51$

(ii) $1,3,12,60,...,a_7$

حل:

$a_1 = 1$

$a_2 = 1\times3 = 3$

$a_3 = 3\times4 = 12$

$a_4 = 12\times5 = 60$

$a_5 = 60\times6 = 360$

$a_6 = 360\times7 = 2520$

$a_7 = 2520\times8 = 20160$

(iii) $1,\frac{1}{3},\frac{1}{9},\frac{1}{27},....,a_6$

حل:

$a_1 = 1$

$a_2 = 1\times\frac{1}{3} = \frac{1}{3}$

$a_3 = \frac{1}{3}\times\frac{1}{3} = \frac{1}{9}$

$a_4 = \frac{1}{9}\times\frac{1}{3} = \frac{1}{27}$

$a_5 = \frac{1}{27}\times\frac{1}{3} = \frac{1}{81}$

$a_6 = \frac{1}{81}\times\frac{1}{3} = \frac{1}{243}$

$a_1 = \frac{1}{3^1} = \frac{1}{3}$

اگر $n = 2$ ہو تو

$a_2 = \frac{1}{3^2} = \frac{1}{9}$

اگر $n = 3$ ہو تو

$a_3 = \frac{1}{3^3} = \frac{1}{27}$

پس پہلی تین رقوم درج ذیل ہیں۔

$\frac{1}{3},\frac{1}{9},\frac{1}{27}$

(viii) $a_n = 3n-5$

حل:

$a_n = 3n-5$

اگر $n = 1$ ہو تو

$a_1 = 3(1)-5 = 3-5 = -2$

اگر $n = 2$ ہو تو

$a_2 = 3(2)-5 = 6-5 = 1$

اگر $n = 3$ ہو تو

$a_3 = 3(3)-5 = 9-5 = 4$

پس پہلی تین رقوم درج ذیل ہیں۔

$-2, 1, 4$

(ix) $a_n = (n+1)a_{n-1}, a_1 = 1$

حل:

$a_n = (n+1)a_{n-1}$

چونکہ $a_1 = 1$

اگر $n = 2$ ہو تو

$a_2 = (2+1)a_{2-1} = (3)a_1 = (3)(1) = 3$

اگر $n = 3$ ہو تو

$a_3 = (3+1)a_{3-1} = (4)a_2 = (4)(3) = 12$

پس پہلی تین رقوم درج ذیل ہیں۔

$1,3,12$

$a_9 = -15 + 32 = 17$

3. مندرجہ ذیل سلسلوں میں اگلی چار رقوم لکھیے۔

(i) 12,16,21,27,...

حل:

$a_1 = 12$

$a_2 = 12 + 4 = 16$

$a_3 = 16 + 5 = 21$

$a_4 = 21 + 6 = 27$

$a_5 = 27 + 7 = 34$

$a_6 = 34 + 8 = 42$

$a_7 = 42 + 9 = 51$

$a_8 = 51 + 10 = 61$

پس اگلی چار رقوم ہیں۔

34, 42, 51, 61

(ii) 1,3,7,15,31,...

حل:

$a_1 = 1$

$a_2 = 1 + 2 = 3$

$a_3 = 3 + 4 = 7$

$a_4 = 7 + 8 = 15$

$a_5 = 15 + 16 = 31$

$a_6 = 31 + 32 = 63$

$a_7 = 63 + 64 = 127$

$a_8 = 127 + 128 = 255$

$a_9 = 255 + 256 = 511$

پس اگلی چار رقوم درج ذیل ہیں۔

63, 127, 255, 511

(iii) -1, 2, 12, 40, ...

$a_1 = -1 \times 1 = -1$

$a_2 = 1 \times 2 = 2$

$a_3 = 3 \times 4 = 12$

$a_4 = 5 \times 8 = 40$

$a_5 = 7 \times 16 = 112$

$a_6 = 9 \times 32 = 288$

$a_7 = 11 \times 64 = 704$

(iv) $-1,1,3,5,...,a_9$

حل:

$a_1 = -1$

$a_2 = -1 + 2 = 1$

$a_3 = 1 + 2 = 3$

$a_4 = 3 + 2 = 5$

$a_5 = 5 + 2 = 7$

$a_6 = 7 + 2 = 9$

$a_7 = 9 + 2 = 11$

$a_8 = 11 + 2 = 13$

$a_9 = 13 + 2 = 15$

(v) $\frac{1}{3}, \frac{2}{5}, ..., a_5$

حل: شمار کنندہ میں '1' اور مخرج میں '2' جمع کرنے سے اگلی رقم حاصل ہوگی۔

$a_1 = \frac{1}{3}$

$a_2 = \frac{1+1}{3+2} = \frac{2}{5}$

$a_3 = \frac{2+1}{5+2} = \frac{3}{7}$

$a_4 = \frac{3+1}{7+2} = \frac{4}{9}$

$a_5 = \frac{4+1}{9+2} = \frac{5}{11}$

(vi) $1, -3, 5, -7, ..., a_9$

$a_1 = 1$

$a_2 = 1 - 4 = -3$

$a_3 = -3 + 8 = 5$

$a_4 = 5 - 12 = -7$

$a_5 = -7 + 16 = 9$

$a_6 = 9 - 20 = -11$

$a_7 = -11 + 24 = 13$

$a_8 = 13 - 28 = -15$

$a_9 = 12 + 2 = 14$
$a_{10} = 14 + 2 = 16$
$a_{11} = 16 + 2 = 18$

پس، اگلی چار رقوم درج ذیل ہیں۔

12, 14, 16, 18

حل مشق 7.2

۲۔ مندرجہ ذیل میں مطلوبہ رقم معلوم کریں۔

(i) 3,7,11,...., 61 ویں رقم

حل: 3,7,11,..........................

$a = 3, \quad d = 7 - 3 = 4, \quad a_{61} = ?, n = 61$

$a_n = a + (n-1)d$

$a_{61} = 3 + (61-1)(4)$

$= 3 + (60)(4)$

$= 3 + 240 = 243$

(ii) $-4, -7, -10, \ldots, a_{19}$

حل: $-4, -7, -10, \ldots\ldots$

$a = -4, d = (-7) - (-4) = -7 + 4 = -3, a_{19} = ?, n = 19$

$a_n = a + (n-1)d$

$a_{19} = -4 + (19-1)(-3)$

$= -4 + (18)(-3)$

$= -4 - 54 = -58$

(iii) 6,4,2,.... 45ویں رقم

حل: 6,4,2,...............

$a = 6, d = 4 - 6 = -2, a_{45} = ?, n = 45$

$a_n = a + (n-1)d$

$a_{45} = 6 + (45-1)(-2)$

$= 6 + (44)(-2)$

$= 6 - 88 = -82$

(iv) $9, 14, 19, \ldots, a_{14}$

حل: 9, 14, 19, ...

$a = 9, d = 14 - 9 = 5, a_{14} = ?, n = 14$

$a_n = a + (n-1)d$

$a_8 = 13 \times 128 = 1664$

پس، اگلی چار رقوم درج ذیل ہیں۔

112, 288, 704, 1664

(iv) 9,11,14,17,19,22,....

حل:

$a_1 = 9$
$a_2 = 9 + 2 = 11$
$a_3 = 11 + 3 = 14$
$a_4 = 14 + 3 = 17$
$a_5 = 17 + 2 = 19$
$a_6 = 19 + 3 = 22$
$a_7 = 22 + 3 = 25$
$a_8 = 25 + 2 = 27$
$a_9 = 27 + 3 = 30$
$a_{10} = 30 + 3 = 33$

پس، اگلی چار رقوم درج ذیل ہیں۔

25, 27, 30, 33

(v) 4,8,12,16,...

حل:

$a_1 = 4$
$a_2 = 4 + 4 = 8$
$a_3 = 8 + 4 = 12$
$a_4 = 12 + 4 = 16$
$a_5 = 16 + 4 = 20$
$a_6 = 20 + 4 = 24$
$a_7 = 24 + 4 = 28$
$a_8 = 28 + 4 = 32$

پس، اگلی چار رقوم درج ذیل ہیں۔

20, 24, 28, 32

(vi) -2,0,2,4,6,8,10,....

حل:

$a_1 = -2$
$a_2 = -2 + 2 = 0$
$a_3 = 0 + 2 = 2$
$a_4 = 2 + 2 = 4$
$a_5 = 4 + 2 = 6$
$a_6 = 6 + 2 = 8$
$a_7 = 8 + 2 = 10$
$a_8 = 10 + 2 = 12$

$d = \frac{56}{14}$

$d = 4$

(iv) $a = 16, a_n = 0, d = -\frac{1}{4}$

$a_n = a + (n-1)d$

$0 = 16 + (n-1)\left(-\frac{1}{4}\right)$

$0 = 16 - \frac{1}{4}n + \frac{1}{4}$

$\frac{1}{4}n = 16 + \frac{1}{4}$

$\frac{1}{4}n = \frac{65}{4}$

$n = \frac{65}{4} \times \frac{4}{1}$

$n = 65$

(v) $a = 10, a_n = 400, d = 5$

$a_n = a + (n-1)d$

$400 = 10 + (n-1)(5)$

$400 = 10 + 5n - 5$

$400 = 5 + 5n$

$400 - 5 = 5n$

$395 = 5n$

$n = \frac{395}{5}$

$n = 79$

(vi) $a_n = 261, d = 4, n = 18$

$a_n = a + (n-1)d$

$261 = a + (18-1)(4)$

$261 = a + (17)(4)$

$261 = a + 68$

$261 - 68 = a$

or $193 = a$

یا $a = 193$

3. جمعی سلسلہ کی 15ویں رقم معلوم کریں جبکہ تیسری رقم 8اور

$a_{14} = 9 + (14-1)(5)$

$= 9 + (13)(5)$

$= 9 + 65 = 74$

(v) 11, 6, 1, ..., a_{18}

حل: 11, 6, 1, ...

$a = 11, d = 6 - 11 = -5, a_{18} = ?, n = 18$

$a_n = a + (n-1)d$

$a_8 = 11 + (18-1)(-5)$

$= 11 - 85 = -74$

2. جمعی سلسلہ کا کلیہ استعمال کرتے ہوئے نامعلوم عنصر (Element) معلوم کیجیے۔

$a_n = a + (n-1)d$

(i) $a = 2, a_n = 402, n = 26$

$a_n = a + (n-1)d$

$402 = 2 + (26-1)(d)$

$402 = 2 + 25d$

$402 - 2 = 25d$

$400 = 25d$

$d = \frac{400}{25}$

$d = 16$

(ii) $a_n = 81, d = -3, n = 18$

$a_n = a + (n-1)d$

$81 = a + (18-1)(-3)$

$81 = a + (17)(-3)$

$81 = a - 51$

$81 + 51 = a$

$132 = a$

یا $a = 132$

(iii) $a = 5, a_n = 61, n = 15$

$a_n = a + (n-1)d$

$61 = 5 + (15-1)d$

$61 = 5 + 14d$

$61 - 5 = 14d$

$56 = 14d$

$a = 5, d = 2 - 5 = -3, n = ?$

$a_n = a + (n-1)d$

$-118 = 5 + (n-1)(-3)$

$-118 = 5 - 3n + 3$

$-118 = 8 - 3n$

$-118 - 8 = -3n$

$n = \frac{-126}{-3}$

$n = 42$

6. جمعی سلسلہ کی کتنی رقم (Terms) ہیں کہ جس میں $a_1 = a = 11, a_n = 68, d = 3$ ہے۔

$n = ?, a_1 = 11, a_n = 68, d = 3$

$a_n = a + (n-1)d$

$68 = 11 + (n-1)(3)$

$68 = 11 + 3n - 3$

$68 = 8 + 3n$

$68 - 8 = 3n$

$60 = 3n$

$3n = 60$

$n = \frac{60}{3}$

$n = 20$

7. جمعی سلسلہ ...... $2-x, 3-2x, 4-3x,$ کی 11 ویں رقم معلوم کیجیے۔

$a_{11} = ?, n = 11$

$2-x, 3-2x, 4-3x, \ldots\ldots$

$a = 2-x, d = (3-2x)-(2-x) = 3-2x-2+x = 1-x$

$a_n = a + (n-1)d$

$a_{11} = (2-x) + (11-1)(1-x)$

$= (2-x) + (10)(1-x)$

$= 2 - x + 10 - 10x$

$= 12 - 11x$

8. جمعی سلسلہ کی n ویں رقم معلوم کیجیے جبکہ $a_{n-5} = 3n+9$

مشترک فرق $\frac{1}{3}$ (Common difference) ہے۔

حل: $a_{15} = ?, a_3 = 8, d = \frac{1}{3}, n = 15$

$a_3 = 8$

$a + (3-1)d = 8$

$a + 2d = 8$

$a + 2\left(\frac{1}{3}\right) = 8$

$a + \frac{2}{3} = 8$

$a = 8 - \frac{2}{3}$

$a = \frac{22}{3}$

$a_n = a + (n-1)d$

$a_{15} = \frac{22}{3} + (15-1)\left(\frac{1}{3}\right)$

$= \frac{22}{3} + \frac{14}{3} = \frac{36}{3} = 12$

4. جمعی سلسلہ ......6,2,-2 کی کونسی رقم 146- ہے؟

$a_n = -146$

$6, 2, -2, \ldots\ldots$

$a = 6, d = 2 - 6 = -4, n = ?$

$a_n = a + (n-1)d$

$-146 = 6 + (n-1)(-4)$

$-146 = 6 - 4n + 4$

$-146 = 10 - 4n$

$-146 - 10 = -4n$

$-156 = -4n$

$n = \frac{-156}{-4}$

$n = 39$

5. جمعی سلسلہ ......5,2,-1, کی کونسی رقم 118- ہے

$a_n = -118$

$5, 2, -1, \ldots\ldots$

$a_n = ?, a_{n-5} = 3n+9$

$a_{n-5} = 3n+9$

'n' کی جگہ 'n+5' تبدیل کرنے سے

$a_{n+5-5} = 3(n+5)+9$

$a_n = 3n+15+9$

$= 3n+24$

9. جمعی سلسلہ...... $\left(\frac{3}{4}\right)^2, \left(\frac{3}{7}\right)^2, \left(\frac{3}{10}\right)^2$ کی nویں رقم معلوم کیجیے۔

$a_n = ?$

nth ویں رقم درج ذیل ہے:

4, 7, 10, ...

$a = 4, d = 7-4 = 3$

$a_n = a + (n-1)d$

$= 4 + (n-1)(3)$

$= 4 + 3n - 3$

$= 3n + 1$

اب $a_n = \left(\frac{3}{3n+1}\right)^2$

10. اگر جمعی سلسلہ کی nویں رقم 3n-5 ہو تو جمعی سلسلہ معلوم کیجیے۔

$a_n = 3n-5$ اگر $n = 1$ ہو تو

$a_1 = 3(1)-5 = 3-5 = -2$

اگر $n = 2$ ہو تو

$a_2 = 3(2)-5 = 6-5 = 1$

اگر $n = 3$ ہو تو

$a_3 = 3(3)-5 = 9-5 = 4$

اگر $n = 4$ ہو تو

$a_4 = 3(4)-5 = 12-5 = 7$

اگر $n = 5$ ہو تو

$a_5 = 3(5)-5 = 15-5 = 10$

پس $-2, 1, 4, 7, 10, ...$

Arithmetic Mean جمعی وسط

کوئی عدد 'A' دو اعداد a اور b کے درمیان جمعی وسط (A.M) کہلاتا ہے اگر a, A, b ایک جمعی سلسلہ میں ہوں۔

$A - a = b - A$ (Common Difference) مشترک قدر

$A + A = a + b$

$2A = a + b$

$A = \frac{a+b}{2}$

7.3.2 دو اعداد کے درمیان n جمع وسط *"n" Arithmetic Means Between Two Numbers*

فرض کیا کہ دو اعداد a,b کے درمیان مطلوبہ "n" جمعی وسط $A_1, A_2, A_3 \dots A_n$ اس طرح ہیں کہ $a, A_1, A_2, A_3, \dots, A_n, b$ ایک جمعی سلسلہ ہے۔

یہاں $a_1 = a, a_{n+2} = b,$ کیونکہ اس جمعی سلسلہ میں رقوم کی تعداد n+2 ہے۔

کلیہ $a_n = a + (n-1)d$ کا استعمال کرتے ہوئے

$a_{n+2} = a + (n+2-1)d$

$$b = a + (n+1)d$$

$$b - a = (n+1)d$$

$$\frac{(b-a)}{n+1} = d \quad \text{یا} \quad \boxed{d = \frac{b-a}{n+1}}$$

$$A_1 = a + d = a + \frac{b-a}{n+1} = \frac{an+a+b-a}{n+1} = \frac{na+b}{n+1}$$

$$A_2 = a + 2d = a + 2\left(\frac{b-a}{n+1}\right) = \frac{na+a+2b-2a}{n+1} = \frac{na+a+2b}{n+1} = \frac{(n-1)a+2b}{n+1}$$

$$A_3 = a + nd = a + 3\left(\frac{b-a}{n+1}\right) = \frac{na+a+3b-3a}{n+1} = \frac{na-2a+3b}{n+1} = \frac{(n-2)a+3b}{n+1} \ldots\ldots$$

$$A_n = a + nd = a + n\left(\frac{b-a}{n+1}\right) = \frac{na+a+nb-na}{n+1} = \frac{a+nb}{n+1}$$

حل مشق 7.3 :

1. درج ذیل کے درمیان حسابی وسط معلوم کیجیے۔

(i) $-3, 7$

حل:

$a = -3, b = 7$

$$\text{A.M.} = \frac{a+b}{2} = \frac{-3+7}{2} = \frac{4}{2} = 2$$

(ii) $x - 1, x + 7$

حل:

$a = x-1, b = x+7$

$$A.M. = \frac{a+b}{2} = \frac{(x-1)+(x+7)}{2} = \frac{x-1+x+7}{2}$$

$$= \frac{2x+6}{2} = \frac{2(x+3)}{2} = x+3$$

(iii) $\sqrt{7}, 3\sqrt{7}$

حل:

$a = \sqrt{7}, b = 3\sqrt{7}$

$$A.M. = \frac{a+b}{2} = \frac{\sqrt{7}+3\sqrt{7}}{2} = \frac{4\sqrt{7}}{2} = 2\sqrt{7}$$

(iv) $x^2 + x + 1; x^2 - x + 1$

حل:

$a = x^2 + x + 1, b = x^2 - x + 1$

$$A.M = \frac{a+b}{2} = \frac{(x^2+x+1)+(x^2-x+1)}{2}$$

$$= \frac{x^2+x+1+x^2-x+1}{2} = \frac{2x^2+2}{2} = \frac{2(x^2+1)}{2} = x^2+1$$

.2 اگر a اور b کے درمیان 3,6 دو جمعی وسط ہیں تو a اور b معلوم کیجیے۔

حل: چونکہ a, 3, 6, b ایک جمعی سلسلہ میں ہیں

لہٰذا ،

$d = a_3 - a_2$

$= 6 - 3 \quad = +3$

$b = a_4$

$a_4 = a_3 + d$ $\quad \because a_3 = 6, d = 3$

$= 6 + 3 \quad = 9$

$a = a_2 - d$ $\quad \because a_2 = 3, d = 3$

$= 3 - 3 \quad = 0$

لہٰذا ، $a = 0, b = 9$

.3 11 اور 19 کے درمیان تین جمعی وسط معلوم کیجیے۔

حل: فرض کیا 19 ,11 کے درمیان $A_1, A_2 A_3$ تین جمعی وسط ہیں۔

اس طرح $11, A_1, A_2, A_3, 19$ ایک جمعی سلسلہ ہے۔

یہاں $a = 11, n = 5, a_5 = 19$

اس لیے $a_n = a + (n-1)d$

$a_5 = 11 + (5-1)d$

$a_5 = 11 + 4d$

$19 - 11 = 4d$

$8 = 4d$

یا $4d = 8$

$d = 2$

لہٰذا $A_1 = a + d = 11 + 2 = 13$

$A_2 = a + 2d = 11 + 2(2) = 11 + 4 = 15$

$A_3 = a + 3d = 11 + 3(2) = 11 + 6 = 17$

پس 19 ,11 کے درمیان 13,15,17 مطلوبہ تین جمعی وسط ہیں۔

.4 $6\sqrt{2}$ اور $\sqrt{2}$ کے درمیان تین جمعی وسط معلوم کیجیے۔

حل: فرض کیا $\sqrt{2}, 6\sqrt{2}$ کے درمیان A_1, A_2, A_3 تین جمعی وسط ہیں۔

اس طرح $\sqrt{2}, A_1, A_2, A_3, 6\sqrt{2}$ ایک جمعی سلسلہ ہے۔

یہاں $a = \sqrt{2}, n = 5, a_5 = 6\sqrt{2}$

اس لیے $a_n = a + (n-1)d$

$a_5 = \sqrt{2} + (5-1)d$

$a_5 = \sqrt{2} + 4d$

$6\sqrt{2} = \sqrt{2} + 4d$

$6\sqrt{2}-\sqrt{2}=4d$

$5\sqrt{2}=4d$

یا $4d=5\sqrt{2}$

$d=\dfrac{5\sqrt{2}}{4}$

لہٰذا $A_1=a+d=\sqrt{2}+\dfrac{5\sqrt{2}}{4}=\dfrac{9\sqrt{2}}{4}$

$A_2=a+2d=\sqrt{2}+2\left(\dfrac{5\sqrt{2}}{4}\right)$

$=\sqrt{2}+\dfrac{10\sqrt{2}}{4}=\dfrac{14\sqrt{2}}{4}=\dfrac{7\sqrt{2}}{2}$

$A_3=A+3d=\sqrt{2}+3\left(\dfrac{5\sqrt{2}}{4}\right)$

$=\sqrt{2}+\dfrac{15\sqrt{2}}{4}=\dfrac{19\sqrt{2}}{4}$

پس $\sqrt{2}, 6\sqrt{2}$ کے درمیان $\dfrac{9\sqrt{2}}{4}, \dfrac{7\sqrt{2}}{2}, \dfrac{19\sqrt{2}}{4}$ مطلوبہ تین جمعی وسط ہیں۔

.5 5 اور 8 کے درمیان چھ جمعی وسط معلوم کیجیے۔

حل: فرض کیا 5,8 کے درمیان $A_1, A_2, A_3, A_4, A_5, A_6$ چھ جمعی وسط ہیں۔

اس طرح $5, A_1, A_2, A_3, A_4, A_5, A_6, 8$ ایک جمعی وسط ہے۔

یہاں $a=5, n=8, a_8=8$

اس لیے $a_n=a+(n-1)d$

$a_8=5+(8-1)d$

$a_8=5+7d$

$8=5+7d$

$8-5=7d$

$3=7d$

یا $d=\dfrac{3}{7}$

لہٰذا $A_1=a+d=5+\dfrac{3}{7}=\dfrac{38}{7}$

$A_2=a+2d=5+2\left(\dfrac{3}{7}\right)=5+\dfrac{6}{7}=\dfrac{41}{7}$

$$A_3 = a + 3d = 5 + 3\left(\frac{3}{7}\right) = 5 + \frac{9}{7} = \frac{44}{7}$$

$$A_4 = a + 4d = 5 + 4\left(\frac{3}{7}\right) = 5 + \frac{12}{7} = \frac{47}{7}$$

$$A_5 = a + 5d = 5 + 5\left(\frac{3}{7}\right) = 5 + \frac{15}{7} = \frac{50}{7}$$

$$A_6 = a + 6d = 5 + 6\left(\frac{3}{7}\right) = 5 + \frac{18}{7} = \frac{53}{7}$$

پس 5,8 کے درمیان $\frac{38}{7}, \frac{41}{7}, \frac{44}{7}, \frac{47}{7}, \frac{50}{7}, \frac{53}{7}$ مطلوبہ چھ جمی وسط ہیں۔

.6 8 اور 12 کے درمیان سات جمی وسط معلوم کیجیے۔

حل: فرض کیا 8,12 کے درمیان $A_1, A_2, A_3, A_4, A_5, A_6, A_7$ سات جمی سلسلہ ہیں۔

اس طرح $8, A_1, A_2, A_3, A_4, A_5, A_6, A_7, 12$ ایک جمی سلسلہ ہے۔

یہاں $a = 8, n = 9, a_9 = 12$

اس لیے $a_n = a + (n-1)d$

$$12 = 8 + (9-1)d$$

$$12 = 8 + 8d$$

$$12 - 8 = 8d$$

$$4 = 8d$$

یا $8d = 4$

$$d = \frac{1}{2}$$

$$A_1 = a + d = 8 + \frac{1}{2} = \frac{17}{2}$$

$$A_2 = a + 2d = 8 + 2\left(\frac{1}{2}\right) = 8 + \frac{2}{2} = \frac{18}{2} = 9$$

$$A_3 = a + 3d = 8 + 3\left(\frac{1}{2}\right) = 8 + \frac{3}{2} = \frac{19}{2}$$

$$A_4 = a + 4d = 8 + 4\left(\frac{1}{2}\right) = 8 + \frac{4}{2} = \frac{20}{2} = 10$$

$$A_5 = a + 5d = 8 + 5\left(\frac{1}{2}\right) = 8 + \frac{5}{2} = \frac{21}{2}$$

$$A_6 = a + 6d = 8 + 6\left(\frac{1}{2}\right) = 8 + \frac{6}{2} = \frac{22}{2} = 11$$

$$A_7 = a + 7d = 8 + 7\left(\frac{1}{2}\right) = 8 + \frac{7}{2} = \frac{23}{2}$$

پس 8, 12 کے درمیان $\frac{17}{2}, \frac{18}{2}, \frac{19}{2}, \frac{20}{2}, \frac{21}{2}, \frac{22}{2}, \frac{23}{2}$ مطلوبہ سات جمعی وسط ہیں۔

7. اگر 5 اور b کے درمیان جمعی وسط 10 ہو تو b کی قیمت معلوم کیجیے۔

حل: چونکہ جمعی وسط $= 10, a = 5, b = ?$

$$\text{جمعی وسط} = \frac{a+b}{2}$$

$$10 = \frac{5+b}{2}$$

$$20 = 5 + b$$

$$b = 20 - 5$$

$$b = 15$$

8. اگر a اور 10 کے درمیان جمعی وسط 40 ہو تو a کی قیمت معلوم کیجیے۔

حل: جمعی وسط $= 40, b = 10, a = ?$

$$\text{جمعی وسط} = \frac{a+b}{2}$$

$$40 = \frac{a+10}{2}$$

$$80 = a + 10$$

$$a + 10 = 80$$

$$a = 80 - 10$$

$$a = 70$$

9 اگر دو اعداد a اور b کے درمیان 5، 9 اور 13 تین جمعی وسط ہوں تو a اور b کی قیمت معلوم کیجیے۔

حل: $A_1 = 5, A_2 = 9, A_3 = 13, a = ?, b = ?$

اس طرح $a, 5, 9, 13, b$ ایک جمعی سلسلہ ہے۔

$$d = a_3 - a_2$$

$$= 9 - 5 = 4$$

$$b = a_5$$

$$= a_4 + d$$

$$= 13 + 4 = 17 \qquad \because a_3 = 13, d = 4$$

$$a = a_2 - d$$

$$= 5 - 4 = 1 \qquad \because a_2 = 5, d = 4$$

پس $a = 1, b = 17$

Geometric Sequence (progression) ضربی سلسلہ

ضربی سلسلہ Geometric Progression (مختصراً G.P) ، اعداد کی ایسی ترتیب ہے کہ جس میں ہر آنے والا عدد (رقم) پچھلی رقم کو ایک مقررہ مقدار (مشترکہ نسبت / ضارب Common Ratio) سے ضرب دے کر حاصل ہوتا ہے۔ مشترکہ نسبت کو 'r' سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ جبکہ ترتیب میں ہر عدد، ضربی سلسلہ کی رقم (Term) کہلاتی ہے۔ 'r' کبھی بھی صفر نہیں ہوتا۔ پس 'r' کی قیمت:

$$r = \frac{a_2}{a_1} = \frac{a_3}{a_2} = \frac{a_4}{a_3} = ... = \frac{a_n}{a_{n-1}} = ...$$

کسی بھی ضربی سلسلہ میں اگر پہلی رقم 'a' اور مشترکہ نسبت 'r' ہو تو دوسری رقم 'ar' ہوگی اور تیسری رقم 'ar^2' ہوگی۔ ہر رقم میں 'r' کا قوت نما اس رقم کے مقام سے ایک کم ہوتا ہے اس طرح 8 ویں رقم ar^7 ہوگی۔ جبکہ n ویں رقم ar^{n-1} ہوگی۔

پس ضربی سلسلہ کی نمائندہ رقم یوں ہوگی $a_n = ar^{n-1}$

حل مشق 7.4

.1 ضربی سلسلہ .... ,2,8,32 میں 7 ویں رقم لکھیے۔

حل:

2,8,32,...........

$a = 2, r = \frac{8}{2} = 4, a_7 = ?$

$a_7 = ar^6$

$= (2)(4)^6 = (2)(4096) = 8192$

.2 ضربی سلسلہ ...,2,6,18 کی 11 ویں رقم معلوم کیجیے۔

حل:

2,6,18,............

$a = 2, r = \frac{6}{2} = 3, a_{11} = ?$

$a_{11} = ar^{10}$

$= (2)(3)^{10} = (2)(59049) = 118098$

.3 ضربی سلسلہ ......,6-,3,$-\frac{3}{2}$ کی 6 ویں رقم معلوم کیجیے۔

حل:

$-\frac{3}{2}, 3, -6, ...$

$a = -\frac{3}{2}, r = \frac{3}{-3/2} = 3 \times \left(-\frac{2}{3}\right) = -2, a_6 = ?$

$a_6 = ar^5$

$$=\left(-\frac{3}{2}\right)(-2)^5=\left(-\frac{3}{2}\right)(-32)=48$$

.4 ضربی سلسلہ ...,4,-12,36 کی 5ویں رقم معلوم کیجیے۔

حل:

$4,-12,36,\ldots\ldots\ldots$

$a=4, r=\frac{-12}{4}=-3, a_5=?$

$a_5=ar^4$

$=(4)(-3)^4=(4)(81)=324$

.5 دیئے گئے ضربی سلسلہ کی a, a_n, n اور r میں سے نامعلوم کی قیمت معلوم کیجیے۔

(i) $r=10, a_n=100, a=1$

حل: $r=10, a_n=100, a=1, n=?$

$a_n=ar^{n-1}$

$100=(1)(10)^{n-1}$

$10^2=10^{n-1}$

$\Rightarrow 2=n-1$

یا $n-1=2$

$n=2+1$

$n=3$

(ii) $a_n=400,\ r=2, a=25$

حل: $a_n=400, r=2, a=25, n=?$

$400=(25)(2)^{n-1}$

$\frac{400}{25}=2^{n-1}$

$16=2^{n-1}$

$2^4=2^{n-1}$

$\Rightarrow 4=n-1$

یا $n-1=4$

$n=4+1=5$

(iii) $a=128,\ r=\frac{1}{2}, a_n=\frac{1}{4}$

حل: $a=128, r=\frac{1}{2}, a_n=\frac{1}{4}, n=?$

$a_n=ar^{n-1}$

$\frac{1}{4}=(128)\left(\frac{1}{2}\right)^{n-1}$

$\frac{1}{4\times128}=\left(\frac{1}{2}\right)^{n-1}$

$\frac{1}{512}=\left(\frac{1}{2}\right)^{n-1}$

$\left(\frac{1}{2}\right)^9=\left(\frac{1}{2}\right)^{n-1}$

$\Rightarrow 9 = n - 1$

یا $n - 1 = 9$

$n = 9 + 1 = 10$

.6 ایسے ضربی سلسلہ کی 11 ویں رقم معلوم کیجیے جس کی 5 ویں رقم کی قیمت 9 اور مشترک نسبت 2 ہے۔

حل: $a_5 = 9,\ r = 2,\ a_{11} = ?$

$ar^4 = Q_5$

$a(2)^4 = 9$

$a(16) = 9$

$a = \frac{9}{16}$

$a_{11} = ar^{10}$

$= \left(\frac{9}{16}\right)(2)^{10} = \left(\frac{9}{16}\right)(1024) = 576$

.7 ایسے ضربی سلسلہ کی 13 ویں رقم کیا ہوگی۔ جس میں 7 ویں رقم 25 اور مشترک نسبت 3 ہے۔

حل: $a_7 = 25,\quad r = 3,\ a_{13} = ?$

$ar^6 = Q_7$

$a(3)^6 = 25$

$a(729) = 25$

$a = \frac{25}{729}$

$a_{13} = ar^{12}$

$= \left(\frac{25}{729}\right)(3)^{12} = \left(\frac{25}{729}\right)(531441) = 18225$

.8 اگر a,b,c,d ایک ضربی سلسلہ میں ہوں تو ثابت کیجیے کہ a−b,b−c,c−d بھی ضربی سلسلہ میں ہیں۔

حل: چونکہ a,b,c,d ضربی سلسلہ میں ہیں۔

$\frac{b}{a} = \frac{c}{b} = \frac{d}{c} = k$

$\Rightarrow \frac{b}{a} = k, \frac{c}{b} = k, \frac{d}{c} = k$

$b = ak, c = bk, d = ck$

$c = (ak)k, d = (ak^2)k$

$c = ak^2, d = ak^3$

چونکہ $a-b, b-c, c-d$ ضربی سلسلہ میں ہیں۔

اس لیے

$$\frac{b-c}{a-b}=\frac{c-d}{b-c}$$

$$\frac{ak-ak^2}{a-ak}=\frac{ak^2-ak^3}{ak-ak^2}$$

$$\frac{k(a-ak)}{(a-ak)}=\frac{k(ak-ak^2)}{(ak-ak^2)}$$

$$k=k$$

پس ثابت ہوا کہ $a-b, b-c, c-d$ بھی ضربی سلسلہ میں ہیں۔

9. اگر $\frac{a_5}{a_3}=\frac{4}{9}$ اور $a_2=\frac{4}{9}$ ہو تو ضربی سلسلہ کی nویں رقم کیا ہوگی؟

حل:

$$\frac{a_5}{a_3}=\frac{4}{9} \quad \text{اور} \quad a_2=\frac{4}{9}$$

$$\frac{ar^4}{ar^2}=\frac{4}{9} \qquad ar=\frac{4}{9}$$

$$r^2=\frac{4}{9} \qquad a\left(\pm\frac{2}{3}\right)=\frac{4}{9}$$

$$\Rightarrow r=\pm\frac{2}{3} \qquad a=\pm\frac{4}{9}\times\frac{3}{2}=\pm\frac{2}{3}$$

اگر $r=\frac{2}{3}, a=\frac{2}{3}$ ہو تو

$$a_n=ar^{n-1}=\left(\frac{2}{3}\right)\left(\frac{2}{3}\right)^{n-1}=\left(\frac{2}{3}\right)^{1+n-1}=\left(\frac{2}{3}\right)^n$$

اگر $r=-\frac{2}{3}, a=-\frac{2}{3}$ ہو تو

$$a_n=ar^{n-1}=\left(-\frac{2}{3}\right)\left(-\frac{2}{3}\right)^{n-1}=\left(-\frac{2}{3}\right)^{1+n-1}=\left(-\frac{2}{3}\right)^n$$

$$a_n=(-1)^n\left(\frac{2}{3}\right)^n$$

10. ضربی سلسلہ میں تین یکے بعد دیگرے اعداد معلوم کیجیے جن کا مجموعہ 26 اور حاصل ضرب 216 ہو۔

حل: فرض کیا تین یکے بعد دیگرے اعداد $\frac{a}{r}, a, ar$

پہلی شرط کے مطابق

$$\frac{a}{r}+a+ar=26$$

$$a\left(\frac{1}{r}+1+r\right)=26$$

$$\frac{a}{r}\left(1+r+r^2\right)=26$$

$$a\left(1+r+r^2\right)=26r \quad \text{.................(1)}$$

دوسری شرط کے مطابق

$$\left(\frac{a}{r}\right)(a)(ar)=216$$

$$a^3=216$$

$$a^3=6^3$$

$$\Rightarrow \quad a=6$$

'a' کی قیمت مساوات (1) میں درج کرنے سے

$$6\left(r^2+r+1\right)=26r$$

$$3\left(r^2+r+1\right)=13r$$

$$3r^2+3r+3=13r$$

$$3r^2-13r+3r+3=0$$

$$3r^2-10r+3=0$$

$$3r^2-9r-r+3=0$$

$$3r(r-3)-1(r-3)=0$$

$$(r-3)(3r-1)=0$$

$r-3=0$ یا $3r-1=0$

$r=3$ $\quad 3r=1$

$$r=\frac{1}{3}$$

اگر $a=6$ اور $r=3$ ہو تو

$$\frac{a}{r}=\frac{6}{3}=2$$

$$a=6$$

$$ar=(6)(3)=18$$

پس، تین یکے بعد دیگرے اعداد

2, 6, 18

اگر $a=6$ اور $r=\frac{1}{3}$ ہو تو

$$\frac{a}{r}=\frac{6}{1/3}=6\times\frac{3}{1}=18$$

$$a=6$$

$$ar=(6)\left(\frac{1}{3}\right)=2$$

پس، یکے بعد دیگرے اعداد

18, 6, 2

.11 $x,\ 1,\ \frac{1}{x},$ .... ضربی سلسلہ کی 30ویں رقم معلوم کیجیے۔

حل:

$$x,1,\frac{1}{x},..........$$

$$a=x, r=\frac{1}{x}, a_{30}=?$$

$$a_n=ar^{n-1}$$

$$a_{30}=ar^{29}=(x)\left(\frac{1}{x}\right)^{29}=(x)(x)^{-29}=x^{1-29}$$

$$=x^{-28}=\frac{1}{x^{28}}$$

.12 $x, x^3, x^5,$.... ضربی سلسلہ کی P ویں رقم معلوم کیجیے۔

حل:

$$x,x^3,x^5,..........$$

$$a=x, r=\frac{x^3}{x}=x^2, a_p=?$$

$$a_n=ar^{n-1}$$

$$a_p=(x)(x^2)^{p-1}=(x)(x)^{2p-2}=(x)^{1+2p-2}$$

$$=x^{2p-1}$$

ضربی وسط Geometric Mean (G.M):

دو اعداد 'a' اور 'b' کے درمیان 'G' ضربی وسط کہلاتا ہے اگر a,G,b ایک ضربی سلسلہ میں ہوں۔

یعنی

$$\frac{G}{a}=\frac{b}{G}$$

$$G^2=ab$$

$$G=\pm\sqrt{ab}$$

جبکہ a,b کے درمیان مثبت ضربی وسط $\sqrt{ab}$ ہے۔

دو اعداد کے درمیان 'n' ضربی وسط 'n' Geometric Means Between Two Numbers

فرض کیا دو اعداد 'a' اور 'b' کے درمیان $G_1, G_2, G_3, ..., G_n$ مطلوبہ n ضربی سلسلہ ہیں۔
اس طرح $a, G_1, G_2, G_3, ..., G_n, b$ ایک ضربی سلسلہ میں ہیں۔
اب اس ضربی سلسلہ میں رقوم کی تعداد $n + 2$ بنتی ہے۔
جس میں $a_{n+2} = b,\ a_1 = a$
تو $a_n = ar^{n-1}$ میں n کی قیمت n+2 رکھنے سے

$$a_{n+2} = ar^{n+2-1}$$
$$b = ar^{n+1}$$
$$r^{n+1} = \frac{b}{a}$$
$$r = \left(\frac{b}{a}\right)^{\frac{1}{n+1}}$$
$$G_1 = a \times r = a \times \left(\frac{b}{a}\right)^{\frac{1}{n+1}}$$
$$G_2 = G_1 \times r = ar^2 = a\left(\frac{b}{a}\right)^{\frac{2}{n+1}}$$
$$G^3 = G_2 \times r = ar^3 = a\left(\frac{b}{a}\right)^{\frac{3}{n+1}}$$
$$\vdots \quad \vdots \quad \vdots \quad \vdots$$
$$G_n = G_{n-1} \times r = ar^n = a \times \left(\frac{b}{a}\right)^{\frac{n}{n+1}}$$

حل مشق 7.5

.1 ضربی وسط معلوم کیجیے۔ (i) 9 اور 5 میں (ii) 4 اور 9 میں (iii) 2– اور 8– میں

(i) 9 اور 5 میں

حل: چونکہ $b = 9$ اور $a = 5$

ضربی وسط $= G = \pm\sqrt{ab}$
$$= \pm\sqrt{5 \times 9}$$
$$= \pm\sqrt{5 \times 3 \times 3}$$
$$= \pm 3\sqrt{5}$$

(ii) 4 اور 9 میں

حل: چونکہ $a = 4$ اور $b = 9$

$$\text{ضربی وسط} = G = \pm\sqrt{ab}$$
$$= \pm\sqrt{4\times 9}$$
$$= \pm\sqrt{36}$$
$$= \pm\sqrt{6\times 6}$$
$$= \pm 6$$

(iii) 2- اور 8- میں

حل: $a = -2$ اور $b = -8$

$$\text{ضربی معکوس} = G = \pm\sqrt{ab}.$$
$$= \pm\sqrt{(-2)\times(-8)}$$
$$= \pm\sqrt{16}$$
$$= \pm\sqrt{2\times 2\times 2\times 2}$$
$$= \pm 4$$

.2 دو ضربی وسط لکھیے۔ (i) 1 اور 8 کے درمیان (ii) 3 اور 81 کے درمیان

(i) 1 اور 8 کے درمیان

حل: فرض کیا 1 اور 8 کے درمیان G_1, G_2 دو مطلوبہ ضربی وسط ہیں۔

اس طرح $1, G_1, G_2, 8$ ایک ضربی سلسلہ ہے۔

یہاں $a = 1, n = 4, a_4 = 8$

اس لیے
$$a_n = ar^{n-1}$$
$$a_4 = ar^3$$
$$8 = (1)r^3$$
$$r^3 = 8$$
$$r^3 = 2^3$$
$$\Rightarrow r = 2$$

پس، $G_1 = ar = (1)(2) = 2$

$$G_2 = ar^2 = (1)(2)^2 = (1)(4) = 4$$

(ii) 3 اور 81 کے درمیان

حل: فرض کیا 3 اور 81 کے درمیان G_1, G_2 دو مطلوبہ ضربی وسط ہیں۔

اس طرح $3, G_1, G_2, 81$ ایک ضربی سلسلہ ہے۔

یہاں $a_1 = 3, n = 4, a_4 = 81$

اس لیے $a_n = ar^{n-1}$

$a_4 = ar^3$

$81 = (3)(r)^3$

$81 = 3r^3$

$r^3 = \frac{81}{3}$

$r^3 = 27$

$r^3 = 3^3$

$\Rightarrow r = 3$

پس، $G_1 = ar = (3)(3) = 9$

$G_2 = ar^2 = (3)(3)^2 = (3)(9) = 27$

3. تین ضربی وسط لکھیے۔ (i) 1 اور 16 کے درمیان (ii) 2 اور 32 کے درمیان

(i) 1 اور 16 کے درمیان

حل: فرض کیا 1 اور 16 کے درمیان G_1, G_2, G_3 تین مطلوبہ ضربی وسط ہیں۔
اس طرح $1, G_1, G_2, G_3, 16$ ایک ضربی سلسلہ ہے۔

یہاں $a = 1, n = 5, a_5 = 16$

اس لیے $a_n = ar^{n-1}$

$a_5 = ar^4$

$16 = (1)r^4$

$r^4 = 16$

$r^4 = 2^4$

$\Rightarrow r = 2$

پس، $G_1 = ar = (1)(2) = 2$

$G_2 = ar^2 = (1)(2)^2 = (1)(4) = 4$

$G_3 = ar^3 = (1)(2)^3 = (1)(8) = 8$

(ii) 2 اور 32 کے درمیان

حل: فرض کیا 2 اور 32 کے درمیان G_1, G_2, G_3 تین مطلوبہ ضربی وسط ہیں۔
اس طرح $2, G_1, G_2, G_3, 32$ ایک ضربی سلسلہ ہے۔

یہاں $a = 2, n = 5, a_5 = 32$

اس لیے $a_n = ar^{n-1}$

$a_5 = ar^4$

$32 = (2)r^4$

$r^4 = \frac{32}{2}$

$r^4 = 16$

$r^4 = 2^4$

$\Rightarrow r = 2$

$G_1 = ar = 2(2) = 4$

پس، $G_2 = ar^2 = (2)(2)^2 = (2)(4) = 8$

$G_3 = ar^3 = (2)(2)^3 = (2)(8) = 16$

4. **3 اور 96 کے درمیان چار حقیقی ضربی وسط لکھیے۔**

حل: فرض کیا 3 اور 96 کے درمیان G_1, G_2, G_3, G_4 چار مطلوبہ حقیقی ضربی وسط ہیں۔

اس طرح $3, G_1, G_2, G_3, G_4, 96$ ایک ضربی سلسلہ ہے۔

یہاں $a = 3, n = 6, a_6 = 96$

$a_n = ar^{n-1}$

$a_6 = ar^5$

$96 = (3)r^5$

$r^5 = \frac{96}{3}$

$r^5 = 32$

$r^5 = 2^5$

$\Rightarrow r = 2$

پس، $G_1 = ar = (3)(2) = 6$

$G_2 = ar^2 = (3)(2)^2 = (3)(4) = 12$

$G_3 = ar^3 = (3)(2)^3 = (3)(8) = 24$

$G_4 = ar^4 = (3)(2)^4 = (3)(16) = 48$

5. **دو اعداد کا جمعی وسط 5 ہے جبکہ ان کا مثبت ضربی وسط 4 ہے۔ اعداد معلوم کیجیے۔**

حل: فرض کیا دو اعداد a, b ہیں۔

جمعی وسط $= \frac{a+b}{2}$ اور ضربی وسط $= \sqrt{ab}$

$4 = \sqrt{ab}$, $5 = \frac{a+b}{2}$

$16 = ab$, $a + b = 10$ ____ (1)

'a' کی قیمت مساوات(1) میں درج کرنے سے $ab = 16$

$a = \frac{16}{b}$ ____ (2)

$\frac{16}{b} + b = 10$

$\frac{16 + b^2}{b} = 10$

$16 + b^2 = 10b$

$b^2 - 10b + 16 = 0$

$b(b-8) - 2(b-8) = 0$

$(b-8)(b-2) = 0$

$(b-8)(b-2) = 0$

$b - 8 = 0$ اور $b - 2 = 0$

$b = 8$, $b = 2$

$b = 2$ مساوات(2) میں درج کرنے سے

$a = \frac{16}{2} = 8$

پس، $a = 8, b = 2$

$b = 8$ مساوات(2) میں درج کرنے سے

$a = \frac{16}{8} = 2$

پس، $a = 2, b = 8$

6. **دو اعداد کا مثبت ضربی وسط 6 ہے اور ان کا جمعی وسط 10 ہے۔ اعداد معلوم کیجیے۔**

حل: فرض کیا دو اعداد a,b ہیں:

ضربی وسط $= \sqrt{ab}$ اور جمعی وسط $= \frac{a+b}{2}$

$6 = \sqrt{ab}$, $10 = \frac{a+b}{2}$

$36 = ab$, $a + b = 20$ ____ (1)

'a' کی قیمت مساوات(1) میں درج کرنے سے

$a = \frac{36}{b}$ ____ (2)

$\frac{36}{b} + b = 20$

$$\frac{36+b^2}{b}=20$$

$$36+b^2=20b$$

$$b^2-20b+36=0$$

$$b(b-18)-2(b-18)=0$$

$$(b-2)(b-18)=0$$

$b-2=0$ اور $b-18=0$

$b=2$ $b=18$

$b=2$ مساوات (2) میں درج کرنے سے

$$a=\frac{36}{2}=18$$

پس، $a=18, b=2$

$b=18$ مساوات (2) میں درج کرنے سے

$$a=\frac{36}{18}=2$$

پس، $a=2, b=18$

.7 ثابت کیجیے کہ دو اعداد 4 اور 8 کا جمعی وسط ان کے ضربی وسط سے بڑا ہے۔

حل: فرض کیا $a=4, b=8$

جمعی وسط $=\frac{a+b}{2}=\frac{4+8}{2}=\frac{12}{2}=6$

ضربی وسط $=\sqrt{ab}=\sqrt{4\times 8}=\sqrt{32}$

$=\sqrt{2\times 2\times 2\times 2\times 2}=4\sqrt{2}$

پس، ضربی وسط < جمعی وسط

.8 160 اور 5 کے درمیان چار ضربی وسط لکھیے۔

حل: فرض کیا 5 اور 160 کے درمیان G_1, G_2, G_3, G_4 چار مطلوبہ ضربی وسط ہیں۔

اس لیے $5, G_1, G_2, G_3, G_4, 160$ ایک ضربی سلسلہ ہے۔

یہاں $a=5, n=6, a_6=160$

$$a_n=ar^{n-1}$$

$$a_6=ar^5$$

$$160=(5)r^5$$

$r^5 = \frac{160}{5}$

$r^5 = 32$

$r^5 = 2^5$

$\Rightarrow r = 2$

پس،

$G_1 = ar = (5)(2) = 10$

$G_2 = ar^2 = (5)(2)^2 = (5)(4) = 20$

$G_3 = ar^3 = (5)(2)^3 = (5)(8) = 40$

$G_4 = ar^4 = (5)(2)^4 = (5)(16) = 80$

.9 486اور 6 کے درمیان تین ضربی وسط لکھیے۔

حل: فرض کیا 6 اور 486 کے درمیان G_1, G_2, G_3 تین مطلوبہ ضربی وسط ہیں۔

اس طرح $6, G_1, G_2, G_3, 486$ ایک ضربی سلسلہ ہے۔

یہاں $a = 6, n = 5, a_5 = 486$

اس لیے

$a_n = ar^{n-1}$

$a_5 = ar^4$

$486 = (6)(r)^4$

$r^4 = \frac{486}{6}$

$r^4 = 81$

$r^4 = 3^4$

$\Rightarrow r = 3$

پس،

$G_1 = ar = (6)(3) = 18$

$G_2 = ar^2 = (6)(3)^2 = (6)(9) = 54$

$G_3 = ar^3 = (6)(3)^3 = (6)(27) = 162$

.10 $\frac{1}{8}$ اور 128 کے درمیان چار ضربی وسط لکھیے۔

حل: فرض کیا $\frac{1}{8}$ اور 128 کے درمیان G_1, G_2, G_3, G_4 چار مطلوبہ ضربی وسط ہیں۔

اس طرح $\frac{1}{8}, G_1, G_2, G_3, G_4, 128$ ایک ضربی سلسلہ ہے۔

یہاں $a = \frac{1}{8}, n = 6, a_6 = 128$

اس لیے $a_n = ar^{n-1}$

$a_6 = ar^5$

$128 = \left(\frac{1}{8}\right)r^5$

$r^5 = 1024$

$r^5 = 4^5$

$\Rightarrow r = 4$

پس، $G_1 = ar = \left(\frac{1}{8}\right)(4) = \frac{1}{2}$

$G_2 = ar^2 = \left(\frac{1}{8}\right)(4)^2 = \left(\frac{1}{8}\right)(16) = 2$

$G_3 = ar^3 = \left(\frac{1}{8}\right)(4)^3 = \left(\frac{1}{8}\right)(64) = 8$

$G_4 = ar^4 = \left(\frac{1}{8}\right)(4)^4 = \left(\frac{1}{8}\right)(256) = 32$

11. $-\frac{7}{16}$ اور 56 کے درمیان چھ ضربی وسط لکھیے۔

حل: فرض کیا $-\frac{7}{16}$ اور 56 کے درمیان $G_1, G_2, G_3, G_4, G_5, G_6$ چھ ضربی وسطی ہیں۔

اس طرح $-\frac{7}{16}, G_1, G_2, G_3, G_4, G_5, G_6, 56$

یہاں $a = -\frac{7}{16}, n = 8, a_8 = 56$

اس لیے $a_n = ar^{n-1}$

$a_8 = ar^7$

$56 = \left(-\frac{7}{16}\right)r^7$

$r^7 = -\frac{16}{7} \times 56$

$r^7 = -128 \Rightarrow r^7 = -2^7 \Rightarrow r = -2$

پس، $G_1 = ar = \left(-\frac{7}{16}\right)(-2) = \frac{7}{8}$

$G_2 = ar^2 = \left(-\frac{7}{16}\right)(-2)^2 = \left(-\frac{7}{16}\right)(4) = -\frac{7}{4}$

$$G_3 = ar^3 = \left(-\frac{7}{16}\right)(-2)^3 = \left(-\frac{7}{16}\right)(-8) = \frac{7}{2}$$

$$G_4 = ar^4 = \left(-\frac{7}{16}\right)(-2)^4 = \left(-\frac{7}{16}\right)(16) = -7$$

$$G_5 = ar^5 = \left(-\frac{7}{16}\right)(-2)^5 = \left(-\frac{7}{16}\right)(-32) = 14$$

$$G_6 = ar^6 = \left(-\frac{7}{16}\right)(-2)^6 = \left(-\frac{7}{16}\right)(64) = -28$$

.12 $\frac{32}{81}$ اور $\frac{9}{2}$ کے درمیان پانچ ضربی وسط لکھیے۔

حل: فرض کیا $\frac{32}{81}$ اور $\frac{9}{2}$ کے درمیان G_1, G_2, G_3, G_4, G_5 پانچ ضربی وسط ہیں۔

اس طرح $\frac{32}{81}, G_1, G_2, G_3, G_4, G_5, \frac{9}{2}$ ایک ضربی سلسلہ ہے۔

یہاں $a = \frac{32}{81}, n = 7, a_7 = \frac{9}{2}$

اس لیے

$$a_n = ar^{n-1}$$

$$a_7 = ar^6$$

$$\frac{9}{2} = \left(\frac{32}{81}\right)r^6$$

$$r^6 = \frac{9}{2} \times \frac{81}{32}$$

$$r^6 = \frac{729}{64}$$

$$r^6 = \frac{3^6}{2^6}$$

$$r^6 = \left(\frac{3}{2}\right)^6$$

$$\Rightarrow r = \frac{3}{2}$$

پس،

$$G_1 = ar = \left(\frac{32}{81}\right)\left(\frac{3}{2}\right) = \frac{16}{27}$$

$$G_2 = ar^2 = \left(\frac{32}{81}\right)\left(\frac{3}{2}\right)^2 = \frac{8}{9}$$

$$G_3 = ar^3 = \left(\frac{32}{81}\right)\left(\frac{3}{2}\right)^3 = \frac{4}{3}$$

$$G_4 = ar^4 = \left(\frac{32}{81}\right)\left(\frac{3}{2}\right)^4 = 2$$

$$G_5 = ar^5 = \left(\frac{32}{81}\right)\left(\frac{3}{2}\right)^5 = 3$$

جائزہ مشق 7

.1 صحیح جواب کے گرد دائرہ لگائیے:

(i) $a_n = n+3$ کی تیسری رقم کیا ہے؟

(a) 3 (b) 6 (c) 9 (d) 0

(ii) $a_n = \frac{1}{(2n-1)^2}$ کی چوتھی رقم کیا ہے؟

(a) $\frac{1}{7}$ (b) $\frac{1}{49}$ (c) $\frac{1}{81}$ (d) 0

(iii) ....2,6,11,17 میں a_5 کی قیمت کیا ہے؟

(a) 24 (b) 30 (c) 21 (d) 22

(iv) 12,16,21,27 میں اگلی رقم کیا ہے؟

(a) 34 (b) 30 (c) 31 (d) 32

(v) ....3,7,11 کی a_6 کیا ہے؟

(a) 3 (b) 19 (c) 23 (d) 20

(vi) $\sqrt{3}$ اور $3\sqrt{3}$ میں جمعی وسط کیا ہے؟

(a) $2\sqrt{3}$ (b) $5\sqrt{3}$ (c) $9\sqrt{3}$ (d) $4\sqrt{3}$

(vii) $6\sqrt{5}$ اور $2\sqrt{5}$ میں جمعی وسط کیا ہے؟

(a) $4\sqrt{5}$ (b) $3\sqrt{5}$ (c) $5\sqrt{5}$ (d) $7\sqrt{5}$

(viii) ....2,6,18 میں a_5 کی قیمت کیا ہے؟

(a) 160 (b) 161 (c) 162 (d) 30

(ix) 3- اور 12- کے درمیانی ضربی وسط کیا ہے؟

(a) ±6 (b) ±9 (c) ±36 (d) ±3

(x) 1 اور 8 کے درمیان ضربی وسط کیا ہے؟

(a) $2\sqrt{2}$ (b) $\pm 2\sqrt{2}$ (c) $-2\sqrt{2}$ (d) $\sqrt{2}$

جوابات: (i) b (ii) b (iii) a (iv) a (v) c

(vi) a (vii) a (viii) c (ix) a (x) b

.2 خالی جگہ پر کیجیے۔

(i) کسی سلسلہ کی جنرل ٹرم یا nویں رقم کو ________ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

(ii) اگر $a_n = 2n+3$ ہو تو $a =$ ________

(iii) کسی A.P میں $a_n = a+(n-1)d$ کہلاتی ہے ....

(iv) 5 اور 15 کے درمیان .... = جمعی وسط

(v) اگر a, A, b ایک جمعی سلسلہ میں ہو تو .... = A

(vi) ایک ضربی سلسلہ میں "r" .... کہلاتا ہے۔

(vii) کسی ضربی سلسلہ میں .... = a_n

(viii) اگر a, G, b ایک ضربی سلسلہ میں ہوں تو .... = G

(ix) 3 اور 2 کا مثبت ضربی وسط .... ہے۔

(x) $a_{n-5} = 3n+9$ A.P کی nویں رقم کو .... ہے۔

جوابات: (i) a_r (ii) 5 (iii) n ویں رقم (iv) 10 (v) $\frac{a+b}{2}$

(vi) مشترکہ نسبت/ضارب (vii) ar^{n-1} (viii) $\pm\sqrt{ab}$ (ix) 4 (x) 3n+24

.3 اس جمعی سلسلہ کی nویں رقم 18ویں رقم معلوم کیجیے جس کی پہلی رقم 3 اور مشترکہ قدر 2 ہو۔

حل: $a = 3, d = 2, a_{18} = ?, a_n = ?$

$$a_n = a+(n-1)d$$
$$= 3+(n-1)(2)$$
$$= 3+2n-2$$
$$a_n = 2n+1$$
$$a_{18} = 2(18)+1$$
$$= 36+1 = 37$$

.4 جمعی سلسلہ .... $\left(\frac{3}{5}\right)^3, \left(\frac{3}{7}\right)^3 + \left(\frac{3}{9}\right)^3$ کی nویں رقم معلوم کیجیے۔

حل: فرض کیا سلسلہ

$$5, 7, 9, \ldots\ldots$$
$$a = 5, d = 7-5 = 2$$
$$a_n = a+(n-1)d$$
$$= 5+(n-1)(2)$$
$$= 5+2n-2$$
$$= 2n+3$$

پس، $a_n = \left(\frac{3}{2n-3}\right)^3$

.5 اگر a اور 16 کا جمعی وسط 24 ہو تو 'a' کی قیمت معلوم کیجیے۔

حل: جمعی وسط $= 24, b = 16, a = ?$

$$\text{جمعی وسط} = \frac{a+b}{2}$$

$$24 = \frac{a+16}{2}$$

$$a + 16 = 48$$

$$a = 48 - 16$$

$$= 32$$

.6 ایسی 15 ویں رقم کا ضربی سلسلہ معلوم کیجیے جس کی 7 ویں رقم 27 اور مشترک نسبت 3 ہے۔

حل: $a_7 = 27, r = 3, a_{15} = ?$

$$ar^6 = 27$$

$$a(3)^6 = 27$$

$$a(729) = 27$$

$$a = \frac{27}{729} = \frac{1}{27}$$

$$a_{15} = ar^{14}$$

$$= \left(\frac{1}{27}\right)(3)^{14}$$

$$= \left(\frac{1}{3^3}\right)(3^{14}) = (3)^{14-3} = (3)^{11}$$

.7 $\frac{1}{2}$ اور 16 کے درمیان چار ضربی وسط لکھیے۔

حل: فرض کیا $\frac{1}{2}$ اور 16 کے درمیان G_1, G_2, G_3, G_4 چار ضربی وسط ہیں۔

اس طرح $\frac{1}{2}, G_1, G_2, G_3, G_4, 16$

یہاں $a = \frac{1}{2}, n = 6, a_6 = 16$

اس لیے $a_n = ar^{n-1}$

$$a_6 = ar^5$$

$16 = \left(\frac{1}{2}\right)r^5$

$32 = r^5$

$r^5 = 2^5$

$\Rightarrow r = 2$

پس،

$G_1 = ar = \left(\frac{1}{2}\right)(2) = 1$

$G_2 = ar^2 = \left(\frac{1}{2}\right)(2)^2 = \left(\frac{1}{2}\right)(4) = 2$

$G_3 = ar^3 = \left(\frac{1}{2}\right)(2)^3 = \left(\frac{1}{2}\right)(8) = 4$

$G_4 = ar^4 = \left(\frac{1}{2}\right)(2)^4 = \left(\frac{1}{2}\right)(16) = 8$

.8 ضربی سلسلہ کی تین ایسی متواتر رقوم لکھیے جن کا مجموعہ 26 اور حاصل ضرب 216 ہو۔

حل: فرض کیا تین مسلسل اعداد = $\frac{a}{r}, a, ar$

پہلی شرط کے مطابق

$\frac{a}{r} + a + ar = 26$

$a\left(\frac{1}{r} + 1 + r\right) = 26$

$a\left(\frac{1 + r + r^2}{r}\right) = 26$

$a\left(1 + r + r^2\right) = 26r \quad \text{______} (1)$

دوسری شرط کے مطابق

$\left(\frac{a}{r}\right)(a)(ar) = 216$

$a^3 = 216$

$a^3 = 6^3$

$\Rightarrow a = 6$

'a' کی قیمت مساوات (1) میں درج کرنے سے

$6\left(1 + r + r^2\right) = 26r$

$3\left(r^2 + r + 1\right) = 13r$

$3r^2 + 3r + 3 - 13r = 0$

$$3r^2 - 10r + 3 = 0$$
$$3r^2 - 9r - r + 3 = 0$$
$$3r(r-3) - 1(r-3) = 0$$
$$r - 3 = 0 \quad \text{اور} \quad 3r - 1 = 0$$
$$r = 3 \quad\quad 3r = 1$$
$$r = \frac{1}{3}$$

اگر $a = 6$ اور $r = \frac{1}{3}$ ہو تو

$$\frac{a}{r} = \frac{6}{1/3} = 6 \times \frac{3}{1} = 18$$
$$a = 6$$
$$ar = (6)\left(\frac{1}{3}\right) = 2$$

پس، تین متواتر رقوم 18, 6, 2 ہیں۔

اگر $a = 6$ اور $r = 3$ ہو تو

$$\frac{a}{r} = \frac{6}{3} = 2$$
$$a = 6$$
$$ar = \frac{6}{1/3} = 6 \times \frac{3}{1} = 18$$

پس، تین متواتر رقوم 2, 6, 18 ہیں۔

خلاصہ

☆ اعداد کی ایسی ترتیب جس میں ہر اگلی رقم خاص قاعدہ کے اطلاق سے حاصل کی گئی ہو اور یہ قاعدہ اس رقم کے مقام کا تعین بھی کرتا ہو۔ یعنی کہ اس ترتیب کے تمام اراکین سلسلہ وار مخصوص ترتیب میں ہوں۔ اعداد کی ایسی ترتیب کو سلسلہ (Sequence) کہتے ہیں۔

☆ ایسا سلسلہ جس میں ہر اگلی رقم، پچھلی رقم میں ایک مقررہ عدد (مشترکہ تم) جمع کر کے حاصل کی گئی ہو۔ جمعی سلسلہ Arithematic Sequence کہلاتی ہے۔

☆ کوئی عدد 'A' دو اعداد 'a'، 'b' کے درمیان جمعی وسط کہلاتا ہے اگر a,A,b ایک جمعی سلسلہ میں ہوں۔

☆ ایک سلسلہ جس میں ہر اگلی رقم، پچھلی رقم کو ایک مشترکہ نسبت سے ضرب دے کر حاصل کی ہو۔ ضربی سلسلہ کہلاتی ہے۔

☆ "G" دو اعداد 'a' اور 'b' کے درمیان ضربی وسط کہلاتا ہے اگر a,G,b ایک ضربی سلسلہ میں ہوں۔

معروضی سوالات

☆ درست جواب پر (✔) کا نشان لگائیں۔

-1 کسی بھی سلسلہ کو ظاہر کرنے کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے۔

(a) an (b) a_n (c) a_{n-1} (d) a^n

-2 اگر $a_n = 2n+3$ ہو تو a_4 کی قیمت ہوگی۔

(a) 9 (b) 10 (c) 11 (d) 12

-3 اگر $a_n = 2n+3$ ہو تو a_7 کی قیمت ہوگی۔

(a) 13 (b) 15 (c) 16 (d) 17

-4 اگر $a_n = (-1)^{n+1}(n+3)$ ہو تو a_4 کی قیمت ہوگی۔

(a) –3 (b) –5 (c) –7 (d) –9

-5 اگر $a_n = n+3$ ہو تو پہلی تین رقوم ہوگی۔

(a) 4,5,6 (b) 3,4,5 (c) 5,6,7 (d) 2,3,4

-6 $2,6,11,17,$ .... میں a_6 ہوگی۔

(a) 30 (b) 32 (c) 34 (d) 36

-7 $1,\frac{1}{3},\frac{1}{9},\frac{1}{27},$ .... میں a_5 ہوگی۔

(a) $\frac{1}{61}$ (b) $\frac{1}{71}$ (c) $\frac{1}{81}$ (d) $\frac{1}{91}$

-8 جمعی سلسلہ کا مخفف ہوتا ہے۔

(a) A. P (b) G. P (c) H. P (d) P. A

-9 کسی جمعی سلسلہ میں پہلی رقم کو ظاہر کرتے ہیں۔

(a) سے 'd' (b) سے 'a+d' (c) سے 'b' (d) سے 'a'

-10 کسی جمعی سلسلہ میں قدر مشترک کو ظاہر کرتے ہیں۔

(a) سے 'a' (b) سے 'a_1' (c) سے 'd' (d) سے 'a_n'

-11 کسی جمعی سلسلہ میں دوسری رقم حاصل ہوتی ہے۔

(a) سے 'a – d' (b) سے 'a + d' (c) سے '2ad' (d) سے 'a + 3d'

-12 a+9d کونسی رقم ہے۔

(a) a_8 (b) a_9 (c) a_{10} (d) a_{11}

-13 a + (n – 1) d کے برابر ہے۔

(a) an (b) a_{n-1} (c) a_{n+1} (d) a_n

-14 جمعی وسط کو ظاہر کرتے ہیں۔

(a) H.M سے (b) M.A سے (c) A.M سے (d) G.M سے

-15 $\frac{a+b}{2}$ برابر ہوتا ہے۔

(a) H کے (b) A کے (c) G کے (d) B کے

-16 8 اور 4 کے درمیان جمعی وسط ہوگا۔

(a) 2 (b) 4 (c) 6 (d) 8

-17 $2\sqrt{5}+6\sqrt{5}$ کے درمیان جمعی وسط ہوگا۔

(a) $\sqrt{5}$ (b) $2\sqrt{5}$ (c) $3\sqrt{5}$ (d) $4\sqrt{5}$

-18 a + 4d برابر ہے۔

(a) A_2 کے (b) A_3 کے (c) A_4 کے (d) A_5 کے

-19 a + 11d برابر ہے۔

(a) A_8 کے (b) A_9 کے (c) A_{10} کے (d) A_{11} کے

-20 ضربی سلسلہ کو مختصراً ظاہر کرتے ہیں۔

(a) H.P سے (b) G.P سے (c) B.P سے (d) A.P سے

-21 مشترک نسبت / اضارب کو ظاہر کرتے ہیں۔

(a) r سے (b) d سے (c) c سے (d) b سے

-22 کسی ضربی سلسلہ کی پہلی رقم کو ظاہر کرتے ہیں۔

(a) ar سے (b) a+1 سے (c) d سے (d) a سے

-23 کسی ضربی سلسلہ کی دوسری رقم کو ظاہر کرتے ہیں۔

(a) a سے (b) ar سے (c) ar^2 سے (d) ar^3 سے

-24 ضربی سلسلہ کی n ویں رقم a_n ہوتی ہے۔

(a) ar^n (b) ar^{n-2} (c) ar^{n-1} (d) ar^{n-1}

-25 ضربی سلسلہ ....2,8,32, میں 7 ویں رقم ہوگی۔

(a) 8188 (b) 8190 (c) 8192 (d) 8194

-26 ضربی سلسلہ ...., $-\frac{3}{2}, 3, -6$ کی 6 ویں رقم ہوگی۔

(a) 42 (b) 44 (c) 46 (d) 48

-27 ضربی وسط کو مختصراً ظاہر کرتے ہیں۔

(a) G سے (b) A سے (c) H سے (d) M سے

-28 3 اور 27 کے درمیان ضربی وسط ہوتا ہے۔

(a) $+2$ (b) ± 27 (c) ± 3 (d) ± 9

-29 $2x^2$ اور $8y^4$ کے درمیان ضربی وسط ہوتا ہے۔

(a) $\pm 4xy$ (b) $\pm 4xy^2$ (c) $\pm 4x^2y$ (d) $\pm 4x^2y^2$

-30 کسی سلسلہ کی جنرل ٹرم یا nویں رقم کو ظاہر کرتے ہیں۔

(a) an (b) a^n (c) a_n (d) a_{n-1}

-31 کسی A.P میں $a_n = a+(n-1)d$ کہلاتی ہے۔

(a) n ویں رقم (b) (n−1) ویں رقم (c) (n+1) ویں رقم (d) 18 ویں رقم

-32 5 اور 15 کے درمیان جمعی وسط ہوگا۔

(a) 8 (b) 10 (c) 12 (d) 14

-33 کسی ضربی سلسلہ میں a_n کی قیمت ہوتی ہے۔

(a) ar^{n+1} (b) arn (c) ar^n (d) ar^{n-1}

-34 A.P $a_{n-5} = 3n+9$ کی nویں رقم ہوگی۔

(a) 3n+20 (b) 3n+24 (c) 3n+18 (d) 3n+26

-35 8 اور 2 کا مثبت ضربی وسط ہے۔

(a) 2 (b) 3 (c) 4 (d) 8

جوابات:

-1 a_n	-2 11	-3 17	-4 −7
-5 4,5,6	-6 32	-7 $\frac{1}{81}$	-8 A.P
-9 'a' ہے	-10 'd' ہے	-11 a + d	-12 a_{10}
-13 a_n	-14 A.M ہے	-15 A کے	-16 6
-17 $4\sqrt{5}$	-18 A_4 کے	-19 A_{11} کے	-20 G.P ہے
-21 r ہے	-22 a ہے	-23 ar ہے	-24 ar^{n-1}
-25 8192	-26 48	-27 G ہے	-28 ± 9
-29 $\pm 4xy^2$	-30 a_n	-31 nویں رقم	-32 10
-33 ar^{n-1}	-34 3n+24	-35 4	

☆ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

-1 سیکوئنس یا پروگریشن سے کیا مراد ہے؟

جواب: ایک عددی سلسلہ، مخصوص قاعدہ کے مطابق لکھے گئے اعداد کی ترتیب ہوتی ہے۔ عددی سلسلے کو انگریزی میں سیکوئنس یا پروگریشن

کہتے ہیں۔

-2 محدود سلسلہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: اگر کسی سلسلہ میں آخری رقم موجود ہو تو یہ محدود سلسلہ کہلاتا ہے۔

-3 لامحدود سلسلہ کونسا ہوتا ہے؟

جواب: اگر کسی سلسلہ میں آخری رقم موجود نہ ہو تو یہ لامحدود سلسلہ کہلاتا ہے۔

-4 $a_n = (-1)^n n^3$ کی پہلی تین رقوم معلوم کریں۔

حل:

$a_n = (-1)^n n^3$

اگر $n=1$ ہو تو

$a_1 = (-1)^1 (1)^3 = (-1)(1) = -1$

اگر $n=2$ ہو تو

$a_2 = (-1)^2 (2)^3 = (+1)(8) = 8$

اگر $n=3$ ہو تو

$a_3 = (-1)^3 (3)^3 = (-1)(27) = -27$

پس، پہلی تین رقوم درج ذیل ہیں۔

$-1, 8, -27$

-5 $a_n = \frac{n+1}{2n+5}$ کی پہلی تین رقوم معلوم کریں

حل:

$a_n = \frac{n+1}{2n+5}$

اگر $n=1$ ہو تو

$a_1 = \frac{1+1}{2(1)+5} = \frac{2}{2+5} = \frac{2}{7}$

اگر $n=2$ ہو تو

$a_2 = \frac{2+1}{2(2)+5} = \frac{3}{4+5} = \frac{3}{9}$

اگر $n=3$ ہو تو

$a_3 = \frac{3+1}{2(3)+5} = \frac{4}{6+5} = \frac{4}{11}$

پس، پہلی تین رقوم درج ذیل ہیں۔

$\frac{2}{7}, \frac{3}{9}, \frac{4}{11}$

6- اگر $a_n = \frac{1}{3^n}$ ہو تو a_1 ، a_2 اور a_3 معلوم کریں۔

حل:

$$a_n = \frac{1}{3^n}$$

اگر n=1 ہو تو

$$a_1 = \frac{1}{3^1} = \frac{1}{3}$$

اگر n=2 ہو تو

$$a_2 = \frac{1}{3^2} = \frac{1}{9}$$

اگر n=3 ہو تو

$$a_3 = \frac{1}{3^3} = \frac{1}{27}$$

پس، پہلی تین رقوم درج ذیل ہیں۔

$$\frac{1}{3}, \frac{1}{9}, \frac{1}{27}$$

7- دیے گئے سلسلے میں a_7 معلوم کریں جبکہ 1,3,12,60,..................

حل:

$a_1 = 1$

$a_2 = 1 \times 3 = 3$

$a_3 = 3 \times 4 = 12$

$a_4 = 12 \times 5 = 60$

$a_5 = 60 \times 6 = 360$

$a_6 = 360 \times 7 = 2520$

$a_7 = 2520 \times 8 = 20,160$

8- سلسلہ $\frac{1}{3}, \frac{2}{5}, ...$ میں a_5 معلوم کریں۔

حل:

$a_1 = \frac{1}{3}$

شمار کنندہ میں '1' اور مخرج میں '2' جمع کرنے سے اگلی رقوم حاصل ہوں گی۔

$a_2 = \frac{1+1}{3+2} = \frac{2}{5}$, $a_3 = \frac{2+1}{5+2} = \frac{3}{7}$

$$a_4 = \frac{3+1}{7+2} = \frac{4}{9} \quad , \quad a_5 = \frac{4+1}{9+2} = \frac{5}{11}$$

9- جمعی سلسلہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: جمعی سلسلہ (مخفف A . P) اعداد کی ایسی ترتیب ہوتی ہے جس میں پچھلی رقم سے اگلی رقم ایک قدر مشترک 'd'(common Difference) جمع کرکے حاصل کی جاتی ہے۔

10- اس A.P میں nویں رقم اور 14ویں رقم معلوم کیجئے جس کی پہلی رقم 2 اور مشترک قدر 5 ہے۔

حل:

چونکہ
$a_1 = a = 2, \; d = 5$

ہم جانتے ہیں کہ
$a_n = a + (n-1)d = 2 + (n-1).(5)$
$= 2 + 5n - 5 = 5n - 3$
$a_{14} = 5(14) - 3 = 70 - 3 = 67$

11- اگر کسی جمعی سلسلہ کی 5ویں رقم 16 اور 20ویں رقم 46 ہو تو اس کی 15ویں رقم کیا ہوگی؟

حل:

چونکہ
$a_5 = 16$ اور $a_{20} = 46$

$a + 4d = 16 \text{..........(i)} \quad a + 19d = 46 \text{..........(ii)}$

مساوات (i) کو (ii) سے تفریق کرنے سے

$(a + 19d) - (a + 4d) = 46 - 16$
$a + 19d - a - 4d = 30$
$15d = 30$
$d = 2$

$d = 2$ مساوات (i) میں درج کرنے سے

$a + 4(2) = 16$
$a + 8 = 16$
$a = 16 - 8 = 8$

اب

$a_{15} = a + 14d$
$= 8 + 14(2)$
$= 8 + 28 = 36$

12- جمعی سلسلہ میں رقوم کی تعداد معلوم کریں۔

حل:

جبکہ
$a = 3, d = 4, a_n = 59$

ہم جانتے ہیں کہ
$a_n = a + (n-1)d$
$59 = 3 + (n-1)(4)$
$59 = 3 + 4n - 4$

$59 + 1 = 4n$

یا $4n = 60$

$n = 15$

13- اگر $a_{n-3} = 2n - 12$ ہو تو a_n معلوم کریں۔

حل:

$a_{n-3} = 2n - 1$

n کی جگہ (n+3) رکھنے سے

$a_{n+3-3} = 2(n+3) - 12$

$a_n = 2n + 6 - 12$

$= 2n - 6$

14- درج ذیل سلسلہ میں مطلوبہ رقم معلوم کریں۔ 61ویں رقم ,3,7,11............

حل:

$a = 3, d = 7 - 3 = 4, a_{61} = ?, n = 61$

ہم جانتے ہیں کہ

$a_n = a + (n-1)d$

$a_{61} = 3 + (61-1)(4)$

$= 3 + (60)(4)$

$= 3 + 240$

$= 243$

15- درج ذیل سلسلہ میں مطلوبہ رقم معلوم کریں۔ $11,6,1,\ldots\ldots\ldots, a_{18}$

حل:

$a = 11, d = 6 - 11 = -5, a_{18} = ?, n = 18$

ہم جانتے ہیں کہ

$a_n = a + (n-1)d$

$a_{18} = 11 + (18-1)(-5)$

$= 11 + (17)(-5) = 11 - 85 = -74$

16- نامعلوم عنصر معلوم کیجئے۔ $a = 2, a_n = 402, n = 26, d = ?$

حل:

$a = 2, a_n = 402, n = 26, d = ?$

$a_n = a + (n-1)d$

$402 = 2 + (26-1)d$

$402 = 2 + 25d$

$402 - 2 = 25d$

$400 = 25d$

یا $d = \frac{400}{25} = 16$

17- نامعلوم عنصر معلوم کریں۔ $a_n = 261, d = 4, n = 18, a = ?$

حل:

ہم جانتے ہیں کہ

$$a_n = a + (n-1)\,d$$
$$261 = a + (18-1)(4)$$
$$261 = a + (17)(4)$$
$$261 = a + 68$$
$$261 - 68 = a$$
$$a = 193$$

18- جمعی سلسلہ کی 15ویں رقم معلوم کریں جبکہ تیسری رقم 8 اور مشترک فرق $\frac{1}{3}$ ہے۔

حل:

$$a_{15} = ?,\ a_3 = 8,\ n = 15, d = \frac{1}{3}$$

$$a_3 = 8$$
$$a + 2d = 8$$
$$a + 2\left(\frac{1}{3}\right) = 8$$
$$a + \left(\frac{2}{3}\right) = 8$$
$$a = 8 - \frac{2}{3} = \frac{22}{3}$$

ہم جانتے ہیں کہ

$$a_{15} = a + 14d$$
$$= \frac{22}{3} + 14\left(\frac{1}{3}\right) = \frac{22}{3} + \frac{14}{3}$$
$$= \frac{36}{3} = 12$$

19- جمعی سلسلہ ......,6,2,-2 کی کونسی رقم 146- ہے۔

حل:

$6,2,-2,\ldots\ldots$

$$a = 6,\ d = 2 - 6 = -4,\ a_n = -146,\ n = ?$$

ہم جانتے ہیں کہ $a_n = a + (n-1)\,d$

$$-146 = 6 + (n-1)(-4)$$
$$-146 = 6 - 4n + 4$$
$$-146 = 10 - 4n$$
$$-146 - 10 = -4n$$
$$-156 = -4n$$
$$4n = 156$$
$$n = 39$$

-20 جمعی سلسلہ $2-x, 3-2x, 4-3x, \ldots\ldots$ کی 11ویں رقم معلوم کریں۔

حل: $2-x, 3-2x, 4-3x, \ldots\ldots$

$$a = 2-x,\ d = (3-2x)-(2-x) = 3-2x-2+x = 1-x$$

ہم جانتے ہیں کہ $a_n = a + (n-1)d$

$$a_{11} = a + 10d$$
$$= (2-x) + 10(1-x)$$
$$= 2-x+10-10x$$
$$= 12-11x$$

-21 اگر a اور b کے درمیان 8 اور 12 دو جمعی وسط ہوں تو a اور b معلوم کریں۔

جواب: چونکہ a,8,12,b ایک جمعی سلسلہ ہے۔

لہذا
$$d = a_3 - a_2$$
$$= 12 - 8 = 4$$
$$b = a_3 + d$$
$$= 12 + 4 = 16$$
$$a = a_2 - d$$
$$= 8 - 4 = 4$$

پس، $a = 4,\ b = 16$

-22 اگر 5 اور b کے درمیان جمعی وسط 10 ہو تو b کی قیمت معلوم کریں۔

حل:

$$\text{جمعی وسط} = \frac{a+b}{2}$$
$$10 = \frac{5+b}{2}$$
$$20 = 5 + b$$

یا $b+5=20$

$b=20-5$

$b=15$

-23 اگر a اور 10 کے درمیان جمعی وسط 40 ہو تو a کی قیمت معلوم کریں۔

حل:

$$\text{جمعی وسط} = \frac{a+b}{2}$$

$$40 = \frac{a+10}{2}$$

$$a+10 = 80$$

$$a = 80-10$$

$$a = 70$$

-24 ضربی سلسلہ سے کیا مراد ہے؟

جواب: ضربی سلسلہ، اعداد کی ایسی ترتیب ہے کہ جس میں ہر آنے والا عدد (رقم) پچھلی رقم کو ایک مقررہ مقدار (مشترکہ نسبت) سے ضرب دے کر حاصل ہوتا ہے۔

-25 اس ضربی سلسلہ کی 5ویں رقم معلوم کریں جس میں $a=2$ اور $r=3$ ہو۔

حل:

$$a=2,\ r=3,\ n=5,\ a_5=?$$

$$a_n = ar^{n-1}$$

$$a_5 = ar^4$$

$$= (2)(3)^4 = (2)(81) = 162$$

-26 ضربی سلسلہ ....,2,6,18 کی 11ویں رقم معلوم کریں۔

حل: 2,6,18,..........

$$a=2,\ r=\frac{6}{2}=3,\ a_{11}=?$$

$$a_{11} = ar^{10}$$

$$= (2)(3)^{10}$$

$$= (2)(59049) = 118098$$

-27 ضربی سلسلہ ....,4, – 12,36 کی 5ویں رقم معلوم کریں۔

حل: 4, – 12,36,..........

$$a=4,\ r=-\frac{12}{4}=-3,\ a_5=?$$

$$a_5 = ar^4$$
$$= (4)\,(-3)^4$$
$$= (4)\,(81) = 324$$

-28 نامعلوم عنصر معلوم کیجئے جبکہ $r = 10,\ a_n = 100,\ a = 1,\ n = ?$

حل:

$$a_n = ar^{n-1}$$
$$100 = (1)\,(10)^{n-1}$$
$$10^2 = 10^{n-1}$$
$$\Rightarrow \quad n-1 = 2$$
$$n = 2+1 = 3$$

-29 ایسے ضربی سلسلہ کی 11ویں رقم معلوم کیجئے جس کی 5ویں رقم کی قیمت 9 اور مشترک نسبت 2 ہے۔

حل:

$$a_{11} = ?,\ a_5 = 9,\ r = 2$$
$$a_5 = 9$$
$$ar^4 = 9$$
$$a(2)^4 = 9$$
$$16a = 9$$
$$a = \frac{9}{16}$$
$$a_{11} = ar^{10} = \left(\frac{9}{16}\right)(2)^{10} = \left(\frac{9}{16}\right)(1024) = 576$$

-30 $x, 1, \frac{1}{x}, \ldots\ldots$ ضربی سلسلہ کی 30ویں رقم معلوم کیجئے۔

حل:

$$x,\ 1,\ \frac{1}{x},\ldots\ldots$$

$$a = x,\ r = \frac{1}{x}, \qquad a_{30} = ?$$

$$a_{30} = ar^{29} = (x)\left(\frac{1}{x}\right)^{29} = (x)\,(x)^{-29}$$

$$= x^{1-29} = x^{-28} = \frac{1}{x^{28}}$$

-31 9 اور 5 کے درمیان ضربی وسط معلوم کریں۔

حل: چونکہ $a = 5$ اور $b = 9$

$$\text{ضربی وسط} = G = \pm\sqrt{ab}$$
$$= \pm\sqrt{5\times9}$$
$$= \pm\sqrt{5\times3\times3}$$
$$= \pm 3\sqrt{5}$$

-32 1 اور 8 کے درمیان دو ضربی وسط معلوم کریں۔

حل: فرض کیا 1 اور 8 کے درمیان G_1, G_2 دو مطلوبہ ضربی وسط ہیں۔

اس طرح $1, G_1, G_2, 8$ ایک ضربی سلسلہ ہے۔

یہاں $a = 1, n = 4, a_n = 8$

اس لیے
$$a_n = ar^{n-1}$$
$$a_4 = ar^3$$
$$8 = (1)r^3$$
یا
$$r^3 = 2^3$$
$$\Rightarrow r = 2$$

پس،
$$G_1 = ar = (1)(2) = 2$$
$$G_2 = ar^2 = (1)(2)^2 = 4$$

-33 ثابت کیجئے کہ دو اعداد 4 اور 8 کا جمعی وسط ان کے ضربی وسط سے بڑا ہے۔

حل: فرض کیا $a = 4$ اور $b = 8$

$$\text{جمعی وسط} = \frac{a+b}{2} = \frac{4+8}{2} = \frac{12}{2} = 6$$
$$\text{ضربی وسط} = \sqrt{4\times8} = \sqrt{32} = \sqrt{2\times2\times2\times2\times2} = 4\sqrt{2}$$

پس ضربی وسط < جمعی وسط

-34 اس جمعی سلسلہ کی n ویں رقم اور 18 ویں رقم معلوم کیجئے جس کی پہلی رقم 3 اور مشترکہ فرق 2 ہو۔

حل:

$$a = 3, d = 2, a_n = ?, a_{18} = ?$$
$$a_n = a + (n-1)d$$
$$= 3 + (n-1)(2)$$
$$= 3 + 2n - 2$$
$$= 2n + 1$$
$$a_{18} = 2(18) + 1 = 36 + 1 = 37$$

-35 اگر a اور 16 کا جمعی وسط 24 ہو تو 'a' کی قیمت معلوم کریں۔

حل:

$$\text{جمعی وسط} = \frac{a+b}{2}$$

$$24 = \frac{a+16}{2}$$

$$a + 16 = 24 \times 2$$

$$a = 48 - 16 = 32$$

-36 ایسی 15 ویں رقم کا ضربی سلسلہ معلوم کیجئے جس کی 7 ویں رقم 27 اور مشترک نسبت 3 ہے۔

حل:

$$a_7 = 27, r = 3, a_{15} = ?$$

$$ar^6 = 27$$

$$a(3)^6 = 27$$

$$a(729) = 27$$

$$a = \frac{27}{729} = \frac{1}{27}$$

$$a_{15} = ar^{14} = \left(\frac{1}{27}\right)(3)^{14} = \left(\frac{1}{3^3}\right)(3^{14})$$

$$= 3^{14-3} = 3^{11}$$

-37 ضربی سلسلہ کی تین متواتر رقوم لکھیں۔

جواب: ضربی سلسلہ کی تین متواتر رقوم درج ذیل ہیں۔

$$\frac{a}{r}, a, ar$$

-38 جمعی سلسلہ کی پانچ متواتر رقوم لکھیں۔

جواب: جمعی سلسلہ کی پانچ متواتر رقوم درج ذیل ہیں۔

$$a-2d, a-d, a, a+d, a+2d$$

-39 جمعی سلسلہ کی چار متواتر رقوم لکھیں۔

جواب: جمعی سلسلہ کی چار متواتر رقوم درج ذیل ہیں۔

$$a-3d, a-d, a+d, a+3d$$

SETS AND FUNCTIONS

- سیٹوں پر عوامل
- ثنائی روابط
- تفاعل

اس یونٹ کو پڑھنے کے بعد طلبا اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ یہ جان سکیں:

- N,Z,W,E,O,P اور Q کی علامت سے ظاہر کیے گئے سیٹوں کی شناخت کیا ہیں؟
- سیٹوں پر $(\cup, \cap, \backslash, ...)$ کے عوامل کیا ہیں۔
- سیٹوں پر مندرجہ ذیل عوامل کیسے کرائیں۔
  - یونین Union
  - تقاطع Intersection
  - کمپلیمنٹ Complement
- دو یا تین سیٹوں پر یونین اور تقاطع کے درج ذیل خواص کی تصدیق کیسے کرنا ہے۔
  - یونین اور تقاطع کی خاصیت مبادلہ
  - یونین اور تقاطع کی خاصیت تلازم
- وین اشکال سے مندرجہ ذیل کا اظہار کیسے کرنا ہے۔
  - سیٹوں کا یونین اور انٹرسیکشن
  - سیٹ کا کمپلیمنٹ
- وین اشکال سے مندرجہ ذیل کا ثبوت فراہم کیسے کرنا ہے۔
  - سیٹوں کے یونین اور انٹرسیکشن کے قوانین مبادلہ
  - سیٹوں کے یونین اور انٹرسیکشن کے لحاظ سے قوانین تلازم
  - ڈی مارگن کے قوانین
- ثنائی ربط (Binary Relation) کی تعریف کرنا اور اس کی ڈومین (Domain) اور رینج (Range) کا تعین کرنا۔
- تفاعل (Function) کی تعریف کرنا اور اس کی ڈومین (Domain) اور رینج (Range) کی پہچان کیسے کرنا ہے۔
- مندرجہ ذیل کو واضح کیسے کرنا ہے۔
  - ان ٹو فنکشن
  - ون۔ون فنکشن
  - ان ٹو، ون۔ون فنکشن (Injective Function)
  - آن ٹو فنکشن (Surjective Function)
  - ون۔ون، آن ٹو فنکشن (Bijective Function)

Set سیٹ

کائنات کی ہر چیز چاہے وہ جاندار ہو یا بے جان "شے" کہلاتی ہے۔ ہم مخصوص اشیاء کے اجتماع یا اکٹھ کو مخصوص نام دیتے ہیں جیسا کہ "ہاکی ٹیم"، "بھیڑوں کا ریوڑ"، "پھولوں کا گلدستہ" وغیرہ۔

سیٹ سے مراد واضح متعارف اشیاء کا اجتماع یا اکٹھ ہے۔ یعنی کہ اشیاء کا اجتماع یا اکٹھ اس طرح سے لیا گیا ہو کہ بغیر کسی شک وشبہ کے ہم بتا سکیں کہ کوئی دی ہوئی شے کا اس اکٹھ سے تعلق ہے یا نہیں۔ واضح متعارف اشیاء کے اکٹھ کو "سیٹ" کہتے ہیں۔

کسی سیٹ کے نام کو بالعموم حروف تہجی A,B,C,...X,Y,Z سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

سیٹ میں موجود اشیاء ممبران یا ارکان کہلاتے ہیں۔ ارا کین سیٹ کو چھوٹے حروف تہجی یا اعداد سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

مثال کے طور پر

(i) $A = \{1,3,4,5\}$

(ii) $B = \{a, e, i, o, u\}$ تمام سیٹ کہلاتے ہیں۔

(iii) $C = \{1,3,5,7,9,....\}$

اگر کوئی شے x سیٹ 'A' سے تعلق رکھتی ہو تو اسے یوں لکھتے ہیں $x \in A$ جس کا مطلب ہے x، سیٹ 'A' کا رکن ہے۔ اور اگر کوئی شے x سیٹ 'A' سے تعلق نہ رکھتی ہو تو ہم لکھتے ہیں $x \notin A$ ۔

Important Sets اہم سیٹ

Set of Natural Number قدرتی اعداد کا سیٹ

گنتی کے اعداد مثلاً ...1,2,3 وغیرہ قدرتی اعداد کہلاتے ہیں۔ قدرتی اعداد کا سیٹ 'N' سے ظاہر کیا جاتا ہے جیسا کہ

$N = \{1,2,3,4,5,....\}$

Set of Whole Numbers مکمل اعداد کا سیٹ

مکمل اعداد کے سیٹ کو 'W' سے ظاہر کیا جاتا ہے جیسا کہ

$W = \{0,1,2,3,4,5,....\}$

Set of Integers: صحیح اعداد کا سیٹ

صحیح اعداد کے سیٹ کو علامت 'Z' سے ظاہر کیا جاتا ہے جیسا کہ

$Z = \{...., -3,-2,-1,0,1,2,3,....\}$

Set of Even Numbers جفت اعداد کا سیٹ

جفت اعداد کے سیٹ کو 'E' سے ظاہر کیا جاتا ہے جیسا کہ

$E = \{..., -4,-2,0,2,4,6,8,....\}$

Set of Odd Numbers طاق اعداد کا سیٹ

طاق اعداد کے سیٹ کو 'O' سے ظاہر کیا جاتا ہے جیسا کہ

$O = \{..., -3,-1,3,5,...\}$

Set of Prime Numbers مفرد اعداد کا سیٹ

مفرد اعداد کے سیٹ کو 'P' سے ظاہر کیا جاتا ہے جیسا کہ

$P = \{2,3,5,7,11,13,17,...\}$

مفرد اعداد ایسے اعداد ہیں جو کہ '1' اور اپنے آپ پر تقسیم ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ وہ کسی اور عدد سے تقسیم نہیں ہوتے۔

ناطق اعداد کا سیٹ Set of Rational Numbers

ناطق اعداد کے سیٹ کو 'Q' سے ظاہر کیا جاتا ہے جیسا کہ

$$Q = \left\{\frac{p}{q} : q \neq 0, p, q \in Z\right\}$$

سیٹوں پر عوامل Operations on Sets:

حساب، اعداد پر جمع، تفریق، ضرب اور تقسیم کے عوامل کی طرح سیٹوں پر یونین، تقاطع اور کمپلیمنٹ جیسے عوامل ہوتے ہیں۔

سیٹوں کا یونین (Union of Sets):

اگر A اور B کوئی سے دو سیٹ ہوں تو سیٹ A اور سیٹ B کے یونین سے مراد اُن ممبران پر مشتمل سیٹ ہوتا ہے جو کہ سیٹ A اور سیٹ B کے تمام ارکان ہوں۔

لہٰذا $A \cup B = \{x : x \in A \text{ or } x \in B\}$

مثال کے طور پر اگر $A = \{1,2,3,4,5\}$

$B = \{2,4,6,8,10\}$

$A \cup B = \{1,2,3,4,5\} \cup \{2,4,6,8,10\}$

$= \{1,2,3,4,5,6,8,10\}$

سیٹوں کا تقاطع :Intersection of Sets

دو سیٹوں A اور B کا تقاطع $A \cap B$ سے ظاہر کیا جاتا ہے اور یہ ان ارکان پر مشتمل ہوتا ہے جو A اور B دونوں کے مشترکہ ارکان ہوں۔

لہٰذا $A \cap B = \{x \mid x \in A$ اور $x \in B\}$

کائناتی سیٹ :Universal Set

اگر کچھ سیٹ زیر بحث ہوں تو ان میں ایک سیٹ ایسا بھی ہو سکتا ہے کہ وہ ان سب سیٹوں کا فوقی سیٹ (Super Set) ہو۔ ایسا سیٹ کائناتی یعنی یونیورسل سیٹ کہلاتا ہے۔ جسے ہم علامت 'U' سے ظاہر کرتے ہیں۔

مثال کے طور پر

اگر A = {1,2}, B = {2,3}, C = {1,3} ہو تو U = {1,2,3} تمام سیٹوں A, B, C کا فوقی سیٹ Super set ہے اور سیٹ A,B,C سیٹ U کے تحتی سیٹ کہلاتے ہیں۔

سیٹ کا کمپلیمنٹ :Complement of a Set

فرض کریں کہ 'A' کسی یونیورسل سیٹ کا تحتی سیٹ ہے۔ تو سیٹ A کا کمپلیمنٹ سیٹ، یونیورسل سیٹ U کے لحاظ سے، سیٹ U کے ان تمام ارکان پر مشتمل ہوگا جو سیٹ A میں نہ ہوں اسے علامتی طور پر 'U−A, A یا A^c سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

پس $A' = \{x \mid x \in U \wedge x \notin A\}$

$x \in A' \Rightarrow x \notin A$

اور $x \in A \Rightarrow x \notin A'$

یاد رہے کہ $A^c = U - A$

$U^c = U - U = \phi, \phi^c = U - \phi = U$

$(A^c)^c = U - A^c = A$

دوسیٹوں کا فرق Difference of two sets:

اگر A اور B دوسیٹ ہوں۔ تو A سے B کا فرق سیٹ A کے ان ارکان پر مشتمل ہوگا جو سیٹ B میں موجود نہ ہوں۔ علامتی طور پر اسے A-B یا A/B سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ اسی طرح B سے A کا فرق سیٹ B کے ان ارکان پر مشتمل ہوگا جو سیٹ A میں موجود نہ ہوں جسے B-A یا B/A سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

(i) فرض کیا کہ $A = \{2,3,4,5\}, B = \{2,4,6,8\}$

تب $A-B = \{2, 3, 4, 5\} - \{2, 4, 6, 8\} = \{3, 5\}$

اور $B-A = \{2, 4, 6, 8\} - \{2, 3, 4, 5\} = \{6,8\}$

(ii) فرض کیا کہ $A = \{3,4,5,6,7\}, B = \{1,2,3,4,7,8,9,10\}$

$A \setminus B = \{3,4,5,6,7\} \setminus \{1,2,3,4,7,8,9,10\} = \{5,6\}$

اور $B \setminus A = \{1,2,3,4,7,8,9,10\} \setminus \{3,4,5,6,7\}$

$= \{1,2,8,9,10\}$

$A - B \neq B - A$

سیٹوں کے یونین کے خواص Properties of Union of Sets

خاصیت مبادلہ Commutative Property

کوئی سے دوسیٹوں A اور B کے لیے

$$A \cup B = B \cup A$$

فرض کیا کہ

$A \cup B = \{x : x \in A \text{ یا } x \in B\}$

$= \{x : x \in B \text{ یا } x \in A\}$

$= B \cup A$

پس $A \cup B = B \cup A$

خاصیت تلازم Associative Property

کوئی سے تین سیٹوں A,B,C کے لیے

$$(A \cup B) \cup C = A \cup (B \cup C)$$

فرض کیا

$(A \cup B) \cup C = \{x : x \in (A \cup B) \text{ یا } x \in C\}$

$= \{x : (x \in A \text{ یا } x \in B) \text{ یا } x \in C\}$

$= \{x : (x \in A \text{ یا } (x \in B) \text{ یا } x \in C)\}$

$= \{x : x \in A \text{ یا } x \in (B \cup C)\}$

$= A \cup (B \cup C)$

پس $(A \cup B) \cup C = A \cup (B \cup C)$

سیٹوں پر تقاطع کے خواص Properties of Intersection of Sets

خاصیت مبادلہ Commutative Property:

کسی دو سیٹوں A اور B کے لیے

$$A \cap B = B \cap A$$

ثبوت: فرض کیا کہ

$A \cap B = \{x : x \in A$ اور $x \in B\}$

$= \{x : x \in B$ اور $x \in A\}$

$= \{x : x \in (B \cap A)\}$

$= B \cap A$

پس $A \cap B = B \cap A$

خاصیت تلازم Associative Property:

کوئی سے تین سیٹوں A,B,C کے لیے

$$(A \cap B) \cap C = A \cap (B \cap C)$$

فرض کیا کہ

$(A \cap B) \cap C = \{x : x \in (A \cap B)$ اور $x \in C\}$

$= \{x : (x \in A$ اور $x \in B)$ اور $x \in C\}$

$= \{x : x \in A$ اور $x \in B$ اور $x \in C\}$

$= \{x : x \in A$ اور $(x \in B$ اور $x \in C)\}$

$= \{x : x \in A$ اور $x \in (B \cap C)\}$

$= \{x : x \in A \cap (B \cap C)\}$

$= A \cap (B \cap C)$

پس $(A \cap B) \cap C = A \cap (B \cap C)$

وین اشکال Venn Diagram:

سیٹوں کے درمیان تعلق کو مناظری لحاظ سے ظاہر کرنے کے لیے، ہم سیٹوں کو اشکال کے ذریعے ظاہر کرتے ہیں۔ جو کہ وین اشکال کہلاتی ہیں۔ وین اشکال کو سب سے پہلے انگریزی ماہر منطق اور ریاضی دان جان وین John Venn (1834-1883) نے استعمال کیا۔ وین اشکال میں عموماً یونیورسل سیٹ کو ایک مستطیلی علاقہ اور اس کے متعلقہ تحتی سیٹوں کو اس کے اندر بند علاقوں سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

مثلاً اگر $U = \{1,2,3,4,5,6,\}$ اور $A = \{3,4,5\}$

دی ہوئی شکل میں مستطیلی علاقہ یونیورسل سیٹ U کو ظاہر کرتا ہے۔ جبکہ اس کے اندر دائروی بند علاقہ سیٹ A کو ظاہر کرتا ہے۔

A سے باہر U کا نقاط دار علاقہ A کے کمپلیمنٹ یعنی A^c کو ظاہر کرتا ہے پس $A^c = \{1,2,6\}$

سیٹوں کا یونین اور تقاطع Union and Intersection of Sets

فرض کیا $U = \{1,2,3,4,5,6,7,8\}$ اور $B = \{2,4,5,6\}$ اور $A = \{1,3,4,5\}$

اس کے کوئی دو تحتی سیٹ ہیں تب۔

شکل میں مستطیلی علاقہ U کائناتی سیٹ کو ظاہر کرتا ہے چونکہ A اور B دو متقاطع سیٹ ہیں۔ لہٰذا دو متقاطع دائرے A اور B کو ظاہر کرتے ہیں۔

(1) A اور B سے گھرا ہوا علاقہ $A \cup B$ ظاہر کرتا ہے۔

لہٰذا $A \cup B = \{1,3,4,5\} \cup \{2,4,5,6\} = \{1,2,3,4,5,6\}$

(2) دونوں سیٹوں A اور B کا مشترکہ علاقہ $A \cap B$ کو ظاہر کرتا ہے۔

لہٰذا $A \cap B = \{1,3,4,5\} \cap \{2,4,5,6\} = \{4,5\}$

سیٹوں کی یونین اور تقاطع کی خاصیت مبادلہ وین اشکال میں

سیٹوں کا یونین جب دو سیٹ غیر متراکب ہوں: When two Sets are Disjoint

شکل میں لکیردار اور نقاط دار حصہ $A \cup B$ کو ظاہر کرتا ہے اور یہی نقاط دار اور لکیر دار حصہ $B \cup A$ کو بھی ظاہر کرتا ہے۔ جس کا مطلب ہوا کہ $A \cup B$ اور $B \cup A$ کو ایک ہی طرح کا حصہ ظاہر کرتا ہے پس

سیٹوں کا یونین جب سیٹ متراکب ہوں: When two Sets are Overlapping

دی گئی شکل میں نقاط دار، نقاط دار اور لکیر دار حصہ $A \cup B$ کو ظاہر کرتا ہے اور اسی طرح لکیر دار، لکیر دار اور نقاط دار اور نقاط دار حصہ $B \cup A$ کو ظاہر کرتا ہے لہٰذا $A \cup B = B \cup A$

سیٹوں کا تقاطع جب دونوں سیٹ غیر متراکب ہوں: When two Sets are Disjoint

شکل میں لکیر دار حصہ سیٹ A کو جبکہ نقاط دار حصہ سیٹ B کو ظاہر کرتا ہے۔
یعنی کہ U کا کوئی بھی حصہ $A \cap B$ اور $B \cap A$ کو ظاہر نہیں کرتا۔
پس $A \cap B = B \cap A$

سیٹوں کا تقاطع جب دونوں سیٹ متراکب ہوں: When two Sets are Overlapping

شکل میں نقاط دار، نقاط دار اور لکیر دار حصہ A سیٹ کو ظاہر کرتا ہے۔ جبکہ لکیر دار اور نقاط دار، لکیر دار حصہ سیٹ B کو ظاہر کرتا ہے۔ لکیر دار اور نقاط دار حصہ دونوں سیٹوں کا مشترکہ علاقہ ہے جو کہ $A \cap B$ اور $B \cap A$ کو ظاہر کرتا ہے۔

پس $A \cap B = B \cap A$

سیٹوں کی یونین اور تقاطع کی خاصیت تلازم وین اشکال میں

سیٹوں کا یونین جب تینوں سیٹ غیر مشترک ہوں When three Sets are Disjoint:

شکل میں لکیر دار حصہ $(A \cup B) \cup C$ اور $A \cup (B \cup C)$ کو ظاہر کرتا ہے۔

پس $(A \cup B) \cup C = A \cup (B \cup C)$

سیٹوں کا یونین جب تینوں سیٹ مشترک ہوں When three Sets are Overlapping:

شکل میں لکیر دار حصہ $(A \cup B) \cup C$ اور $A \cup (B \cup C)$ کو ظاہر کرتا ہے۔

پس $(A \cup B) \cup C = A \cup (B \cup C)$

سیٹوں کا تقاطع جب تینوں سیٹ غیر مشترک ہوں When three Sets are disjoint

دی ہوئی شکل کا کوئی بھی حصہ $(A \cap B) \cap C$ اور $A \cap (B \cap C)$ ظاہر نہیں کرتا۔

لہٰذا $A \cap (B \cap C) = (A \cap B) \cap C$

سیٹوں کا تقاطع جب تینوں سیٹ مشترک ہوں When three Sets are overlapping

دی ہوئی شکل کا سایہ دار حصہ $A \cap (B \cap C)$ اور $(A \cap B) \cap C$ کو بھی ظاہر کرتا ہے۔

لہٰذا

$A \cap (B \cap C) = (A \cup B) \cap C$

ڈی مارگن کے قوانین De Morgan's Laws:

یونیورسل سیٹ U کے دو تحتی سیٹوں A اور B کے لیے

$(A \cup B)^c = A^c \cap B^c$ **(i)**

$(A \cap B)^c = A^c \cup B^c$ **(ii)**

شکل میں ☰ لائنوں سے ظاہر کیا گیا حصہ $A \cup B$ کو جبکہ ||| حصہ $(A \cup B)^c$ کو ظاہر کرتا ہے۔

شکل # چیک دار حصہ $A^c \cap B^c$ کو ظاہر کرتا ہے۔ لہٰذا دونوں اشکال میں ||| اور # ایک ہی جگہ ہیں۔

حل مشق 8.1

.1 اگر $A = \{1,4,7,8\}$، $B = \{4,6,8,9\}$ اور $C = \{3,4,5,7\}$ ہو تو درج ذیل معلوم کیجیے۔

(i) $A \cup B$ (ii) $B \cup C$ (iii) $A \cap C$

(iv) $A \cap (B \cap C)$ (v) $(A \cup B) \cup C$ (vi) $(A \cap B) \cap C$

حل: $A = \{1,4,7,8\}, B = \{4,6,8,9\}, C = \{3,4,5,7\}$

(i) $A \cup B = \{1,4,7,8\} \cup \{4,6,8,9\}$
$= \{1,4,6,7,8,9\}$

(ii) $B \cup C = \{4,6,8,9\} \cup \{3,4,5,7\}$
$= \{3,4,5,6,7,8,9\}$

(iii) $A \cap C = \{1,4,7,8\} \cap \{3,4,5,7\}$
$= \{4,7\}$

(iv) $A \cap (B \cap C) = \{1,4,7,8\} \cap (\{4,6,8,9\} \cap \{3,4,5,7\})$
$= \{1,4,7,8\} \cap \{4\}$
$= \{4\}$

(v) $(A \cup B) \cup C = (\{1,4,7,8\} \cup \{4,6,8,9\}) \cup \{3,4,5,7\}$
$= \{1,4,6,7,8,9\} \cup \{3,4,5,7\}$
$= \{1,3,4,5,6,7,8,9\}$

(vi) $(A \cap B) \cap C = (\{1,4,7,8\} \cap \{4,6,8,9\}) \cap \{3,4,5,7\}$
$= \{4,8\} \cap \{3,4,5,7\}$
$= \{4\}$

.2 اگر $A = \{1,7,11,15,17,21\}$، $B = \{11,17,19,23\}$ اور $C = \{2,3,5\}$ ہو تو ثابت کیجیے کہ $(A \cap B) \cap C = A \cap (B \cap C)$

حل: $A = \{1,7,11,15,17,21\}, B = \{11,17,19,23\}, C = \{2,3,5\}$

$$L.H.S = (A \cap B) \cap C$$
$$= (\{1,7,11,15,17,21\} \cap \{11,17,19,23\}) \cap \{2,3,5\}$$
$$= \{11,17\} \cap \{2,3,5\}$$
$$= \{\ \} \quad \text{______ (i)}$$

$$R.H.S = A \cap (B \cap C)$$
$$= \{1,7,11,15,17,21\} \cap (\{11,17,19,23\} \cap \{2,3,5\})$$
$$= \{1,7,11,15,17,21\} \cap \{\ \}$$
$$= \{\ \} \quad \text{______ (ii)}$$

مساوات (i) اور (ii) سے ثابت ہوا کہ

$$(A \cap B) \cap C = A \cap (B \cap C)$$

3. اگر $A = \{2,4,6\}$، $B = \{3,6,9,12\}$ اور $C = \{4,6,8,10\}$ ہو تو
ثابت کیجیے کہ $A \cup (B \cup C) = (A \cup B) \cup C$

حل:
$$A = \{2,4,6\}, B = \{3,6,9,12\}, C = \{4,6,8,10\}$$

$$L.H.S = A \cup (B \cup C)$$
$$= \{2,4,6\} \cup (\{3,6,9,12\} \cup \{4,6,8,10\})$$
$$= \{2,4,6\} \cup \{3,4,6,8,9,10,12\}$$
$$= \{2,3,4,6,8,9,10,12\} \quad \text{______ (i)}$$

$$R.H.S = (A \cup B) \cup C$$
$$= (\{2,4,6\} \cup \{3,6,9,12\}) \cup \{4,6,8,10\}$$
$$= \{2,3,4,6,9,12\} \cup \{4,6,8,10\}$$
$$= \{2,3,4,6,8,9,10,12\} \quad \text{______ (ii)}$$

مساوات (i) اور (ii) سے ثابت ہوا کہ

$$A \cup (B \cup C) = (A \cup B) \cup C$$

4. اگر $A = \{2,3,5,7,9\}$، $B = \{1,3,5,7\}$ اور $C = \{2,3,4,5,6\}$ ہو تو
ثابت کیجیے کہ $(A \cap B) \cap C = A \cap (B \cap C)$

حل:
$$A = \{2,3,5,7,9\}, B = \{1,3,5,7\}, C = \{2,3,4,5,6\}$$

$$L.H.S = (A \cap B) \cap C$$
$$= (\{2,3,5,7,9\} \cap \{1,3,5,7\}) \cap \{2,3,4,5,6\}$$
$$= \{3,5,7\} \cap \{2,3,4,5,6\}$$
$$= \{3,5\} \quad \text{______ (i)}$$

$R.H.S = A \cap (B \cap C)$

$= \{2,3,5,7,9\} \cap (\{1,3,5,7\} \cap \{2,3,4,5,6\})$

$= \{2,3,5,7,9\} \cap \{3,5\}$

$= \{3,5\}$ ______ (ii)

مساوات (i) اور (ii) سے ثابت ہوا کہ

$(A \cap B) \cap C = A \cap (B \cap C)$

.5 اگر $U = \{7,8,9,10,11,12,13,14\}$ ، $A = \{7,10,13,14\}$ اور $B = \{7,8,11,12\}$ ہو تو ثابت کیجیے کہ $(A \cap B)^c = A^c \cup B^c$

حل: $U = \{7,8,9,10,11,12,13,14\}, A = \{7,10,13,14\}, B = \{7,8,11,12\}$

$L.H.S. = (A \cap B)^C$

$A \cap B = \{7,10,13,14\} \cap \{7,8,11,12\}$

$= \{7\}$

$(A \cap B)^C = U - (A \cap B)$

$= \{7,8,9,10,11,12,13,14\} - \{7\}$

$= \{8,9,10,11,12,13,14\}$ ______ (i)

$R.H.S. = A^c \cup B^c$

$A^C = U - A$

$= \{7,8,9,10,11,12,13,14\} - \{7,10,13,14\}$

$= \{8,9,11,12\}$

$B^C = U - B$

$= \{7,8,9,10,11,12,13,14\} - \{7,8,11,12\}$

$= \{9,10,13,14\}$

$A^c \cup B^c = \{8,9,11,12\} \cup \{9,10,13,14\}$

$R.H.S. = \{8,9,10,11,12,13,14\}$ ______ (ii)

مساوات (i) اور (ii) سے ثابت ہوا کہ

$(A \cap B)^c = A^c \cup B^c$

.6 ڈی مارگن کے قوانین ثابت کیجیے اگر $U = \{4,6,8,9,10\}$, $A = \{4,6\}$ اور $B = \{6,8,9\}$

حل: $U = \{4,6,8,9,10\}, A = \{4,6\}, B = \{6,8,9\}$

ڈی مارگن کے قوانین:

(i) $(A \cap B)^c = A^c \cup B^c$ (ii) $(A \cup B)^c = A^c \cap B^c$

(i) $L.H.S. = (A \cap B)^c$

$A \cap B = \{4,6\} \cap \{6,8,9\}$
$= \{6\}$
$(A \cap B)^c = U - (A \cap B)$
$= \{4,6,8,9,10\} - \{6\}$
$= \{4,8,9,10\}$ _______ (i)

R.H.S. $= A^c \cup B^c$
$A^c = U - A$
$= \{4,6,8,9,10\} - \{4,6\}$
$= \{8,9,10\}$
$B^c = U - B$
$= \{4,6,8,9,10\} - \{6,8,9\}$
$= \{4,10\}$
$A^c \cup B^c = \{8,9,10\} \cup \{4,10\}$
$= \{4,8,9,10\}$ _______ (ii)

مساوات(i)اور(ii)سے ثابت ہوا کہ

$(A \cap B)^c = A^c \cup B^c$

(ii) $(A \cup B)^c = A^c \cap B^c$

L.H.S. $= (A \cup B)^c$
$A \cup B = \{4,6\} \cup \{6,8,9\}$
$= \{4,6,8,9\}$
$(A \cup B)^c = U - (A \cup B)$
$= \{4,6,8,9,10\} - \{4,6,8,9\}$
$= \{10\}$ _______ (i)

R.H.S. $= A^c \cap B^c$
$A^c = U - A$
$= \{4,6,8,9,10\} - \{4,6\}$
$= \{8,9,10\}$
$B^c = U - B$
$= \{4,6,8,9,10\} - \{6,8,9\}$
$= \{4,10\}$
$A^c \cap B^c = \{8,9,10\} \cap \{4,10\}$

$= \{10\}$ ______(ii)

مساوات(i)اور(ii)سے ثابت ہوا کہ

$(A\cup B)^c = A^c \cap B^c$

.7 اگر $U=\{1,2,3,4,5,6,7,8,9\}$، $A=\{2,3,6,9\}$ اور $B=\{1,3,6,7,8\}$ ہو تو
ثابت کیجیے کہ $(A\cup B)^c = A^c \cap B^c$

$U=\{1,2,3,4,5,6,7,8,9\}, A=\{2,3,6,9\}, B=\{1,3,6,7,8\}$

$L.H.S=(A\cup B)^c$

$A\cup B=\{2,3,6,9\}\cup\{1,3,6,7,8\}$

$=\{1,2,3,6,7,8,9\}$

$(A\cup B)^c = U-(A\cup B)$

$=\{1,2,3,4,5,6,7,8,9\}-\{1,2,3,6,7,8,9\}$

$=\{4,5\}$ ______(i)

$R.H.S = A^c\cap B^c$

$A^c = U - A$

$=\{1,2,3,4,5,6,7,8,9\}-\{2,3,6,9\}$

$=\{1,4,5,7,8\}$

$B^c = U - B$

$=\{1,2,3,4,5,6,7,8,9\}-\{1,3,6,7,8\}$

$=\{2,4,5,9\}$

$A^c\cap B^c=\{1,4,5,7,8\}\cap\{2,4,5,9\}$

$=\{4,5\}$ ______(ii)

مساوات(i)اور(ii)سے ثابت ہوا کہ

$(A\cup B)^c = A^c \cap B^c$

.8 خالی جگہ پر کیجیے۔

(i) $A\cup A =$ ______ (ii) $A\cap A =$ ______

(iii) $A\cup\phi =$ ______ (iv) $A\cap\phi =$ ______

(v) $\phi\cup\phi =$ ______ (vi) $(A\cap B)^c =$ ______

(vii) $(A\cup B)^c =$ ______ (viii) $(A^c)^c =$ ______

(ix) $\phi\cap\phi^c =$ ______ (x) $A\cap A^c =$ ______

حل:

(i) A (ii) A (iii) A (iv) ϕ (v) ϕ
(vi) $A^c \cup B^c$ (vii) $A^c \cap B^c$ (viii) A (ix) ϕ (x) ϕ

BINARY RELATION ثنائی ربط

دو غیر خالی سیٹ $A=\{1,2\}$ اور $B=\{3,4\}$ لیجیے پھر $A\times B = \{(1,3),(1,4),(2,3),(2,4)\}$
جبکہ $A\times B$، A سے B کا رتیسی حاصل ضرب (Cartesian Product) کہلاتا ہے۔ $A\times B$ کے ارکین $(1,3)$, $(1,4)$, $(2,3)$ اور $(2,4)$ مترتب جوڑے کہلاتے ہیں۔
اس طرح $B\times A=\{(3,1),(3,2),(4,1),(4,2)\}$، B سے A کارتیسی حاصل ضرب کہلاتا ہے۔ بالعموم $A\times B \neq B\times A$ کے تمام تحتی سیٹ (Sub sets) A سے B ثنائی روابط (A to B, Binary Relations) کہلاتے ہیں۔

FUNCTION تفاعل

دو سیٹوں A اور B میں اسی طرح کا ثنائی ربط 'f' ایسا ہو کہ
(i) $'f' = A$ ڈومین (ii) 'f' کے ہر مترتب جوڑوں کے پہلے مقام کے ارکین میں تکرار (Repetition) نہ ہو۔
تب 'f' کو A سے B کی جانب فنکشن کہتے ہیں اور اسے یوں ظاہر کرتے ہیں۔ $f: A \to B$

اِن ٹو فنکشن :Into Function

اگر f، A سے B کی جانب فنکشن ہو۔
یعنی $f \neq B$ رینج مگر $f \subset B$ رینج
تو f کو A ان ٹو B فنکشن کہتے ہیں۔

ان جیکٹو فنکشن (Injective Function):

اگر 'f' A ان ٹو B اس طرح سے فنکشن ہو کہ 'f' کے کسی دو مترتب جوڑوں کے دوسرے مقام کے ارکین ایک جیسے نہ ہوں۔ تو پھر f کو "ان جیکٹو" فنکشن کہتے ہیں۔

مثلاً $A=\{2,3\}, B=\{a,b,c\}$ $f=\{(2,a),(3,b)\}$
(i) $f = \{2,3\} = A$ ڈومین (ii) f کے مترتب جوڑوں کے پہلے مقام کے ارکین میں تکرار نہیں پائی جاتی۔
(iii) $f \neq B$ رینج
لہٰذا 'f' A ان ٹو B فنکشن ہے۔
(iv) f کے مترتب جوڑوں کے دوسرے مقام کے ارکین ایک جیسے نہیں (تکرار نہیں پائی جاتی)
پس 'f' ون۔ ون ہے۔ لہٰذا 'f' ان جیکٹو فنکشن ہے۔

آن ٹو فنکشن Surjective Function:

اگر f سیٹ A ٹو B ایسا فنکشن ہو کہ f کی رینج سیٹ B کے برابر ہو یعنی B = f رینج تب f، A آن ٹو B فنکشن کہلاتا ہے۔
مثال کے طور پر

$$A = \{1,2,3\}, B = \{x, y\}$$
$$f = \{(1,x),(2,x),(3,y)\}$$
$$\text{رینج } f = \{x,y\} = B$$

لہٰذا f، A آن ٹو B فنکشن ہے۔

بائی جیکٹو فنکشن Bijective Function:

اگر f سیٹ A سے سیٹ B میں اس طرح فنکشن ہو کہ

(i) f، A آن ٹو B فنکشن ہو۔

(ii) f ون۔ون فنکشن ہو۔

تو پھر f بائی جیکٹو فنکشن کہلاتا ہے۔
دی گئی شکل میں f ون۔ون اور آن ٹو فنکشن ہے۔

$$f = \{(1,a),(2,b),(3,c)\}$$

حل مشق 8.2

1. اگر $A = \{3,5,6\}$، $B = \{1,3\}$ ہو تو $A \times B$ اور $B \times A$ معلوم کیجیے۔
اور خود سے دو دو ثنائی روابط لکھ کر ان کی ڈومین اور رینج معلوم کیجیے۔

حل:

$$A = \{3,5,6\}, B = \{1,3\}$$
$$A \times B = \{3,5,6\} \times \{1,3\}$$
$$= \{(3,1),(3,3),(5,1),(5,3),(6,1),(6,3)\}$$
$$\text{ڈومین} = \{3,5,6\}$$
$$\text{رینج} = \{1,3\}$$

$B \times A = \{1,3\} \times \{3,5,6\}$

$= \{(1,3),(1,5),(1,6),(3,3),(3,5),(3,6)\}$

ڈومین $= \{1,3\}$

رینج $= \{3,5,6\}$

2. اگر $A = \{-2,1,4\}$ تو A میں دو ثنائی روابط لکھ کر ان کی ڈومین اور رینج لکھیے۔

حل:

$A = \{-2,1,4\}$

$A \times A = \{-2,1,4\} \times \{-2,1,4\}$

$= \{(-2,-2),(-2,1),(-2,4),(1,-2),(1,1),(1,4),(4,-2),(4,1),(4,4)\}$

$R_1 = \{(-2,-2),(-2,1)\}$

ڈومین $R_1 = \{-2\}$

رینج $R_1 = \{-2,1\}$

$R_2 = \{(-2,-2),(-2,1),(-2,4),(1,-2)\}$

ڈومین $R_2 = \{-2,1\}$

رینج $R_2 = \{-2,1,4\}$

3. مندرجہ ذیل میں ہر ایک کے ممکن ثنائی روابط کی تعداد لکھیے۔

(i) C×C میں جبکہ C کے ارکان کی تعداد 3 ہے۔

(ii) A×B میں جبکہ A میں 3 ارکان اور B میں 4 ارکان ہوں۔

حل:

$C = 3$ کے ارکان کی تعداد

$C \times C = 3 \times 3 = 9$ کے ارکان کی تعداد

$C \times C = 2^9$ کے ثنائی ربط

$A = 3$ کے ارکان کی تعداد

$B = 4$ کے ارکان کی تعداد

$A \times B = 3 \times 4 = 12$ کے ارکان کی تعداد

$A \times B = 2^{12}$ کے ثنائی ربط

4. اگر $L = \{1,2,3\}$ اور $M = \{2,3,4\}$ ہوں تو 'R' ثنائی ربط ایسا لکھیے کہ:
$R = \{(x,y) \setminus x \in L, y \in M \wedge y \le x\}$ اور R کی ڈومین اور رینج بھی لکھیے۔

$L = \{1,2,3\}, M = \{2,3,4\}$

$L \times M = \{1,2,3\} \times \{2,3,4\}$

$= \{(1,2),(1,3),(1,4),(2,2),(2,3),(2,4),(3,2),(3,3),(3,4)\}$

$R = \{(x,y) \mid x \in L, y \in M \wedge y \le x\}$

$= \{(2,2),(3,2),(3,3)\}$

ڈومین $R = \{2,3\}$
رینج $R = \{2,3\}$

.5 اگر $X = \{0,3,5\}$ اور $Y = \{2,4,8\}$ ہو تو X×Y میں چار ثنائی روابط لکھیے۔

حل:
$X = \{0,3,5\}, Y\{2,4,8\}$
$X \times Y = \{0,3,5\} \times \{2,4,8\}$
$= \{(0,2),(0,4),(0,8),(3,2),(3,4),(3,8),(5,2),(5,4),(5,8)\}$
$R_1 = \{(0,2),(0,4)\}$
$R_2 = \{(0,4),(0,8),(3,2)\}$
$R_3 = \{(3,2),(3,4),(3,8),(5,2)\}$
$R_4 = \{(0,2),(3,2),(5,2),(5,4),(5,8)\}$

.6 اگر $A = \{a,b,c\}$ اور $B = \{2,4,6\}$ اور $f = \{(a,4),(b,4),(c,4)\}$
ایک A×B سے ثنائی ربط ہو تو ثابت کیجیے کہ 'f' A اِن ٹو B فنکشن ہے۔

حل:
$A = \{a,b,c\}, B = \{2,4,6\}$
$f = \{(a,4),(b,4),(c,4)\}$
$A \times B = \{(a,2),(a,4),(a,6),(b,2),(b,4),(b,6),(c,2),(c,4),(c,6)\}$

ہم دیکھتے ہیں کہ:
(i) $f \subset A \times B$
(ii) $f = \{a,b,c\} = A$
(iii) f کے مترتب جوڑوں کے پہلے مقام کے ارکین میں تکرار نہیں پائی جاتی۔ یا یوں کہ سیٹ A کا ہر ایک رکن ایک اور صرف ایک مرتبہ سیٹ B کے ایک رکن سے جوڑا گیا ہے۔
(iv) رینج $f = \{4\} \subset B$ لیکن رینج $f \neq B$
لہٰذا 'f' "A اِن ٹو B" فنکشن ہے۔

.7 اگر $A = \{\ell,m,n\}$ اور $B = \{1,2,3\}$ اور $g = \{(\ell,3)(m,1)(n,1)\}$
ایک A×B سے ثنائی ربط ہو تو ثابت کیجیے کہ 'g' A اِن ٹو B فنکشن ہے۔

حل:
$A = \{\ell,m,n\}, B = \{1,2,3\}$
$g = \{(\ell,3),(m,1),(n,1)\}$
$A \times B = \{(\ell,1),(\ell,2),(\ell,3),(m,1),(m,2),(m,3),(n,1),(n,2),(n,3)\}$

ہم دیکھتے ہیں کہ
(i) $g \subset A \times B$
(ii) ڈومین $g = [\ell,m,n] = A$
(iii) g کے مترتب جوڑوں کے پہلے مقام کے ارکین میں تکرار نہیں پائی جاتی۔ یا یوں کہ سیٹ A کا ہر ایک رکن ایک اور صرف ایک

مرتبہ سیٹ B کے ایک رکن سے جوڑا گیا ہے۔

(iv) $g \neq B$ رینج لیکن $\{1,3\}$ = g رینج

لہٰذا 'g' "A ان ٹو B" فنکشن ہے۔

.8 اگر $A = \{1,3,5\}$ اور $B = \{x, y, z\}$ اور $g = \{(1,x),(3,y),(5,z)\}$ ایک A×B سے ثنائی ربط ہو تو ثابت کیجیے A,g آن ٹو B فنکشن ہے۔

حل:

$A = \{1,3,5\}, B = \{x, y, z\}$

$y = \{(1,x),(3,y),(5,z)\}$

$A \times B = \{(1,x),(1,y),(1,z),(3,x),(3,y),(3,z),(5,x),(5,y),(5,z)\}$

ہم دیکھتے ہیں کہ

(i) $g \subset A \times B$

(ii) ڈومین $g = \{1,3,5\} = A$

(iii) g کے مترتب جوڑوں کے پہلے مقام کے ارکین میں تکرار نہیں پائی جاتی۔ یایوں کہ سیٹ A کا ہر ایک رکن ایک اور صرف ایک مرتبہ سیٹ B کے ایک رکن سے جوڑا گیا ہے۔

(vi) $g = B$ رینج لیکن $\{x, y, z\}$ = g رینج

لہٰذا 'g' "A آن ٹو B" فنکشن ہے۔

حل جائزہ مشق 8

.1 صحیح جواب کے گرد دائرہ لگائیے:

(i) اگر A اور B دو سیٹ ہوں تو $A \cup B = ?$

(a) ϕ (b) $B \cup A$ (c) $A \cap B$ (d) $B \cap A$

(ii) اگر A اور B دو متراکب (Overlapping) سیٹ ہوں تو $A \cap B = ?$

(a) ϕ (b) $B \cap A$ (c) $A \cap B$ (d) $B \cup A$

(iii) دو سیٹوں A اور B کے لیے $A \cup B = B \cup A$ کہلاتا ہے۔

(a) خاصیت مبادلہ (b) خاصیت تلازم (c) ڈی مارگن کا قانون (d) دو سیٹوں کا کمپلیمنٹ

(iv) $A \cup (B \cup C) = (A \cup B) \cup C$ کہلاتی ہے۔

(a) خاصیت مبادلہ (b) خاصیت تلازم (c) ڈی مارگن کا قانون (d) سیٹوں کا تقاطع

(v) اگر $U = \{1,2,3,4\}$, $A = \{4\}$ تو $A^c = ?$

(a) $\{1,2,3\}$ (b) ϕ (c) $\{1\}$ (d) $\{1,2,3,4\}$

(vi) اگر $U = \{1,2,3\}$, $A = \{1\}$ تو $U-A = ?$

(a) $\{2,3\}$ (b) $\{1,2\}$ (c) $\{1,3\}$ (d) ϕ

(vii) $(A\cup B)^c = ?$

(a) $A^c \cup B^c$ (b) $A^c \cap B^c$ (c) $(A\cap B)^c$ (d) ϕ

(viii) $(A\cap B)^c = ?$

(a) $A^c \cap B^c$ (b) $A^c \cup B^c$ (c) $A\cap B$ (d) $A\cup B$

(ix) اگر $R = \{(4,5),(5,4),(5,6),(6,4)\}$ ہو تو ڈومین $(R) = ?$

(a) $\{4,6\}$ (b) $\{4,5\}$ (c) $\{4,5,6\}$ (d) $\{5,6\}$

(x) اگر $R = \{(4,5),(5,4),(5,6),(6,4)\}$ ہو تو رینج $(R) = ?$

(a) $\{4\}$ (b) $\{5\}$ (c) $\{6\}$ (d) $\{4,5,6\}$

جوابات:

(i) b	(ii) b	(iii) a	(iv) b	(v) a
(vi) a	(vii) b	(viii) b	(ix) c	(x) d

.2 خالی جگہ پر کیجیے۔

(i) $(A\cup B)' =$ ________ (ii) $(A\cap B)' =$ ________

(iii) $A\cup(B\cup C) =$ ________ (iv) $A\cap(B\cap C) =$ ________

(v) اگر A اور B دو سیٹ ہوں تو $A\cup B = B\cup A$ ________ کہلاتی ہے۔

(vi) اگر A اور B دو سیٹ ہوں تو $A\cap B = B\cap A$ ________ کہلاتی ہے۔

(vii) دو سیٹوں کے کارتیسی حاصل ضرب کا تحتی سیٹ ________ کہلاتا ہے۔

(viii) اگر $R_1 = \{(1,2),(3,4),(5,6)\}$ ہو تو R_1 کی ڈومین ________ ہے۔

(ix) اگر $R_1 = \{(1,2),(3,4),(5,6)\}$ ہو تو R_1 کی رینج ________ ہے۔

(x) اگر $f: A \to B$ ہو تو سیٹ A کے ہر رکن کی امیج ________ میں ہو گی۔

جوابات:

(i) $A'\cap B'$ (ii) $A'\cup B'$ (iii) $(A\cup B)\cup C$ (iv) $(A\cap B)\cap C$

(v) یونین کا قانون مبادلہ (vi) تقاطع کا قانون مبادلہ (vii) ثنائی ربط (viii) $\{1,3,5\}$

(ix) $\{2,4,6\}$ (x) سیٹ B

.3 اگر $A = \{1,2,3,4,5,6\}$، $B = \{2,3,4,6\}$ اور $C = \{2,3,4,7,8,9\}$ ہو تو ثابت کیجیے کہ

$$(A\cap B)\cap C = A\cap(A\cap B)$$

حل: $A = \{1,2,3,4,5,6\}, B = \{2,3,4,6\}, C = \{2,3,4,7,8,9\}$

$L.H.S = (A\cap B)\cap C$

$= (\{1,2,3,4,5,6\}\cap\{2,3,4,6\})\cap\{2,3,4,7,8,9\}$

$= \{2,3,4,6\}\cap\{2,3,4,7,8,9\}$

$= \{2,3,4\}$ ______ (i)

$R.H.S = A \cap (B \cap C)$

$= \{1,2,3,4,5,6\} \cap (\{2,3,4,6\} \cap \{2,3,4,7,8,9\})$

$= \{1,2,3,4,5,6\} \cap \{2,3,4\}$

$= \{2,3,4\}$ ______ (ii)

مساوات (i) اور (ii) سے ثابت ہوا کہ

$(A \cap B) \cap C = A \cap (B \cap C)$

4 اگر $A = \{2,3,4\}$, $B = \{3,6,9,12\}$ اور $C = \{4,6,8,10\}$ ہو تو ثابت کیجیے کہ

$A \cup (B \cup C) = (A \cup B) \cup B$

حل: $A = \{2,3,4\}, B = \{3,6,9,12\}, C = \{4,6,8,10\}$

$L.H.S = A \cup (B \cup C)$

$= \{2,3,4\} \cup (\{3,6,9,12\} \cup \{4,6,8,10\})$

$= \{2,3,4\} \cup \{3,4,6,8,9,10,12\}$

$= \{2,3,4,6,8,9,10,12\}$ ______ (i)

$R.H.S = (A \cup B) \cup C$

$= (\{2,3,4\} \cup \{3,6,9,12\}) \cup \{4,6,8,10\}$

$= \{2,3,4,6,9,12\} \cup \{4,6,8,10\}$

$= \{2,3,4,6,8,9,10,12\}$ ______ (ii)

مساوات (i) اور (ii) سے ثابت ہوا کہ

$A \cup (B \cup C) = (A \cup B) \cup C$

5 اگر $A = \{2,3,4\}$ اور $B = \{1,3\}$ ہو تو $A \times B$ اور $B \times A$ معلوم کیجیے۔ نیز ان میں دو دو ثنائی روابط بھی بنائیے۔

حل: $A = \{2,3,4\}, B = \{1,3\}$

$A \times B = \{2,3,4\} \times \{1,3\}$

$= \{(2,1),(2,3),(3,1),(3,3),(4,1),(4,3)\}$

$R_1 = \{(2,1),(2,3)\}$

$R_2 = \{(3,1),(3,3),(4,1),(4,3)\}$

$B \times A = \{1,3\} \times \{2,3,4\}$

$= \{(1,2),(1,3),(1,4),(3,2),(3,3),(3,4)\}$

$R_1 = \{(1,2),(1,4),(3,2)\}$

$R_2 = \{(1,3),(3,3),(3,4)\}$

6. درج ذیل میں ممکن ثنائی روابط کی تعداد لکھیے۔

(i) $C \times C$ میں اگر C میں ارکان کی تعداد 4 ہو۔

(ii) $A \times B$ میں اگر A میں 2 اور B میں 3 ارکان ہوں۔

حل:

(i) $C = 4$ کے ارکان کی تعداد

$C \times C = 4 \times 4 = 16$ کے ارکان کی تعداد

$C \times C = 2^{16}$ میں ثنائی ربط

(ii) $A = 2$ کے ارکان کی تعداد

$B = 3$ کے ارکان کی تعداد

$A \times B = 2 \times 3 = 6$ کے ارکان کی تعداد

$A \times B = 2^6$ میں ثنائی ربط

7. اگر $R = \{(a,b) : a, b \in W, 3a + 2b = 16\}$ ہو تو R کی ڈومین اور رینج لکھیے۔

حل:

$3a + 2b = 16$ | $3a + 2b = 16$

اگر $a = 0$، $b = 8$ ہو تو | اگر $a = 4$، $b = 2$ ہو تو | اگر $a = 2$ اور $b = 5$ ہو تو

$3(0) + 2(8) = 16$ | $3(4) + 2(2) = 16$ | $3(2) + 2(5) = 16$

$0 + 16 = 16$ | $12 + 4 = 16$ | $6 + 10 = 16$

$16 = 16$ | $16 = 16$ | $16 = 16$

پس،

ڈومین $= \{0,2,4\}$

رینج $= \{2,5,8\}$

خلاصہ

☆ واضح اور جدا جدا اشیاء کے اجتماع یا اکٹھ کو سیٹ کہتے ہیں۔

قدرتی اعداد کا سیٹ $N = \{1, 2, 3, ...\}$

مکمل اعداد کا سیٹ $W = \{0, 1, 2, 3, ...\}$

صحیح اعداد کا سیٹ $Z = \{...-3, -2, -1, 0, 1, 2, 3,.....\}$

ناطق اعداد کا سیٹ $Q = \{\frac{p}{q} \setminus p, q \in Z, q \neq 0\}$

غیر ناطق اعداد کا سیٹ Q'

حقیقی اعداد کا سیٹ $R = Q \cup Q'$

☆ اگر زیر بحث سیٹ اس طرح سے ہوں کہ ان میں ایک ایسا سیٹ ہو جو ان تمام سیٹوں کا فوقی (سپر) سیٹ ہو تو ایسا سیٹ یونیورسل سیٹ کہلاتا ہے جسے علامت 'U' سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

☆ اگر سیٹ A کسی یونیورسل سیٹ U کا تحتی سیٹ ہو تو A کمپلیمنٹ جسے 'A' ، 'A' سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ U کے ان تمام ارکان پر مشتمل ہوتا ہے جو A میں نہ ہوں اسے ہم A کا کمپلیمنٹ کہتے ہیں۔

☆ اگر A اور B کوئی سے دو سیٹ ہوں تو کارتیسی ضرب $A \times B$ کا ہر تحتی سیٹ A سے B کی جانب ثنائی ربط کہلاتا ہے۔

☆ ایک ثنائی ربط 'f' دو غیر خالی سیٹوں A اور B کے درمیان اس طرح ہو کہ

(i) $f = A$ ڈومین

(ii) ثنائی ربط 'f' کوئی سے بھی دو مترتب جوڑوں کے پہلے مقام کے ارکان میں تکرار نہ ہو تو 'f' کو A سے B کا فنکشن کہتے ہیں۔

☆ دو سیٹوں A اور B کے یونین سے مراد ان ارکان کا سیٹ ہے جو یا تو A میں یا B میں ہوں اسے $A \cup B$ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

☆ دو سیٹوں A اور B کا تقاطع جسے $A \cap B$ سے ظاہر کیا جاتا ہے، سے مراد ایسا سیٹ ہے جو A اور B دونوں کے مشترک ارکان پر مشتمل ہو۔

☆ اگر A اور B دو سیٹ ہوں تو A سے B کے فرق سے مراد A کے ان ارکان کا سیٹ جو سیٹ B میں نہ ہوں اسے علامتی طور پر $(A-B)$ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

معروضی سوالات

☆ **درست جواب پر (✔) کا نشان لگائیں۔**

1- کائنات کی ہر چیز چاہے وہ جاندار ہو یا بے جان کہلاتی ہے۔

(a) اجتماع (b) شے (c) اکٹھ (d) ارکان

2- x رکن ہے A کا علامتی طور پر لکھتے ہیں۔

(a) $x \subset A$ (b) $x \notin A$ (c) $x \in A$ (d) $x \subseteq A$

3- {1,2,3,4,..........} سیٹ ہے۔

(a) مکمل اعداد کا (b) طاق اعداد کا (c) قدرتی اعداد کا (d) جفت اعداد کا

4- قدرتی اعداد کے سیٹ کو ظاہر کیا جاتا ہے۔

(a) W سے (b) P سے (c) E سے (d) N سے

5- {0,1,2,3,4,5,..........} سیٹ ہے۔

(a) طاق اعداد کا (b) مکمل اعداد کا (c) ناطق اعداد کا (d) مرکب اعداد کا

6- مکمل اعداد کے سیٹ کو ظاہر کیا جاتا ہے۔

(a) W سے (b) Q سے (c) N سے (d) Q' سے

7- {..........,-3,-2,-1,0, 1,2,3,..........} سیٹ ہے۔

(a) طاق اعداد کا (b) صحیح اعداد کا (c) مرکب اعداد کا (d) غیر ناطق اعداد کا

8- صحیح اعداد کے سیٹ کو ظاہر کرتے ہیں۔

(a) O سے (b) E سے (c) Z سے (d) N سے

-9 {.........., -4, -2, 0, 2, 4, ...} سیٹ ہے۔

(a) جفت اعداد کا (b) مکمل اعداد کا (c) طاق اعداد کا (d) ناطق اعداد کا

-10 جفت اعداد کے سیٹ کو ظاہر کرتے ہیں۔

(a) O سے (b) B سے (c) Q' سے (d) E سے

-11 {..........,-3, -1,1,3,5,..........} سیٹ ہے۔

(a) قدرتی اعداد کا (b) مکمل اعداد کا (c) طاق اعداد کا (d) ناطق اعداد کا

-12 طاق اعداد کے سیٹ کو ظاہر کرتے ہیں۔

(a) Q سے (b) O سے (c) W سے (d) E سے

-13 {2,3,5,7,11,13,..........} سیٹ ہے۔

(a) مرکب اعداد کا (b) طاق اعداد کا (c) جفت اعداد کا (d) مفرد اعداد کا

-14 مفرد اعداد کے سیٹ کو ظاہر کرتے ہیں۔

(a) Q سے (b) Q' سے (c) P سے (d) E سے

-15 $Q=\left\{\frac{p}{q} : q\neq 0, p,q\in Z\right\}$ سیٹ ہے۔

(a) ناطق اعداد کا (b) غیر ناطق اعداد کا (c) طاق اعداد کا (d) جفت اعداد کا

-16 ناطق اعداد کے سیٹ کو ظاہر کرتے ہیں۔

(a) E سے (b) Q' سے (c) Q سے (d) O سے

-17 اگر $E=\{1,2,3,5,7\}$ اور $F=\{2,4,6,8\}$ تو $E\cup F$ ہوگا۔

(a) {1,3,5,7}
(b) {1,2,3,4,5,6,7,8}
(c) {2,4,5,6,8}
(d) {2,3,4,6,8}

-18 اگر $A = \{1,2,\}, B = \{2,3,\}$ اور $C = \{1,3\}$ تو ان کا کائناتی سیٹ ہوگا۔

(a) {1,2,3} (b) {1,2,4} (c) {2,3,4} (d) {1,3}

-19 $\{x \mid x\in U \wedge x\notin A\}$ برابر ہے۔

(a) U (b) ϕ (c) A' (d) $A\cup B$

-20 اگر $x\in A'$ تو

(a) $x\subset A$ (b) $x\notin A$ (c) $x\subseteq A$ (d) $x\wedge A$

-21 $U-A$ برابر ہے۔

(a) A (b) ϕ^c (c) ϕ (d) A^c

-22 $U-U$ برابر ہے۔

(a) ϕ (b) A (c) ϕ^c (d) $\cap$

-23 $U - \phi$ برابر ہے۔

(a) U (b) U^c (c) ϕ (d) ϕ^c

-24 $U - A^c$ برابر ہے۔

(a) کے U (b) کے ϕ (c) کے A (d) کے A^c

-25 $U - A'$ برابر ہے۔

(a) کے A^c (b) $(A^c)^c$ کے (c) کے U^c (d) کے U

-26 $A \cup A^c$ برابر ہے۔

(a) ϕ (b) A (c) U (d) ϕ^c

-27 $A \cap A^c$ برابر ہے۔

(a) U (b) A^c (c) ϕ^c (d) ϕ

-28 وین اشکال کو سب سے پہلے کس نے استعمال کیا۔

(a) جان وین (b) ارسطو (c) رابن وین (d) الخوارزمی

-29 وین اشکال میں عموماً یونیورسل سیٹ کو ظاہر کرتے ہیں۔

(a) مربعی علاقے سے (b) مثلثی علاقہ سے (c) دائروی علاقے سے (d) مستطیلی علاقے سے

-30 کسی بھی ثنائی ربط کے مترتب جوڑوں کے پہلے مقام کے ارکین پر مشتمل سیٹ اس ثنائی ربط کا کہلاتا ہے۔

(a) ڈومین (b) دوسرا رکن (c) پہلا رکن (d) رینج

-31 کسی بھی ثنائی ربط کے مترتب جوڑوں کے دوسرے مقام پر موجود ارکین کا سیٹ اس ثنائی ربط کی کہلاتا ہے۔

(a) ڈومین (b) تفاعل (c) رینج (d) ربط

-32 اگر $C = \{1,2\}$ ہو تو $C \times C$ میں ثنائی روابط کی تعداد ہوگی۔

(a) 10 (b) 12 (c) 14 (d) 16

-33 اگر $A \times B = \{(3,1), (3,3,), (5,1), (5,3), (6,1), (6,3)\}$ ہو تو سیٹ A اور B ہوں گے۔

(a) $A = \{5,6\}, B = \{1,2,3\}$ (b) $A = \{3,5,6\}, B = \{1,3\}$

(c) $A = \{3,4,5\}, B = \{1,3\}$ (d) $A = \{3,5,7\}, B = \{2,3\}$

-34 دو سیٹوں کے کارتیسی حاصل ضرب کا تحتی سیٹ کہلاتا ہے۔

(a) ثنائی ربط (b) ڈومین (c) رینج (d) تفاعل

-35 اگر $R_1 = \{(1,2), (3,4), (5,6)\}$ ہو تو R_1 کی ڈومین ہوگی۔

(a) $\{1,3,4\}$ (b) $\{2,4,6\}$ (c) $\{1,2,3\}$ (d) $\{1,3,5\}$

-36 اگر $R_1 = \{(1,2), (3,4), (5,6)\}$ ہو تو R_1 کی رینج ہوگی۔

(a) $\{1,3,5\}$ (b) $\{2,4,6\}$ (c) $\{2,3,4\}$ (d) $\{2,3,4,5\}$

-37 اگر $f: A \longrightarrow B$ ہو تو سیٹ A کے ہر رکن کی امیج ہوگی۔

(a) سیٹ $A \times B$ میں (b) ڈومین میں (c) سیٹ B میں (d) رینج میں

-38 $(A \cup B)'$ برابر ہے۔

(a) $A' \cup B'$ (b) $A' \cap B'$ (c) $A' \cap B$ (d) $A \cap B'$

-39 $(A \cap B)'$ برابر ہے۔

(a) $A \cap B$ (b) $A \cup B'$ (c) $A' \cap B'$ (d) $A' \cup B'$

-40 اگر $R = \{(a,b): a, b \in W, 3a+2b = 16\}$ ہو تو R کی ڈومین ہوگی۔

(a) $\{2,6\}$ (b) $\{2,3\}$ (c) $\{2,4\}$ (d) $\{2,5\}$

جوابات:

-1 شے	-2 $x \in A$	-3 قدرتی اعداد کا	-4 N سے
-5 مکمل اعداد کا	-6 W سے	-7 صحیح اعداد کا	-8 Z سے
-9 جفت اعداد کا	-10 E سے	-11 طاق اعداد کا	-12 O سے
-13 مفرد اعداد کا	-14 P سے	-15 ناطق اعداد کا	-16 Q سے
-17 $\{1,2,3,4,5,6,7,8\}$	-18 $\{1,2,3\}$	-19 A'	-20 $x \notin A$
-21 A^c	-22 ϕ	-23 ϕ'	-24 A کے
-25 $(A^c)^c$	-26 U	-27 ϕ	-28 جان وین
-29 مستطیلی علاقہ سے	-30 ڈومین	-31 رینج	-32 [6
-33 $A = \{3,5,6\}, B = \{1,2\}$	-34 ثنائی ربط	-35 $\{1,3,5\}$	
-36 $\{2,4,6\}$	-37 سیٹ B میں	-38 $A' \cap B'$	-39 $A' \cup B'$
-40 $\{2,4\}$			

☆ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

-1 شے سے کیا مراد ہے؟

جواب: کائنات کی ہر چیز چاہے وہ جاندار ہو یا بے جان "شے" کہلاتی ہے۔

-2 سیٹ کی تعریف کریں۔

جواب: واضح متعارف اشیاء کے اکٹھ کو سیٹ کہتے ہیں۔

-3 سیٹوں کو کیسے ظاہر کرتے ہیں؟

جواب: کسی سیٹ کے نام کو بالعموم حروف تہجی A, B,C..........X,Y,Z سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

-4 ارکان کی تعریف کریں۔

جواب: سیٹ میں موجود اشیاء ممبران یا ارکان کہلاتے ہیں۔

-5 سیٹ کے ممبران کو کیسے ظاہر کرتے ہیں؟

جواب: اراکین یا ممبران سیٹ کو چھوٹے حروف تہجی یا اعداد سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

-6 سیٹوں کا یونین کیسے معلوم کرتے ہیں؟

جواب: اگر A اور B کوئی سے دو سیٹ ہوں تو سیٹ A اور سیٹ B کے یونین سے مراد اُن ممبران پر مشتمل سیٹ ہوتا ہے جو کہ سیٹ A اور سیٹ B کے تمام ارکان پر مشتمل ہو۔

-7 سیٹوں کے یونین کو کیسے ظاہر کرتے ہیں؟

جواب: سیٹوں کے یونین کو درج ذیل طریقے سے ظاہر کرتے ہیں۔

$$A \cup B = \{x : x \in A \text{ یا } x \in B\}$$

-8 اگر $A = \{1,2,3,4,5\}$, $B = \{2,4,6,8,10\}$ ہو تو $A \cup B$ معلوم کریں۔

حل:

$$A \cup B = \{1,2,3,4,5\} \cup \{2,4,6,8,10\}$$
$$= \{1,2,3,4,5,6,8,10\}$$

-9 $A \cup B$ معلوم کیجیے اگر $A = \{a,b,c\}$ اور $B = \{a,e,i,o,u\}$

حل:

$$A \cup B = \{a,b,c\} \cup \{a,e,i,o,u\}$$
$$= \{a,b,c,e,i,o,u\}$$

-10 $C \cup D$ معلوم کیجیے اگر $C = \{2,3,4,5\}$ اور $D = \{6,7\}$

حل:

$$C \cup D = \{2,3,4,5\} \cup \{6,7\}$$
$$= \{2,3,4,5,6,7\}$$

-11 سیٹوں کے تقاطع سے کیا مراد ہے؟

جواب: دو سیٹوں A اور B کا تقاطع $A \cap B$ سے ظاہر کیا جاتا ہے اور یہ ان ارکان پر مشتمل ہوتا ہے جو A اور B دونوں کے مشترک ارکان ہوں۔

-12 سیٹوں کے تقاطع کو کیسے ظاہر کرتے ہیں؟

جواب: سیٹوں کے تقاطع کو درج ذیل طریقے سے ظاہر کرتے ہیں۔

$$A \cap B = \{x : x \in A \text{ اور } x \in B\}$$

-13 $A \cap B$ معلوم کیجیے اگر $A = \{2,3,5,7,11\}$ اور $B = \{1,3,5,7,9\}$

حل:

$$A \cap B = \{2,3,5,7,11\} \cap \{1,3,5,7,9\}$$
$$= \{3,5,7\}$$

-14 $E \cap F$ معلوم کیجیے اگر $E = \{1,2,3,4,6,12\}$ اور $F = \{1,2,3,4,6,9,18\}$

حل:

$$E \cap F = \{1,2,3,4,6,12\} \cap \{1,2,3,4,6,9,18\}$$
$$= \{1,2,3,4,6\}$$

15- کائناتی سیٹ سے کیا مراد ہے؟

جواب: اگر کچھ سیٹ زیر بحث ہوں تو ان میں ایک سیٹ ایسا بھی ہو سکتا ہے کہ وہ ان سب سیٹوں کا فوقی سیٹ ہو۔ ایسا سیٹ کائناتی یعنی یونیورسل سیٹ کہلاتا ہے۔ جسے ہم علامت 'U' سے ظاہر کرتے ہیں۔

16- سیٹ کے کمپلیمنٹ کی تعریف کریں۔

جواب: اگر سیٹ A کسی یونیورسل سیٹ U کا تحتی ہو تو سیٹ A کا کمپلیمنٹ سیٹ، یونیورسل سیٹ U کے لحاظ سے سیٹ U کے ان تمام ارکان پر مشتمل ہوگا جو سیٹ A میں نہ ہوں۔ اسے علامتی طور پر A' یا A^C سے ظاہر کرتے ہیں۔

17- اگر $U = \{1,2,3,4,5,6,7\}$ اور $A = \{3,4,5\}$ تو A^c معلوم کیجئے۔

حل:

$$A^c = U - A$$
$$= \{1,2,3,4,5,6,7\} - \{3,4,5\}$$
$$= \{1,2,6,7\}$$

18- اگر $A = \{9,10,11,12,\ldots\ldots,20\}$ اور $U = \{1,2,3,\ldots\ldots,20\}$ تو $A \cup A^c$ اور $A \cap A^c$ معلوم کریں۔

حل:

$$A^c = U - A$$
$$= \{1,2,3,\ldots\ldots,20\} - \{9,10,11,12,\ldots\ldots,20\}$$
$$= \{1,2,3,4,5,6,7,8\}$$
$$A \cup A^c = \{9,10,11,12,\ldots\ldots,20\} \cup \{1,2,3,4,5,6,7,8\}$$
$$= \{1,2,3,\ldots\ldots,20\}$$
$$= U$$
$$A \cap A^c = \{9,10,11,12,\ldots\ldots,20\} \cap \{1,2,3,4,5,6,7,8\}$$
$$= \phi$$

19- دو سیٹوں کے فرق سے کیا مراد ہے؟

جواب: اگر A اور B دو سیٹ ہوں تو A سے B کا فرق سیٹ A کے ان ارکان پر مشتمل ہوگا جو سیٹ B میں موجود نہ ہوں۔ علامتی طور پر اسے $A - B$ یا A/B سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

20- اگر $B = \{2,4,6,8\}$ اور $A = \{2,3,4,5\}$ تو $A - B$ اور $B - A$ معلوم کریں۔

حل:

$$A - B = \{2,3,4,5\} - \{2,4,6,8\}$$
$$= \{3,5\}$$
$$B - A = \{2,4,6,8\} - \{2,3,4,5\}$$
$$= \{6,8\}$$

-21 اگر $B = \{1,2,3,4,7,8,9,10\}$ اور $A = \{3,4,5,6,7\}$ ہو تو ثابت کریں۔ $A - B \neq B - A$

حل:

$$A - B = \{3,4,5,6,7\} - \{1,2,3,4,7,8,9,10\}$$
$$= \{5,6\}$$
$$B - A = \{1,2,3,4,7,8,9,10\} - \{3,4,5,6,7\}$$
$$= \{1,2,8,9,10\}$$

پس
$$A - B \neq B - A$$

-22 خاصیت مبادلہ بلحاظ یونین کو ثابت کریں۔

حل: فرض کیا کہ

$$A \cup B = \{x : x \in A \text{ یا } x \in B\}$$
$$= \{x : x \in B \text{ یا } x \in A\}$$
$$= \{x : x \in (B \cup A)\}$$
$$= B \cup A$$

پس
$$A \cup B = B \cup A$$

-23 خاصیت تلازم بلحاظ یونین کو ثابت کریں۔

حل: فرض کیا کہ

$$(A \cup B) \cup C = \{x : x \in (A \cup B) \text{ یا } x \in C\}$$
$$= x : (x \in A \text{ یا } x \in B) \text{ یا } x \in C\}$$
$$= \{x : x \in A \text{ یا } (x \in B \text{ یا } x \in C)\}$$
$$= \{x : x \in A \text{ یا } x \in (B \cup C)\}$$
$$= A \cup (B \cup C)$$
$$(A \cup B) \cup C = A \cup (B \cup C)$$

-24 اگر $B = \{7,8,9,10\}$ اور $A = \{1,2,3,4\}$ ہو تو ثابت کیجئے کہ $A \cup B = B \cup A$

حل:

$$A \cup B = \{1,2,3,4\} \cup \{7,8,9,10\}$$
$$= \{1,2,3,4,7,8,9,10\} \text{..........(i)}$$
$$B \cup A = \{7,8,9,10\} \cup \{1,2,3,4\}$$
$$= \{1,2,3,4,7,8,9,10\} \text{..........(ii)}$$

نتائج (i) اور (ii) سے
$$A \cup B = B \cup A$$

-25 اگر $C = \{2,6\}$ اور $B = \{7,8,9,10\}$, $A = \{1,2,3,4\}$ ہو تو ثابت کیجئے کہ
$$(A \cup B) \cup C = A \cup (B \cup C)$$

حل:

$$(A\cup B)\cup C = (\{1,2,3,4\}\cup\{7,8,9,10\})\cup\{2,6\}$$
$$= \{1,2,3,4,7,8,9,10\} \cup \{2,6\}$$
$$= \{1,2,3,4,6,7,8,9,10\} \cdots\cdots (i)$$
$$A\cup(B\cup C) = \{1,2,3,4\} \cup (\{7,8,9,10\}\cup\{2,6\})$$
$$= \{1,2,3,4\} \cup \{2,6,7,8,9,10\}$$
$$= \{1,2,3,4,6,7,8,9,10\} \cdots\cdots (ii)$$

نتائج (i) اور (ii) سے

$$(A\cup B)\cup C = A\cup(B\cup C)$$

-26 خاصیت مبادلہ بلحاظ تقاطع کو ثابت کریں۔

حل: فرض کیا کہ

$A\cap B = \{x : x\in A$ اور $x\in B\}$

$= \{x : x\in B$ اور $x\in A\}$

$= \{x : x\in (B\cap A)\}$

$= B\cap A$

پس

$A\cap B = B\cap A$

-27 خاصیت تلازم بلحاظ تقاطع کو ثابت کریں۔

حل: فرض کیا کہ

$(A\cap B)\cap C = x : x\in (A\cap B)$ اور $x\in C\}$

$= \{x : (x\in A$ اور $x\in B)$ اور $x\in C\}$

$= \{x : x\in A$ اور $x\in B$ اور $x\in C\}$

$= \{x : x\in A$ اور $(x\in B$ اور $x\in C)\}$

$= \{x : x\in A$ اور $x\in (B\cap C)\}$

$= \{x : x\in A\cap(B\cap C)\}$

$= A\cap(B\cap C)$

پس

$(A\cap B)\cap C = A\cap(B\cap C)$

-28 وین اشکال سے کیا مراد ہے؟

جواب: سیٹوں کے درمیان تعلق کو مناظری لحاظ سے ظاہر کرنے کے لیے ہم سیٹوں کو اشکال کے ذریعے ظاہر کرتے ہیں۔ جو کہ وین اشکال کہلاتی ہیں۔

-29 اگر $A = \{1,3,4,5\}$ اور $B = \{2,4,5,6\}$ ہو تو $A\cup B$ کو وین اشکال سے ظاہر کریں۔

حل:

$$
\begin{aligned}
A\cup B &= \{1,3,4,5\}\cup\{2,4,5,6\} \\
&= \{1,2,3,4,5,6\}
\end{aligned}
$$

-30 اگر $B = \{2,4,5,6\}$ اور $A = \{1,3,4,5\}$ ہو تو $A\cap B$ کو وین اشکال سے ظاہر کریں۔

حل:

$$
\begin{aligned}
A\cap B &= \{1,3,4,5\}\cap\{2,4,5,6\} \\
&= \{4,5\}
\end{aligned}
$$

-31 اگر $C = \{3,4,5,7\}$ اور $B = \{4,6,8,9\}$, $A = \{1,4,7,8\}$ ہو تو $(A\cup B)\cup C$ معلوم کریں۔

حل:

$$
\begin{aligned}
(A\cup B)\cup C &= (\{1,4,7,8\}\cup\{4,6,8,9\})\cup\{3,4,5,7\} \\
&= \{1,4,6,7,8,9\}\cup\{3,4,5,7\} \\
&= \{1,3,4,5,6,7,8,9\} \\
&=
\end{aligned}
$$

-32 اگر $C = \{3,4,5,7\}$ اور $B = \{4,6,8,9\}$, $A = \{1,4,7,8\}$ ہو تو $(A\cap B)\cap C$ معلوم کریں۔

حل:

$$
\begin{aligned}
(A\cap B)\cap C &= (\{1,4,7,8\}\cap\{4,6,8,9\})\cap\{3,4,5,7\} \\
&= \{4,8\}\cap\{3,4,5,7\} \\
&= \{4\}
\end{aligned}
$$

-33 اگر $C = \{2,3,5\}$, $B = \{11,17,19,23\}$, $A = \{1,7,11,15,17,21\}$ ہو تو ثابت کیجئے کہ
$(A\cap B)\cap C = A\cap(B\cap C)$

حل:

$$
\begin{aligned}
L.H.S &= (A\cap B)\cap C \\
&= (\{1,7,11,15,17,21\}\cap\{11,17,19,23\})\cap\{2,3,5\} \\
&= \{11,17\}\cap\{2,3,5\} \\
&= \{\ \} \quad \text{.........(i)}
\end{aligned}
$$

$$\begin{aligned} R.H.S &= A\cap(B\cap C) \\ &= \{1,7,11,15,17,21\}\cap(\{11,17,19,23\}\cap\{2,3,5\}) \\ &= \{1,7,11,15,17,21\}\cap\{\ \} \\ &= \{\ \} \quad \text{..........(ii)} \end{aligned}$$

مساوات (i) اور (ii) سے ثابت ہوا کہ

$$(A\cap B)\cap C = A\cap(B\cap C)$$

-34 اگر $A = \{3,5,6\}, B = \{1,3\}$ تو $A \times B$ اور $B \times A$ معلوم کر کے ڈومین اور رینج معلوم کریں۔

حل:

$$A = \{3,5,6\}\ ,\ B = \{1,3\}$$
$$A \times B = \{(3,1),(3,3),(5,1),(5,3),(6,1),(6,3)\}$$
ڈومین $= \{3,5,6\}$

رینج $= \{1,3\}$

$$\begin{aligned} B \times A &= \{1,3\} \times \{3,5,6\} \\ &= \{(1,3),(1,5),(1,6),(3,3),(3,5),(3,6)\} \end{aligned}$$
ڈومین $= \{1,3\}$

رینج $= \{3,5,6\}$

-35 اگر $A = \{a,b,c\}$، $B = \{2,4,6\}$ اور $f = \{(a,4),(b,4),(c,4)\}$ ایک $A \times B$ سے ثنائی ربط ہو تو ثابت کیجئے کہ 'f' A ان ٹو B فنکشن ہے۔

حل:

$$A = \{a,b,c\}\ ,\ B = \{2,4,6\}$$
$$f = \{(a,4),(b,4),(c,4)\}$$
$$A \times B = \{(a,2),(a,4),(a,6)(b,2),(b,4),(b,6),(c,2),(c,4),(c,6)\}$$

ہم دیکھتے ہیں کہ

(i) $f \subset A\times B$

(ii) $f = \{a,b,c\} = A$

(iii) f کے مترتب جوڑوں کے پہلے مقام کے ارکان میں تکرار نہیں ہے یا یوں کہ سیٹ A کا ہر ایک رکن ایک اور صرف ایک مرتبہ سیٹ B کے ایک رکن سے جوڑا گیا ہے۔

(iv) رینج $f = \{4\} \subset B$ لیکن $f \neq B$

لہٰذا 'f' A ان ٹو B فنکشن ہے۔

✱✱✱

LINEAR GRAPHS

- کارتیسی مستوی اور خطی گراف
- گراف مبادلہ

اس یونٹ کو پڑھنے کے بعد طلباء اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ یہ جان سکیں:

- کہ حقیقی اعداد کے جوڑے کو مترتب جوڑے کے طور پر لے سکتے ہیں۔
- مترتب جوڑے کی پہچان کیا ہے مثلاً مترتب جوڑے (2,3) کو کسی امتحانی مرکز میں لگی سیٹنگ پلان میں سیٹ کا تعین دوسری قطار اور تیسرے کالم کی صورت میں کر سکیں۔
- کہ کسی مستطیلی یا کارتیسی مستوی پر ایک دوسرے پر متقاطع محوری خطوط جو نقطہ پر قطع کرتے ہوں کو ظاہر کرتے ہیں۔
- کہ مبداء (O) اور محوری محوروں کی پہچان بطور X-axis محور اور Y-axis محور کیا ہے۔
- کہ کسی مترتب جوڑے (a,b) کو محوری مستوی پر ظاہر کیسے کرتے ہیں۔
  - 'a' کو 'x' ۔ محور یا (Abscisa)
  - 'b' کو y محور یا (Ordinate)
- کہ دیے گئے نقاط کے سیٹ کو ملا کر جیومیٹری کی مختلف اشکال مثلاً خط ۔ مثلث ۔ یا مستطیل وغیرہ کیسے بنتے ہیں۔
- کہ دو متغیرات میں دی گئی مساواتوں کی ان متغیرات کی مساوات پر پورا اترنے والی جوڑا قیمتوں کا جدول بنانا۔
- کہ ریاضی کے کسی فقرہ کو ان جوڑوں کی مدد سے گراف میں ظاہر کیسے کرتے ہیں۔
- کہ مناسب سکیل کا تعین کر کے گراف کیسے بناتے ہیں۔
- گراف بنانا درج ذیل مساواتوں کی صورت میں۔
  - $y = mx + c$
  - $y = mx$
  - $x = a$
  - $y = c$
- کہ کسی جدول میں دی گئی عددی قیمتوں سے گراف کیسے بنتا ہے۔
- کہ گراف کی مدد سے کسی فنکشن (تفاعل) کی ڈومن اور رینج کا تعین کیسے ہوتا ہے۔
- کہ راست تناسب میں دی گئی دو مقداروں کے باہمی تعلق کو گراف کی مدد سے واضح کیسے کیا جاتا ہے۔
- کہ گراف کی مدد سے ایک مقدار کا دوسری مقدار سے موازنہ کیسے ہوتا ہے۔
- کہ گراف کی مدد سے مقداروں میں باہمی تبدیلی کا مطالعہ کیسے کیا جاتا ہے۔
  - میل اور کلومیٹر کا
  - ایکڑ اور ہیکٹر کا
  - سینٹی گریڈ سے فارن ہیٹ ڈگری کا
  - پاکستانی کرنسی سے کسی دوسرے ملک کی کرنسی میں تبادلہ

حل مشق 9.1

1. نیچے درج کیے گئے نقاط کو گراف پر ظاہر کیجیے۔

حل:

(i) $A(2,-4)$

(ii) $B(3,2)$

حل:

(iii) $C(-5,-1)$

حل:

(iv) $D(6,-3)$

حل:

(v) E(4,4)
حل:
E(4,4)
Y
X'
O
X
Y'
(vi) F(−3,7)
حل:
F(-3,7)
Y
X'
O
X
Y'

(vii) $G(0,7)$

حل:

(viii) $H(5,0)$

حل:

2. نیچے دیے گئے نقاط کے محددات لکھیے۔

(i) مبداء۔ حل: (0,0)

(ii) ایسا نقطہ x۔محور پر بائیں جانب جو مبداء سے 5 یونٹس کے فاصلہ پر ہو۔ حل: (−5,0)

(iii) ایسا نقطہ x۔محور پر دائیں جانب جو مبداء سے 3 یونٹس کے فاصلہ پر ہو۔ حل: (3,0)

(iv) ایسا نقطہ y۔محور پر x۔محور سے اوپر 4 یونٹس ہو۔ حل: (0,4)

(v) ایسا نقطہ y۔محور پر x۔محور سے نیچے 6 یونٹس ہو۔ حل: (0,-6)

3. درج ذیل نقاط کو گراف پیپر پر بنا کر اور ان کو ملا کر اشکال بنائیے۔

(i) $A(7,2)$, $B(-6,-3)$, $C(5,3)$

حل:

(ii) $A(0,-7), B(3,-2), C(4,0), D(5,6), E(7,8)$

حل:

(iii) $A(4,0), B(0,4), C(-4,0), D(0,-4)$

حل:

(iv) $A(10,6), B(-10,6), C(-10,-6), D(10,-6)$

حل:

حل مشق 9.2

مندرجہ ذیل کے گراف کھینچیے۔

1. $y = 3x$

حل:

x	−3	−2	−1	0	1	2	3
y	−9	−6	−3	0	3	6	9

اگر $x = -3$ ہو
$y = 3(-3) = -9$

اگر $x = -2$ ہو
$y = 3(-2) = -6$

اگر $x = -1$ ہو
$y = 3(-1) = -3$

اگر $x = 0$ ہو
$y = 3(0) = 0$

اگر $x = 1$ ہو
$y = 3(1) = 3$

اگر $x = 2$ ہو
$y = 3(2) = 6$

اگر $x = 3$ ہو
$y = 3(3) = 9$

2. $y = x + 7$

حل:

x	-1	0	1	2	3
y	6	7	8	9	10

اگر $x = -1$ ہو
$y = -1 + 7 = 6$

اگر $x = 0$ ہو
$y = 0 + 7 = 7$

اگر $x = +1$ ہو
$y = 1 + 7 = 8$

اگر $x = 2$
$y = 2 + 7 = 9$

اگر $x = 3$ ہو
$y = 3 + 7 = 10$

3. $y = 2x - 3$

حل:

x	−2	−1	0	1	2	3
y	−7	−5	−3	−1	1	3

اگر $x = -2$ ہو تو
$y = 2(-2) - 3 = -4 - 3 = -7$

اگر $x = -1$ ہو تو
$y = 2(-1) - 3 = -2 - 3 = -5$

اگر $x = 0$ ہو تو
$y = 2(0) - 3 = 0 - 3 = -3$

اگر $x = 1$ ہو تو
$y = 2(1) - 3 = 2 - 3 = -1$

اگر $x = 2$ ہو تو
$y = 2(2) - 3 = 4 - 3 = 1$

اگر $x = 3$ ہو تو
$y = 2(3) - 3 = 6 - 3 = 3$

4. $y = 4x + 1$

حل:

x	-2	-1	0	1	2
y	-7	-3	1	5	9

اگر $x = -2$ ہو تو

$y = 4(-2) + 1 = -8 + 1 = -7$

اگر $x = -1$ ہو تو

$y = 4(-1) + 1 = -4 + 1 = -3$

اگر $x = 0$ ہو تو

$y = 4(0) + 1 = 0 + 1 = 1$

اگر $x = 1$ ہو تو

$y = 4(1) + 1 = 4 + 1 = 5$

اگر $x = 2$ ہو تو

$y = 4(2) + 1 = 8 + 1 = 9$

5. $y = -\frac{x}{2} - \frac{3}{2}$

حل:

x	-3	-2	-1	0	1	2
y	0	-0.5	-1	-1.5	-2	-2.5

اگر $x = -3$ ہو تو

$$y = -\frac{(-3)}{2} - \frac{3}{2}$$

اگر $x = -2$ ہو تو

$$y = -\frac{(-2)}{2} - \frac{3}{2}$$

$= \frac{3}{2} - \frac{3}{2} = 0$ $\qquad$ $= 1 - \frac{3}{2} = -0.5$

اگر $x = -1$ ہو تو

$y = \frac{-(-1)}{2} - \frac{3}{2}$

$= \frac{1}{2} - \frac{3}{2} = -1$

اگر $x = 0$ ہو تو

$y = -\frac{0}{2} - \frac{3}{2}$

$= 0 - \frac{3}{2} = -1.5$

اگر $x = 1$ ہو تو

$y = \frac{1}{2} - \frac{3}{2}$

$= \frac{-1}{2} - \frac{3}{2} = -2$

اگر $2x = 2$ ہو تو

$y = -\frac{2}{2} - \frac{3}{2}$

$= -1 - \frac{3}{2} = -2.5$

6. $y = x - 1$

حل:

x	−1	0	1
y	−2	−1	0

اگر $x = -1$ ہو تو

$y = -1 - 1 = -2$

اگر $x = 0$ ہو تو

$y = 0 - 1 = -1$

اگر $x = 1$ ہو تو

$y = 1 - 1 = 0$

7. $y = 2x - 3$

حل:

x	-3	-2	-1	0	1	2	3
y	-9	-7	-5	-3	-1	1	3

اگر $x = -3$ ہو تو

$y = 2(-3) - 3 = -6 - 3 = -9$

اگر $x = -2$ ہو تو

$y = 2(-2) - 3 = -4 - 3 = -7$

اگر $x = -1$ ہو تو

$y = 2(-1) - 3 = -2 - 3 = -5$

اگر $x = 0$ ہو تو

$y = 2(0) - 3 = 0 - 3 = -3$

اگر $x = 1$ ہو تو

$y = 2(1) - 3 = 2 - 3 = -1$

اگر $x = 2$ ہو تو

$y = 2(2) - 3 = 4 - 3 = 1$

اگر $x = 3$ ہو تو

$y = 2(3) - 3 = 6 - 3 = 3$

8. $y = 3x + 5$

حل:

x	-2	-1	0
y	-1	2	5

اگر $x = -2$ ہو تو

$y = 3(-2) + 5 = -6 + 5 = -1$

اگر $x = -1$ ہو تو

$y = 3(-1) + 5 = -3 + 5 = 2$

اگر $x = 0$ ہو تو

$y = 3(0) + 5 = 0 + 5 = 5$

9. $y = \frac{x}{2}$

حل:

x	4	6	8	10	12
y	2	3	4	5	6

اگر $x = 4$ ہو تو

$y = \frac{4}{2} = 2$

اگر $x = 6$ ہو تو

$y = \frac{6}{2} = 3$

اگر $x = 8$ ہو تو

$y = \frac{8}{2} = 4$

اگر $x = 10$ ہو تو

$y = \frac{10}{2} = 5$

اگر $x = 12$ ہو تو

$y = \frac{12}{2} = 6$

10. نقاط $A(1,0), B(7,0), C(1,8)$ کے گراف کھینچئے۔

11. دیے گئے جدولوں کے گراف کھینچئے۔

(i)

x	3	2	1	0	-1	-2	-3
y	-5	-3	-1	1	3	5	7

(ii)

x	-3	-2	-1	0	1	2	3
y	-1	0	1	2	3	4	5

دیئے گئے گراف کی مدد سے فنکشن کی ڈومین اور رینج معلوم کیجیے۔

12.
ڈومین = {−1, 0, 1}
رینج = {−4, −1, 2}

13.
ڈومین = {−1, 0, 1}
رینج = {−4, 0, 4}

14.
ڈومین = {−1, 0, 1}
رینج = {2, 5, 8}

حل مشق 9.3

1. جدول میں فارن ہائیٹ °F اور اس کے متساوی سینٹی گریڈ میں قیمتیں درج ہیں۔

°F درجہ حرارت فارن ہائیٹ	57	126	158	194
°C درجہ حرارت سینٹی گریڈ	14	52	70	90

ان نقاط کو 0° سے 100° اور فارن ہائیٹ سکیل 0° تا 220° گراف پیپر پر ظاہر کیجیے۔ جبکہ دونوں محوروں پر یونٹس 20 = 5 چھوٹے مربع رکھیں۔ اپنے گراف کو استعمال کرتے ہوئے درج ذیل کی تبدیلی معلوم کیجیے۔

(a) 97°F کو °C میں
(b) 127°F کو °C میں
(c) 25°C کو °F میں
(d) 80°C کو °F میں

حل: (a) 97°F = 36°C (b) 127°F = 52°C (c) 25°C = 77°F (d) 80°C = 176°F

2. دی گئی جدول مختلف رقوم کے لیے امریکی ڈالروں (\$) سے پونڈوں (£) میں تبدیلی کو ظاہر کرتی ہے۔

\$	50	100	200
£	35	70	140

اب نقاط کو گراف پیپر پر ظاہر کر کے ان کو ملا کر ایک سیدھا خط حاصل کیجیے۔ دونوں محوروں پر یونٹس 50 = 5 چھوٹے مربع لے کر گراف مکمل کیجیے۔ اپنے گراف کو درج ذیل تبدیلی کے لیے استعمال کیجیے۔

(a) \$160 = £....... (b) \$160 = £....... (c) £160 = \$....... (d) £160 = \$.......

حل: (a) $160 = £113 (b) $160 = £113 (c) £115 = $230 (d) £115 = $230

.3 نیچے دیے گئے جدول میں کلومیٹر کی مختلف قدروں کی مساوی میل میں قدریں دی گئی ہیں۔

کلومیٹر	0	100	200	300
میل	0	62.5	125	187.5

ان قدروں کو گراف پیپر پر ظاہر کیجیے۔ X۔محور پر 10 چھوٹے مربع = 100 کلومیٹر جبکہ Y۔محور پر 10 چھوٹے مربع = 100 میل رکھیے۔ اپنے گراف کو مندرجہ ذیل تبدیلیوں کے لیے استعمال کیجیے۔

(a) 140 کلومیٹر = ... میل
(b) 175 کلومیٹر = ... میل
(c) 50 میل = ... کلومیٹر
(d) 100 میل = ... کلومیٹر

حل: (a) 140 کلومیٹر = 88 میل
(b) 175 کلومیٹر = 110 میل
(c) 50 میل = 80 کلومیٹر
(d) 100 میل = 160 کلومیٹر

.4 نیچے دیے گئے گراف کو مندرجہ ذیل تبدیلیوں میں لکھنے کے لیے استعمال کیجیے۔

(a) 16 ایکڑ = ... ہیکٹر
(b) 18 ایکڑ = ... ہیکٹر
(c) 6.0702 ہیکٹر = ... ایکڑ
(d) 24 ایکڑ = ... ہیکٹر
(e) 11.3311 ہیکٹر = ... ایکڑ

حل:
(a) 16 ایکڑ = 2.48 ہیکٹر
(b) 18 ایکڑ = 7.4 ہیکٹر
(c) 6.0702 ہیکٹر = 14.7 ایکڑ
(d) 24 ایکڑ = 10.6 ہیکٹر
(e) 11.3311 ہیکٹر = 25.5 ایکڑ

حل جائزہ مشق 9

.1 صحیح جواب کے گرد دائرہ لگایئے:

(i) مبداء کے محددات کیا ہوتے ہیں؟

(a) (1,1) (b) (0,1) (c) (0,0) (d) (1,0)

(ii) کسی نقطہ کا Y۔محور سے عمودی فاصلہ کیا کہلاتا ہے؟

(a) افقی لائن (b) مبداء (c) عمودی لائن (d) محور

(iii) کسی نقطہ کا X۔محور سے عمودی فاصلہ کیا کہلاتا ہے؟

(a) افقی لائن (b) مبداء (c) ایبسا (d) آرڈینیٹ

(iv) $2x + y = 6$ میں $x = 1$ رکھنے سے $y = ?$

(a) -4 (b) -8 (c) 4 (d) 8

(v) $2x - y = 6$ میں $y = 2$ رکھنے سے $x = ?$

(a) -2 (b) 2 (c) -4 (d) 4

(vi) مساوات $y = c$ کی شکل میں گراف پر y محدد کیا ہوتا ہے؟

(a) -1 (b) 0 (c) c (d) 1

(vii) مساوات $y = a$ کے گراف پر x محدد کیا ہوتا ہے؟

(a) c (b) 1 (c) متغیر (d) a

(viii) $f(x) = \frac{x}{2}, 4 \le x \le 12, x$ جبکہ x ایک جفت عدد ہو تو f(x) کی ڈومین کیا ہے؟

(a) $\{2,3,4,5,6\}$ (b) $\{4,6,8,10\}$ (c) $\{6,8,10\}$ (d) $\{4,6,8,10,12\}$

(ix) $f(x) = \frac{x}{2}$ ، $4 \le x \le 12$ جبکہ x ایک جفت عدد ہو تو f(x) کی رینج کیا ہے؟

(a) $\{3,4,5,6\}$ (b) $\{3,4,5\}$ (c) $\{2,3,4,5,6\}$ (d) $\{4,6,8,10,12\}$

(x) اگر $y = 3x$ میں $x = 2$ رکھیں تو $y = ?$

(a) 2 (b) -3 (c) 6 (d) 0

جوابات:

(i) c	(ii) a	(iii) a	(iv) c	(v) d
(vi) c	(vii) c	(viii) d	(ix) c	(x) c

.2 خالی جگہ پُر کیجیے۔

(i) مستوی سطح جس میں ایک دوسرے کے عموداً نقطہ O پر متقاطع خطوط XOX', YOY' ________ کہلاتی ہے۔

(ii) Y۔محور سے عموداً فاصلہ ________ کہلاتا ہے۔ (iii) X۔محور سے عموداً فاصلہ ________ کہلاتا ہے۔

(iv) عددوں کا جوڑا (2,3) ________ کہلاتا ہے۔ (v) افقی خط XOX' ________ کہلاتا ہے۔

(vi) عمودی خط YOY' ______ کہلاتا ہے۔

(vii) نقطہ (-1, -2) کے اظہار کے لیے ہم مبداء O سے X-محور پر بائیں جانب '1' یونٹ اور '2' یونٹ ______۔

(viii) مبداء کے محددات ______ ہوتے ہیں۔ (ix) خط کی مساوات جس میں y پایا جاتا ہو ______ کہلاتی ہے۔

(x) مساوات $2x + y = 6$ کے گراف میں X-محور کا نقطہ قاطع ______ ہے۔

جوابات: (i) کارتیسی مستوی (ii) پہلا مترتب عدد (iii) دوسرا مترتب عدد (iv) مترتب جوڑا (v) x-محور
(vi) y-محور (vii) a (viii) (0,0) (ix) y = c (x) (3,0)

3. مندرجہ ذیل نقاط کو گراف پیپر پر ظاہر کیجیے۔

(i) A(5,2), B(-6,-3) اور C(3,5)

حل:

(ii) A(0,-5), B(3,-2), C(3,0) اور D(6,7)

حل:

(iii) $A(8,4), B(-6,3), C(-5,-3)$ اور $D(10,-6)$

حل:

4. مندرجہ ذیل کا گراف بنائیے۔

(i) $y = 3x + 2$

حل: اگر $x = -3$ ہو تو

$y = 3(-3) + 2 = -9 + 2 = -7$

اگر $x = -2$ ہو تو

$y = 3(-2) + 2 = -6 + 2 = -4$

اگر $x = -1$ ہو تو

$y = 3(-1) + 2 = -3 + 2 = -1$

اگر $x = 0$ ہو تو

$y = 3(0) + 2 = 0 + 2 = 2$

اگر $x = 1$ ہو تو

$y = 3(1) + 2 = 3 + 2 = 5$

اگر $x = 2$ ہو تو

$y = 3(2) + 2 = 6 + 2 = 8$

اگر $x = 3$ ہو تو

$y = 3(3) + 2 = 9 + 2 = 11$

x	−3	−2	−1	0	1	2	3
y	−7	−4	−1	2	5	8	11

(ii) $y = 2x + 1$

حل: اگر $x = -2$ ہو تو

$y = 2(-2) + 1 = -4 + 1 = -3$

اگر $x = 0$ ہو تو

$y = 2(0) + 1 = 0 + 1 = 1$

اگر $x = 2$ ہو تو

$y = 2(2) + 1 = 4 + 1 = 5$

اگر $x = -1$ ہو تو

$y = 2(-1) + 1 = -2 + 1 = -1$

اگر $x = 1$ ہو تو

$y = 2(1) + 1 = 2 + 1 = 3$

x	−2	−1	0	1	2
y	−3	−1	1	3	5

(iii) $y = x + 1$

حل: اگر $x = -1$ ہو تو

$y = -1 + 1 = 0$

اگر $x = 0$ ہو تو

$y = 0 + 1 = 1$

اگر $x = 1$ ہو تو

$y = 1 + 1 = 2$

x	−1	0	1
y	0	1	2

(iv) $y = -\frac{x}{2} - \frac{5}{2}$

حل: اگر $x = -3$ ہو تو

$y = -\frac{(-3)}{2} - \frac{5}{2} = \frac{3}{2} - \frac{5}{2} = -1$

اگر $x = -2$ ہو تو

$y = -\frac{(-2)}{2} - \frac{5}{2} = \frac{2}{2} - \frac{5}{2} = -1.5$

اگر $x = 0$ ہو تو

$y = -\frac{0}{2} - \frac{5}{2} = -\frac{5}{2} = -2.5$

x	−3	−2	0
y	−1	−1.5	−2.5

(v) $y = 3x + 4$

حل: اگر $x = -4$ ہو تو

اگر $x = -3$ ہو تو

$y = 3(-3) + 4 = -9 + 4 = -5$

اگر $x = -1$ ہو تو

$y = 3(-1) + 4 = -3 + 4 = 1$

$y = 3(-4) + 4 = -12 + 4 = -8$

اگر $x = -2$ ہو تو

$y = 3(-2) + 4 = -6 + 4 = -2$

x	−4	−3	−2	−1
y	−8	−5	−2	1

.5 نقاط $A(2,0)$, $B(7,0)$ اور $C(1,8)$ کا گراف بنائیے۔

حل:

.6 اگر $f(x) = \frac{x}{2}, 4 \leq x \leq 12$ ہو تو $f(x)$ کی ڈومین اور رینج لکھیے۔

حل:

X	$Y = f(x) = \frac{x}{2}$
4	2
5	$\frac{5}{2}$
6	3
7	$\frac{7}{2}$
8	4
9	$\frac{9}{2}$
10	5
11	$\frac{11}{2}$
12	6

خلاصہ

☆ سیٹوں کی برابری کی تعریف کی رو سے کسی بھی دو عناصر 'a' اور 'b' کے لیے {a,b} = {b,a}

☆ اعداد کے جوڑے (3,2), (3,1), (2,4), (2,3), (2,2), (2,1) وغیرہ مترتب جوڑوں کی مثالیں ہیں۔

☆ ہم ایک خطی گراف کو دی گئی مقدار میں روپوں کو پونڈوں میں پونڈوں کو روپوں میں تبدیل کرنے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔

معروضی سوالات

☆ درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

-1 مترتب جوڑے کو کیسے ظاہر کیا جاتا ہے؟

(a) (a,b) سے (b) (b,a) سے (c) {a,b} سے (d) {m,l} سے

-2 کسی بھی کارتیسی مستوی میں XOX' اور YOY' آپس میں عموداً قطع کرتے ہیں۔

(a) نقطہ Y پر (b) نقطہ O پر (c) نقطہ X' پر (d) نقطہ X پر

-3 کارتیسی مستوی میں نقطہ O کو کہتے ہیں۔

(a) مستوی (b) محدد (c) مبداء (d) خط

-4 XOX' یعنی X-محور کہلاتا ہے۔

(a) مبداء (b) محدد (c) مترتب جوڑا (d) افقی خط

-5 YOY' یعنی Y- محور کہلاتا ہے۔

(a) متوازی خط (b) عمودی خط (c) افقی خط (d) متقابلہ خط

-6 عددوں کا جوڑا 2- = x اور 4- = y مساوات پر پورا اترتا ہے۔

(a) $y = 3x$ (b) $y = x + 1$ (c) $y = x$ (d) $y = 2x$

-7 مساوات $y = 3x+1$ پر کون سا جوڑا پورا اترتا ہے؟

(a) $y = 8$ اور $x = 1$ (b) $y = 4$ اور $x = 0$ (c) $y = 7$ اور $x = 2$ (d) $y = 1$ اور $x = 1$

-8 مساوات $y = 2x+1$ پر کونسا جوڑا پورا اترتا ہے؟

(a) $y = 3$ اور $x = 1$ (b) $y = 2$ اور $x = 0$ (c) $y = 7$ اور $x = 1$ (d) $y = 1$ اور $x = 1$

-9 مبداء کے لیے کونسا نقطہ استعمال ہوتا ہے۔

(a) (0,1) (b) (0,0) (c) (1,0) (d) (1,1)

-10 لندن میں اشیاء خریدنے کے لیے رقم ادا کرنا پڑتی ہے۔

(a) روپیہ اور پیسہ (b) ڈالر اور سینٹس (c) یورو (d) پونڈ اور پینس

-11 مربع کے احاطہ کا فارمولا ہے۔

(a) $P = 2s$ (b) $P = 3s$ (c) $P = 4s$ (d) $P = 5s$

-12 $\frac{9}{5} \times °C + 32$ برابر ہے۔

(a) 1 °F (b) 5 °F (c) 4 °F (d) 7°F

-13 $\frac{5}{9}(°F-32)$ برابر ہے۔

(a) °C (b) 2 °C (c) 3 °C (d) 4 °C

-14 اگر $y = 3x$ میں $x = 4$ رکھیں تو y کی قیمت ہوگی۔

(a) 10 (b) 12 (c) 14 (d) 16

-15 Y- محور سے عمودا فاصلہ کہلاتا ہے۔

(a) پہلا مترتب عدد (b) مترتب جوڑا (c) دوسرا مترتب عدد (d) افقی خط

-16 مندرجہ ذیل میں سے کونسی مساوات y- محور کے متوازی ہوگی؟

(a) $y = c$ (b) $y = 2x + 3$ (c) $y = 3x^2$ (d) $-y = 4x+2$

-17 مساوات $2x+y = 6$ کے گراف میں x- محور کا نقطہ قاطع ہے۔

(a) (0,3) (b) (3,0) (c) (2,0) (d) (4,0)

-18 مساوات $2x+y = 6$ کے گراف میں Y- محور کا نقطہ قاطع ہے۔

(a) (0,4) (b) (0,8) (c) (0,6) (d) (0,3)

-19 عددوں کا جوڑا (2,3) کہلاتا ہے۔

(a) مرتب جوڑا (b) کارتیسی جوڑا (c) مربعی جوڑا (d) استقراری جوڑا

-20 مساوات y = b کے گراف پر x- محدد ہوتا ہے۔

(a) a (b) متغیر (c) 1 (d) 0

جوابات:

-1 (a,b) سے	-2 نقطہ O پر	-3 مبداء	-4 افقی خط
-5 عمودی خط	-6 y = 2x	-7 x=2 اور y = 7	-8 x = 1 اور y = 3
-9 (0,0)	-10 پونڈ اور پینس	-11 P = 4s	-12 °F
-13 °C	-14 12	-15 پہلا مرتب عدد	-16 y = c
-17 (3,0)	-18 (0,6)	-19 مرتب جوڑا	-20 متغیر

☆ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

-1 مرتب جوڑا کسے کہتے ہیں؟

جواب: دو ارکان کا سیٹ جو ایک مخصوص ترتیب میں ہو مرتب جوڑا کہلاتا ہے۔

-2 مرتب جوڑے کو کیسے ظاہر کرتے ہیں؟

جواب: مرتب جوڑے کو (a,b) سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

-3 مرتب جوڑے (a,b) اور (b,a) کب برابر ہوتے ہیں؟

جواب: اگر a اور b ایک جیسے رکن ہوں تو $(a,b) = (b,a)$

-4 مرتب جوڑے (a,b) اور (b,a) کب برابر نہیں ہوتے؟

جواب: اگر a اور b دو مختلف رکن ہوں تو $(a, b) \neq (b, a)$

-5 کارتیسی مستوی کتنے خطوط پر مشتمل ہوتی ہے؟

جواب: کارتیسی مستوی دو متقاطع محددی خطوط XOX' اور YOY' پر مشتمل ہوتی ہے۔

-6 محددی محور سے کیا مراد ہے؟

جواب: XOX' اور YOY' آپس میں نقطہ O پر عموداً متقاطع ہوتے ہیں محددی محور کہلاتے ہیں۔

-7 X- محور کونسا خط ہوتا ہے؟

جواب: افقی خط XOX' کو X- محور کہتے ہیں۔

-8 Y- محور کونسا خط ہوتا ہے؟

جواب: عمودی خط YOY' کو Y- محور کہتے ہیں۔

-9 ڈومین سے کیا مراد ہے؟

جواب: مرتب جوڑے (x,y) میں x کی قیمتوں کا سیٹ ڈومین کہلاتا ہے۔

-10 رینج سے کیا مراد ہے؟

جواب: مترتب جوڑے (x,y) میں y کی قیمتوں کا سیٹ رینج کہلاتا ہے۔

-11 °C کو °F میں تبدیل کرنے کا فارمولا تحریر کریں۔

جواب: °C کو °F میں تبدیل کرنے کا فارمولا درج ذیل ہے۔

$$°F=\left(\frac{9}{5}\times°C\right)+32$$

-12 °F کو °C میں تبدیل کرنے کا فارمولا تحریر کریں۔

جواب: °F کو °C میں تبدیل کرنے کا فارمولا درج ذیل ہے۔

$$°C=\frac{5}{9}(°F-32)$$

-13 اگر $f(x)=\frac{x}{2}, 4\le x\le 12$ ہو تو $f(x)$ کی ڈومین اور رینج لکھیے۔

حل:

x	$y=f(x)$	x	$y=f(x)$
4	2	9	$\frac{9}{2}$
5	$\frac{5}{2}$	10	5
6	3	11	$\frac{11}{2}$
7	$\frac{7}{2}$	12	6
8	4		

BASIC STATISTICS

◁ تعددی تقسیم ◁ مجموعی تعدد ◁ مرکزی رجحان کی پیمائش ◁ انتشار کی پیمائش

اس یونٹ کو پڑھنے کے بعد طلباء اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ یہ جان سکیں:

- ◁ کہ گروہی / جماعتی تعددی جدول کیسے تیار کیے جاتے ہیں۔
- ◁ کہ برابر اور نابرابر جماعتی وقفہ کے ساتھ ہسٹوگرام کیسے تیار ہوتے ہیں۔
- ◁ کہ تعددی کثیر الاضلاع کیسے بنتی ہے۔
- ◁ کہ مجموعی تعدد والی جدول کیسے بنتا ہے۔
- ◁ کہ مجموعی تعددی کثیر الاضلاع کیسے بنتی ہے۔
- ◁ کہ گروہی اور غیر گروہی مواد کیسے حاصل ہوتا ہے۔
  - کہ تعریف کے مطابق حسابی اوسط فرضی اوسط سے انحراف کا استعمال کیسے ہوتا ہے۔
  - کہ وسطانیہ، اعادہ، حسابی اوسط اور ہم آہنگ اوسط کیسے حل کرتے ہیں۔
- ◁ کہ حسابی وسط کی خصوصیات کیا ہیں۔
- ◁ کہ اوزانی اوسط، وسط اور متحرک اوسط کیسے نکالے جاتے ہیں۔
- ◁ کہ وسطانیہ، چوتھائیوں اور اعادہ کا بذریعہ گراف تخمینہ کیسے لگاتے ہیں۔
- ◁ کہ وسعت، تغیریت اور معیاری انحراف کی پیمائش کیسے کرتے ہیں۔

تعددی پھیلاؤ Frequency Distribution

تعدد Frequency

جتنی مرتبہ دیے گئے مواد میں کوئی قدر پائی جاتی ہے۔ وہی اس کا تعدد یا فریکوئنسی کہلاتا ہے۔ مثال کے طور پر 10% سے 20% نمبر حاصل کرنے والے طلباء 3 ہوں تو 3 اس گروہ کا تعدد کہلاتا ہے۔ اگر 5 طلباء 20% تا 30% نمبر حاصل کرنے والے ہوں تو اس گروہ کا تعدد 5 ہوگا۔

حل مشق 10.1

.1 ایک جونیئر سکول کے 50 طلباء نے سکول کمپیوٹر کلب میں شمولیت اختیار کی۔ ان کی عمروں کا بنایا گیا ریکارڈ درج ذیل ہے۔

10	8	9	10	7	8	8	11	10	9
7	8	9	9	10	11	11	10	9	8
8	7	9	7	10	7	10	8	9	11
10	11	8	10	9	8	9	7	11	10
9	10	10	11	10	11	7	11	10	9

تعددی جدول بنایئے جو کہ ہر عمر کے عدد کو ظاہر کرے۔ اس معلومات کو کالم چارٹ سے ظاہر کیجئے۔

حل:

[illegible]	[illegible]	(f) تعدد	[illegible]
7	~~||||~~ II	7	6.5 — 7.5
8	~~||||~~ IIII	9	7.5 — 8.5
9	~~||||~~ ~~||||~~ I	11	8.5 — 9.5
10	~~||||~~ ~~||||~~ IIII	14	9.5 — 10.5
11	~~||||~~ IIII	9	10.5 — 11.5
		کل میزان = 50	

Y
15
(f) تعدد 12
9
6
3
0
X
6.5 7.5 8.5 9.5 10.5 11.5
عمر (سالوں میں)

.2 مقامی مچھلی اور چپس کی دوکان پر ایک ہفتہ کی شام 56 گاہک آئے۔ انہوں نے دی گئی رقوم خرچ کیں۔

270	110	45	96	250	490	325	45
382	136	125	450	420	380	150	250
85	250	320	525	218	210	216	120
155	430	250	40	510	150	510	245
320	120	316	150	260	45	180	310
273	280	85	280	318	45	210	282
462	316	218	316	325	45	560	315

گروپوں 99-0 روپے، 199-100 روپے، 299-200 روپے، 399-300 روپے، 499-400 روپے، 599-500 روپے کو استعمال کرتے ہوئے تعددی جدول تیار کیجئے اور مواد کو کالم / بار چارٹ میں ظاہر کیجئے۔

حل:

استعمال (روپوں میں)	موازنہ	(f) تعدد
0 — 99	𝍸 ||||	9
100 — 199	𝍸 𝍸	10
200 — 299	𝍸 𝍸 𝍸 |	16
300 — 399	𝍸 𝍸 ||	12
400 — 499	𝍸	5
500 — 599	||||	4
		کل میزان = 56

3. ایک میلے میں فروخت کیے گئے 30 پاپ کارن کے بیگوں کے اوزان گرام میں دیئے گئے ہیں۔

69	83	75	65	68	68	73	70	80	79
70	76	63	86	69	65	66	74	86	68
70	60	67	74	65	65	67	88	81	63

بار چارٹ بنا کر مواد کو ظاہر کیجئے۔

حل:

وزن (گرام میں)	موازنہ	(f) تعدد
60 — 64	|||	3
65 — 69	𝍸 𝍸 ||	12
70 — 74	𝍸 |	6
75 — 79	|||	3
80 — 84	|||	3
85 — 89	|||	3
		کل میزان = 30

حل مشق 10.2

1. درج ذیل میں سے ہر ایک کے لیے تعددی جدول کو ظاہر کرنے کے لیے کالمی نقشہ بنایئے۔

(i) درج ذیل جدول میں سکول فنکشن میں حصہ لینے والے 100 لوگوں کی عمریں دی گئی ہیں۔

عمر (سالوں میں)	0-19	20-39	40-59	60-79	80-89
تعدد	43	24	17	10	6

(ii) درج ذیل جدول میں 16 سالہ 100 لڑکوں کی ہفتہ وار آمدن دی گئی ہیں۔

ہفتہ وار آمدن	0-9	10-19	20-29	30-39	40-49	50-59
تعدد	45	10	11	21	10	3

(iii) درج ذیل جدول میں 40 بچوں کے اوسط نمبروں کی تفصیل جو کہ انہوں نے سال کے آخر میں حاصل کیے درج ہے۔

اوسط حاصل کردہ نمبر	1-20	21-40	41-60	61-80	81-100
تعدد	2	4	19	12	3

2. درج ذیل کالمی نقشہ میں 500 طلباء کے سکول پہنچنے کے اوقات کی تفصیل دی گئی ہے۔ اس سے اس کا تعددی جدول تیار کریں۔

حل:

وقت (منٹوں میں)	(f) تعداد
1 — 10	5
11 — 20	15
21 — 30	12
31 — 40	5
41 — 50	2
51 — 60	2
	41 = کل میزان

3. دیا گیا کالمی نقشہ 30 طلباء کے اس وقت (گھنٹوں میں) کی بنیاد پر بنایا گیا ہے جو انہوں نے ایک خاص ہفتہ کو ٹیلی ویژن دیکھتے ہوئے گزارا اس کالمی نقشہ سے تعددی جدول بنائیے۔

حل:

وقت (گھنٹوں میں)	(f) تعداد
1	2
2	12
3	8
4	6
5	2
	30 = کل میزان

مرکزی رجحان کی پیمائش *Measures of Central Tendency*

مرکزی رجحان کی پیمائش Measures of Central Tendency دراصل کسی دیے گئے مواد کی درمیانی (مرکزی) قیمت کا

پتہ چلانا ہے۔ جس کی تین قسمیں زیادہ اہم ہوتی ہیں۔

(i) حسابی اوسط: جو کہ مواد کی وسطی قیمت ہوتی ہے۔

(ii) وسطانیہ: جو کہ مواد کی قیمتوں کو ترتیب سے لکھنے پر درمیانی قیمت ہوتی ہے۔

(iii) عادہ: وہ قیمت جس کی مواد میں سب سے زیادہ تکرار ہو۔

کسی گروہی / غیر گروہی مواد سے حسابی اوسط، وسطانیہ، عادہ، ضربی اوسط اور ہم آہنگ اوسط معلوم کرنا

To find Arthmetic Mean or Mean, Median, Mode, Geometric Mean, Harmonic Mean from Grouped/ Ungrouped Data

حسابی اوسط تعریف کی رو سے *Arithmetic Mean by Definition*

کسی غیر گروہی مواد کو حسابی اوسط کی تمام قیمتوں کو جمع کر کے ان قیمتوں کی تعداد پر تقسیم کر کے حاصل کیا جاتا ہے۔

$$\text{حسابی اوسط} = \frac{\text{تمام قیمتوں کا مجموعہ}}{\text{قیمتوں کی تعداد}}$$

علامتی طور پر اسے $\overline{x} = \frac{\sum x}{n}$ لکھتے ہیں۔

جبکہ "$\sum$" مجموعہ کو ظاہر کرتی ہے۔

$$\text{حسابی اوسط} = \overline{x} = \frac{\sum(fx)}{n} \quad \text{یا} \quad \overline{x} = \frac{\sum fx}{\sum f}$$

فرضی اوسط سے انحراف کے استعمال سے حسابی اوسط معلوم کرنا

Arithmetic Mean Using Deviation from Assumed Means

حسابی اوسط کے لیے فارمولا $\overline{x} = \frac{\sum fx}{\sum f}$ کا استعمال اسی صورت میں آسان ہوتا ہے جب x اور f کی قیمتیں بہت بڑی نہ ہوں۔ اگر x اور f کی قیمتیں بہت زیادہ ہوں تو ہم فرضی اوسط لے کر بہت سارے وقت کی بچت کر سکتے ہیں۔ اگر 'A' ایک فرضی اوسط ہو (جو کہ کوئی بھی قیمت ہو سکتی ہے) اور D_i، X_i قیمت کا فرضی اوسط 'A' سے انحراف ظاہر کرے۔

یعنی کہ $X_i = D_i + A,$ تب $D_i = X_i - A,$

ہم لکھ سکتے ہیں کہ

$$\overline{X} = A + \frac{\sum_{i=1}^{k} D_i}{n}$$

$$= A + \frac{\sum_{i=1}^{k} D}{n} \quad \text{(غیر گروہی مواد)}$$

اور

$$\overline{X} = A + \frac{\sum_{i=1}^{k} f_i D_i}{\sum f_i}$$

یا (گروہی مواد) $= A + \frac{\sum fD}{\sum f}$

وسطانیہ (غیر گروہی مواد (Median (Ungrouped Data)

وسطانیہ کسی مواد کو عددی ترتیب میں لکھے جانے کے بعد اس کی وسطی قیمت ہوتی ہے اگر قیمتوں کی تعداد n ہو تو ترتیب وار لکھے گئے مواد کے $\frac{n+1}{2}$ کی جگہ والی قیمت وسطانیہ کہلاتی ہے جبکہ n طاق ہو۔ اور اگر n جفت ہو تو دو درمیان والی جگہوں کی قیمتوں کا اوسط وسطانیہ کہلاتی ہے۔

☆ اگر قیمتوں کی تعداد طاق ہو تو درمیانی قیمت وسطانیہ کہلاتی ہے۔

☆ اگر قیمتوں کی تعداد جفت ہو تو دو درمیانی قیمتوں کے حسابی اوسط کو وسطانیہ کہتے ہیں۔

وسطانیہ (گروہی مواد) Median (Grouped Data)

وسطانیہ مواد کا (ogive) کھینچ کر حاصل کیا جاتا ہے اور 50 فیصد مواد کے بعد والی قیمت بطور وسطانیہ لی جاتی ہے۔

عادہ (غیر گروہی مواد) Mode (Ungrouped Data)

عادہ کسی مواد کے سیٹ میں سب سے زیادہ تعدد والی مقدار ہوتی ہے۔ عادہ معلوم کرتے ہوئے یاد رکھیں کہ ہو سکتا ہے مواد میں:

(i) کوئی عادہ نہ ہو یعنی کہ مواد میں ہر قیمت ایک مرتبہ ہی آئے۔ (ii) ایک عادہ ہو۔

(iii) ایک سے زیادہ عادہ ہوں۔

مثال: مواد کے سیٹ 6,2,4,3,4,5,4,5 کا عادہ معلوم کیجئے۔

حل: ہم مواد کے سیٹ کا بغور جائزہ لیتے ہیں اور معلوم کرتے ہیں کہ کونسی قیمت سب سے زیادہ مرتبہ آئی ہے۔

$$2\,3\,\underset{\uparrow}{4}\,\underset{\uparrow}{4}\,\underset{\uparrow}{4}\,\overset{\downarrow}{5}\,\overset{\downarrow}{5}\,6$$

چونکہ 4 کی تکرار زیادہ یعنی تین مرتبہ ہے پس عادہ 4 ہے۔

عادہ (گروہی مواد) Mode (Grouped Data)

گروہی مواد میں ہم عادہ صحیح طریقے سے تو معلوم نہیں کر سکتے کیونکہ اصل قیمتیں جماعتی وقفوں (Class Intervals) میں ختم ہو جاتی ہے۔ تاہم ایسے جماعتی وقفہ کا تعین کرتے ہیں۔ جس کا تعدد سب سے زیادہ ہوتا ہے۔ اسے عادہ جماعت (Model Class) کہتے ہیں۔

مثال: درج ذیل جدول میں عادہ جماعت کا تعین کیجئے۔

جماعتی وقفہ	تعدد
60 - 70	5
70 - 80	7
80 - 90	10
90 - 100	12
100 - 110	8
110 - 120	3
میزان	45

حل: عادہ جماعت اس مواد میں سب سے زیادہ تعدد 12 والی جماعت (100 - 90) ہے۔

ضربی اوسط (غیر گروہی مواد) Geometric Mean (Ungrouped Data)

ضربی اوسط 'G'، n قیمتوں والے سیٹ $x_1, x_2, \ldots, x_n$ کے لیے ان n قیمتوں کے حاصل ضرب کے n ویں جذر کے برابر ہوتا ہے۔

$$G = \sqrt[n]{x_1, x_2 \ldots, x_n}$$

یا

$$= (x_1, x_2 \ldots, x_n)^{\frac{1}{n}}$$

مثال: 2، 4 اور 8 کا ضربی اوسط معلوم کیجئے۔

حل: $G = \sqrt[3]{64} = \left[(4)^3\right]^{\frac{1}{3}} = 4$

ضربی اوسط (گروہی مواد) Geometric Mean (Grouped Data)

فرض کریں کہ $x_1, x_2, \ldots, x_k$ ان جماعتی وقفوں کی نمائندہ قیمتیں ہیں جن کے تعدد بالترتیب $f_1, f_2, \ldots, f_k$ (جبکہ $n = \sum f \; f_1 + f_2 + \ldots + f_k$) چونکہ x_1 مواد میں f_1 مرتبہ رونما ہوتا ہے۔

اسی طرح x_1، f_1 مرتبہ پایا جاتا وغیرہ وغیرہ بالا آخر x_k، f_k مرتبہ پایا جاتا ہے۔

$$\underbrace{x_1 . x_1 \ldots . x_1}_{f_1 \text{times}} \quad \underbrace{x_2 . x_2 \ldots . x_2}_{f_2 \text{times}} \quad \underbrace{x_k . x_k \ldots . x_k}_{f_k \text{times}}$$

ان سب کا حاصل ضرب ہوگا۔ $x_1^{f_1} . x_2^{f_2} \ldots . x_k^{f_k}$ اس طرح ضربی اوسط یہ ہوا۔

$$G = \sqrt[n]{x_1^{f_1} . x_2^{f_2} \ldots . x_k^{f_k}} = \left(x_1^{f_1} . x_2^{f_2} \ldots . x_k^{f_k}\right)^{\frac{1}{n}}$$

بعض اوقات یہ اوزانی ضرب اوسط کہلاتی ہے۔ جبکہ $f_1, f_2 \ldots f_k$ متعلقہ اوزان کہلاتے ہیں۔

ہارمونک اوسط (غیر گروہی مواد) *(Harmonic Mean (Ungrouped Data)*

$x_1, x_2, \ldots, x_n$ قیمتوں والے گروہ کا ہارمونک اوسط (Harmonic Mean) ان قیمتوں کے ضربی معکوسوں کے حسابی اوسط کا ضربی معکوس (Reciprocal) ہوتا ہے۔

$$\text{ہارمونک اوسط} = H = \frac{n}{\frac{1}{x_1} + \frac{1}{x_2} + \ldots \frac{1}{x_n}} = \frac{n}{\sum_{i=1}^{n}\left(\frac{1}{x_i}\right)} = \frac{n}{\Sigma\left(\frac{1}{x}\right)}$$

ہارمونک اوسط (گروہی مواد) *The Harmonic Mean (Grouped Data)*

فرض کیا $x_1, x_2 \ldots x_k$ گروہوں کی نمائندہ قیمتیں جبکہ ان گروہوں کا تعدد بالترتیب $f_1, f_2 \ldots f_k$ ہیں۔ جبکہ $(f_1 + f_2 + \ldots + f_k = \sum f_i = n)$

ان گروہی نمائندہ قیمتوں کے ضربی معکوس $\frac{1}{x_1}, \frac{1}{x_2}, \ldots, \frac{1}{x_k}$ ہیں۔ چونکہ ان قیمتوں کے تعدد بالترتیب $f_1, f_2, \ldots f_k$ ہیں۔

لہٰذا $\frac{1}{x_1}$ قیمتوں کا مجموعہ $f_1\left(\frac{1}{x_1}\right)$ یا $\frac{f_1}{x_1}$

اسی طرح بالترتیب تمام قیمتوں کے مجموعے $\frac{f_2}{x_2}, \frac{f_3}{x_3}, \ldots \frac{f_k}{x_k}$ ہوں گے۔

لہٰذا $\frac{f_1}{x_1} + \frac{f_2}{x_2} + \ldots + \frac{f_k}{x_k} = \sum_{i=1}^{k} \frac{f_i}{x_i} = \sum \frac{f_k}{x_k} = \sum f\left(\frac{1}{x}\right)$

ہارمونک اوسط کی تعریف کی رو سے

$$H = \frac{\sum_{i=1}^{k} f_i}{\sum_{i=1}^{k} f_i\left(\frac{1}{x_i}\right)} = \frac{\sum f}{\sum f\left(\frac{1}{x}\right)} = \frac{n}{\sum f\left(\frac{1}{x}\right)}$$

بعض اوقات اسے اوزانی ہارمونک اوسط کہتے ہیں جن کے اوزان بالترتیب $f_1, f_2, \ldots f_k$ ہیں۔

حسابی اوسط کی خصوصیات Properties of Arithmetic Mean

حسابی اوسط کی خصوصیات درج ذیل ہیں۔

(i) کسی مواد کی قیمتوں کے حسابی اوسط سے ان قیمتوں کے فرق کا مجموعہ صفر ہوتا ہے۔

$$\sum\left(x_i - \overline{X}\right) = 0 \quad \text{یا} \quad \sum f_i\left(x_i - \overline{X}\right) = 0$$

(ii) اگر n_1 قیمتوں کا حسابی اوسط $\overline{x_1}$، n_2 قیمتوں کا حسابی اوسط $\overline{x_2}$ اور اسی طرح n_k قیمتوں کا حسابی اوسط $\overline{x_k}$ ہو تو ان تمام قیمتوں کا حسابی اوسط:

$$\overline{X} = \frac{n_1\overline{X}_1 + n_2\overline{X}_2 + \ldots + n_k\overline{X}_k}{n_1 + n_2 + \ldots + n_k}$$

$$= \frac{\sum_{i=1}^{k} n_i\overline{X}_i}{\sum_{i=1}^{k} n_i} = \frac{\sum n\overline{X}}{\sum_n}$$

(iii) کسی مواد کی قیمتوں کے کسی قیمت 'a' سے فرق کے مربعوں کا مجموعہ سب سے کم ہوگا اگر $a = \overline{X}$ علامتی طور پر $\sum\left(x_i - a\right)^2$ کی قیمت سب سے کم ہوگی اگر $a = \overline{X}$

اوزانی اوسط اور متغیر اوسط Weighted Mean and Moving Average

اگر کسی مواد میں $x_1, x_2, \ldots x_k$ قیمتوں کے اوزان بالترتیب $w_1, w_2, \ldots w_k$ ہوں تو اوزانی حسابی اوسط $\overline{x_w}$ کو یوں

بیان کیا جاتا ہے۔

$$\overline{X_w} = \frac{w_1x_1 + w_2x_2 + ... + w_kx_k}{w_1 + w_2 + ... + w_k}$$

$$= \frac{\sum_{i=1}^{k} w_i x_i}{\sum_{i=1}^{n} w_i} = \frac{\sum wx}{\sum w}$$

متحرک اوسط Moving Average

کسی مشاہدہ میں آنے والی n متواتر قیمتوں کے سلسلے کو استعمال کرتے ہوئے اوسط نکالنا متحرک اوسط کہلاتا ہے۔ مثال کے طور پر ہمیں 3 سالہ متحرک اوسط نکالنا ہو تو ہم اس سیریز کی پہلی تین قیمتیں لیتے ہیں۔ ان کا اوسط لے کر ہم ان قیمتوں کی وسطی قیمت کے سامنے لکھ لیتے ہیں۔ پھر ہم ان تینوں قیمتوں میں سے پہلے چھوڑ کر چوتھی قیمت شامل کرتے ہیں اور ان تینوں کی اوسط لے کر ان کی وسطی قیمت کے سامنے لکھتے ہیں۔ اس کی الجبری شکل یہ ہے۔

$$a_1 = \frac{1}{3}(y_1 + y_2 + y_3)$$

$$a_2 = \frac{1}{3}(y_2 + y_3 + y_4)$$ وغیرہ وغیرہ

ربعی قاطع Quartiles

کسی مواد کو ترتیب میں لکھنے کے بعد اس کا وسطانیہ (Median) اس مواد کی وسطی قیمت ہوتا ہے (جو کہ مجموعی تعدد طاق ہونے کی صورت میں درمیانی قیمت اور جفت کی صورت میں اس کی دو وسطی قیمتوں کا اوسط ہوتا ہے) یہ وسطانیہ اس مواد کو دو برابر حصوں میں تقسیم کرتا ہے۔ اسی طرح مواد کو چار برابر حصوں میں تقسیم کرنے والی قیمتوں کو ربعی قاطع کہتے ہیں۔ اس طرح تین قیمتیں جو مترتب مواد کو چار برابر حصوں میں تقسیم کرتی ہیں ربعی قاطع کہلاتی ہیں انہیں Q_1, Q_2 اور Q_3 سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

پہلے ربعی قاطع کو زیریں ربعی قاطع (Lower Quartile) جبکہ تیسرے ربعی قاطع کو بالائی ربعی قاطع (Upper Quartile) کہتے ہیں۔

$Q_1 =$ کے مقام پر آنے والی قیمت $\left(\frac{n+1}{4}\right)$

$Q_2 =$ کے مقام پر آنے والی قیمت $2\left(\frac{n+1}{4}\right)$ یا $\left(\frac{n+1}{2}\right)$

$Q_3 =$ کے مقام پر آنے والی قیمت $\frac{3(n+1)}{4}$

حل مشق 10.3

-1 درج ذیل مواد کی تعددی کثیرالاضلاع بنائیے۔

(i) کسی امتحان میں 30 طلباء کی تفصیل جدول میں دی گئی ہے۔

نمبر	0 – 39	40 – 49	60 – 79	80 – 99
تعدد	8	8	10	4

حل:

نمبر	تعدد	درمیانی قیمت
0 — 39	8	19.5
40 — 49	8	44.5
60 — 79	10	69.5
80 — 99	4	89.5

(ii) 40 طلباء کی رکاوٹی دوڑ کے وقت (سیکنڈوں میں) کی تفصیل جدول میں دی گئی ہے۔

وقت(سیکنڈ)	1 – 40	41 – 50	51 – 60	61 – 70
تعدد	8	15	7	10

حل:

وقت (سیکنڈ)	تعدد	درمیانی قیمت
1 — 40	8	20.5
41 — 50	15	45.5
51 — 60	7	55.5
61 — 70	10	65.5

(iii) کسی فش اینڈ چپس شاپ میں چپس کے 30 پیکٹوں کے اوزان کی تفصیل جدول میں درج ہے۔

اوزان (گرام)	1 – 50	51 – 60	61 – 70	71 – 80
تعدد	4	8	14	4

حل:

اوزان (گرام)	تعداد	درمیانی قیمت
1 — 50	4	25.5
51 — 60	8	55.5
61 — 70	14	65.5
71 — 80	4	75.5

(iv) دیئے گئے جدول میں ایک ٹرم کے اختتام پر 100 طلباء کے ریاضی کے امتحان میں حاصل کردہ نمبروں کی تفصیل درج ہے۔

نمبر	0 – 29	30 – 39	40 – 49	50 – 59	60 – 69
تعداد	10	15	25	34	16

حل:

نمبر	تعداد	درمیانی قیمت
0 — 29	10	14.5
30 — 39	15	34.5
40 — 49	25	44.5
50 — 59	34	54.5
60 — 69	16	64.5

حل مشق 10.4

-1 دیے گئے مواد کا مجموعی تعدد کی کثیرالاضلاع (یعنی اوگو) بنائیے۔

(i) جدول میں 10 سالہ عمر کے 60 بچوں کے اوزان (کلوگرام میں) کی تفصیل دی گئی ہے۔

وزن (کلوگرام)	31 – 36	37 – 39	40 – 42	43 – 45	46 – 54
تعدد	8	10	18	12	12

حل:

وزن (کلوگرام)	تعدد	مجموعی تعدد
31 — 36	8	8
37 — 39	10	18
40 — 42	18	36
43 — 45	12	48
46 — 54	12	60

(ii) جدول میں 50 طلباء جن کی عمریں 5 سال ہیں کا رات کے کھانا کھانے کے اوقات (منٹوں) میں تفصیل دی گئی ہے۔

وقت (منٹوں میں)	4 – 5	6 – 7	8 – 9	10 – 11	12 – 15	16 – 19	20 – 29
تعدد	5	4	10	9	6	6	10

حل:

وقت (منٹوں میں)	تعدد	مجموعی تعدد
4 — 5	5	5
6 — 7	4	9
8 — 9	10	19
10 — 11	9	28
12 — 15	6	34
16 — 19	6	40
20 — 29	10	50

(iii) جدول میں 08:30 تا 09:30 کے دوران صبح کے اوقات میں مختلف عمر کے لوگوں کی بس سٹاپ پر بس میں سوار ہونے کی تفصیل درج ہے۔

عمر (سالوں میں)	0 – 9	10 – 19	20 – 29	30 – 39	40 – 69
تعداد	10	20	30	20	15

حل:

عمر (سالوں میں)	تعداد	مجموعی تعداد
0 — 9	10	10
10 — 19	20	30
20 — 29	30	60
30 — 39	20	80
40 — 69	15	95

(iv)

جماعتیں	5 – 10	10 – 15	15 – 20	20 – 25	25 – 30
تعدد	10	15	20	30	15

حل:

جماعتیں	تعدد	مجموعی تعدد
5 — 10	10	10
10 — 15	15	25
15 — 20	20	45
20 — 25	30	75
25 — 30	15	90

(v) جدول میں 100 لوگوں کے اوزان کی تعددی تفصیل درج ہے۔

اوزان (کلوگرام میں)	50 – 59	60 – 69	70 – 79	80 – 89	90 – 99	100 – 109
تعدد	15	30	35	15	3	2

حل:

اوزان (کلوگرام میں)	تعدد	مجموعی تعدد
50 — 59	15	15
60 — 69	30	45
70 — 79	35	80
80 — 89	15	95
90 — 99	3	98
100 — 109	2	100

حل جائزہ مشق 10

.1 صحیح جواب کے گرد دائرہ لگائیے:

(i) جب کوئی کالمی نقشہ اس طرح سے تیار کیا جائے کہ ہر کالم کا رقبہ اس میں موجود گروہ کے تعدد کے متناسب ہو تو یہ کہلاتا ہے۔

(a) منحنی (b) اوجائیو (c) کالمی نقشہ (d) بارچارٹ

(ii) کسی مواد کا شماریاتی اختصار جو وسط (مرکز) کی پیمائش کرتا ہے، کہلاتا ہے۔

(a) اوسط (b) عادہ (c) وسطانیہ (d) سب کے سب

(iii) اگر کسی مواد کی قیمتوں کو جمع کر کے مجموعہ کو ان کی کل تعداد پر تقسیم کیا جائے تو یہ کہلاتا ہے۔

(a) اوسط (b) عادہ (c) وسطانیہ (d) اوزانی اوسط

(iv) کسی مترتب مواد میں وسطی عددی قیمت کہلاتی ہے۔

(a) عادہ (b) وسطانیہ (c) اوسط (d) ضربی اوسط

(v) وہ قیمت جو کسی مواد میں سب سے زیادہ مرتبہ آئے کہلاتی ہے۔

(a) عادہ (b) اوسط (c) وسطانیہ (d) ضربی اوسط

(vi) $\overline{X} = \frac{x_1 + x_2 + x_3 + \dots\dots\dots + x_n}{n}$ کہلاتا ہے۔

(a) $x_1, x_2, \dots, x_n$ کا اوسط (b) حسابی اوسط (c) ضربی اوسط (d) اوزانی اوسط

(vii) $H = \frac{n}{\sum\left(\frac{1}{x}\right)}$ کہلاتا ہے۔

(a) ہارمونک اوسط (b) عادہ (c) اوسط (d) حسابی اوسط

(viii) $\overline{X}_w = \frac{\sum wx}{\sum w}$ کہلاتا ہے۔

(a) حسابی اوسط (b) اوزانی اوسط (c) ضربی اوسط (d) اوسط

جوابات: c (i)   d (ii)   a (iii)   b (iv)   a (v)
b (vi)   a (vii)   b (viii)

.2 خالی جگہ پُر کیجیے۔

(i) کوئی کالمی نقشہ اس طرح سے تعبیر کیا جائے کہ ہر کالم کا رقبہ اس میں موجود گروہ کے تعداد کے متناسب ہو تو وہ ______ کہلاتا ہے۔
(ii) شماریاتی اختصار جو کہ کسی مواد کی درمیانی (وسطی) قیمت کی نمائندہ ہو ______ کہلاتا ہے۔
(iii) اگر کسی مواد کی تمام عددی قیمتوں کو جمع کر کے ان کی تعداد پر تقسیم کیا جائے تو یہ ______ کہلاتا ہے۔
(iv) عددی قیمت کے لحاظ سے کسی مرتب مواد کی وسطی قیمت ______ کہلاتی ہے۔
(v) وہ عددی قیمت جو کسی مواد میں سب سے زیادہ مرتبہ آئے ______ کہلاتی ہے۔
(vi) $\overline{X} = \frac{x_1 + x_2 + x_3 + \dots\dots\dots + x_n}{n}$ ______ کہلاتا ہے۔
(vii) n قیمتوں والے سیٹ کے حاصل ضرب کا nth جذر ______ کہلاتا ہے۔
(viii) $H = \frac{n}{\sum\left(\frac{1}{x}\right)}$ ______ کہلاتا ہے۔
(ix) $\overline{X}_w = \frac{\sum wx}{\sum w}$ ______ کہلاتا ہے۔
(x) $\sum(x_i - \overline{X}) = 0$ ______ کی ایک خاصیت ہے۔

جوابات:
(i) کالمی نقشہ   (ii) مرکزی رجحان کی پیمائش   (iii) اوسط   (iv) وسطانیہ
(v) اعادہ   (vi) $x_1, x_2, \dots\dots, x_n$ کی اوسط قیمت   (vii) ضربی اوسط   (viii) ہارمونک اوسط
(ix) اوزانی اوسط   (x) جمعی اوسط

-3 2, 3, 6, 8, 11 کا معیاری انحراف معلوم کریں۔

x	x^2
2	4
3	9
6	36
8	64
11	121
$\Sigma x = 30$	$\Sigma x^2 = 234$

معیاری انحراف $= S = \sqrt{\frac{\sum x^2}{n} - \left(\frac{\sum x}{n}\right)^2} = \sqrt{\frac{234}{5} - \left(\frac{30}{5}\right)^2}$

$S = \sqrt{46.8 - 36} = \sqrt{10.8} = 3.286$

-4 غیر گروہی مواد جس میں $n=15$، $\Sigma x^2 = 2943.825$ اور $\overline{x} = 10$ ہو تو اس غیر گروہی مواد کا معیاری انحراف اور تغیریت

معلوم کیجیے۔

حل:

معیاری انحراف = $S = \sqrt{\frac{\sum x^2}{n} - \bar{x}^2} = \sqrt{\frac{2943.825}{15} - 10^2}$

$= \sqrt{196.255 - 100} = 9.81$

تغیریت = $S^2 = 96.255$

5- مواد 3,5,6,8,8,9,10 کا (i) اوسط (ii) وسطانیہ (iii) عادہ معلوم کیجیے۔

حل:

X
3
5
6
8
8
9
10
$\Sigma X = 49$

اوسط = $\frac{\sum x}{n}$

اوسط = $\frac{49}{7} = 7$

وسطانیہ = $\frac{8+8}{2} = \frac{16}{2} = 8$

عادہ = 8

6- درج ذیل قیمتوں کے سیٹ 4,6,7,4,8,9,7,10 کا اوسط، وسطانیہ اور عادہ معلوم کیجیے۔

حل:

X
4
6
7
4
8
9
7
10
$\Sigma X = 55$

اوسط = $\frac{\sum x}{n}$

اوسط = $\frac{55}{8} = 6.875$

مواد کی ترتیب : 4, 4, 6, 7, 7, 8, 9, 10

وسطانیہ = $\frac{7+7}{2} = \frac{14}{2} = 7$

عادہ = 7

خلاصہ

☆ کالمی نقشہ جس کے ہر کالم کا رقبہ اس میں موجود گروہ کی قیمتوں کی تعداد کے متناسب ہو اس مواد کا کالمی نقشہ کہلاتا ہے۔

☆ مجموعی تعدد، کسی بھی قدر سے پہلی قدروں کے تعددات کے مجموعہ کو کہتے ہیں۔

☆ جب مجموعی تعدد کو بالمقابل جماعتی وقفوں کی انتہائی قیمت کے بالمقابل رکھ کر گراف پیپر پر نقاط لگائے جائیں۔ پھر ان نقاط کو ملانے سے حاصل شدہ گراف کو مجموعی تعدد کی کثیر الاضلاع کہتے ہیں۔

☆ شماریاتی اختصار کسی مواد کی وسطی (مرکز) کا تعین کرتا ہے۔

☆ کسی مواد کا اوسط حاصل کرنے کے لیے اس کی تمام قیمتوں کو جمع کر کے اس کی تعداد پر تقسیم کیا جاتا ہے۔

☆ کسی مواد کی عددی ترتیب میں درمیانی قیمت وسطانیہ کہلاتی ہے۔

☆ عادہ کسی مواد میں سب سے زیادہ بار آنے والی قیمت ہوتی ہے۔

☆ کسی غیر گروہی مواد کا حسابی اوسط اس کی تمام عددی قیمتوں کو جمع کر کے ان کی کل تعداد سے تقسیم کر کے حاصل کیا جاتا ہے۔

☆ وسطانیہ کسی مواد کو دو برابر حصوں میں تقسیم کرتا ہے جبکہ کچھ اور قیمتیں مواد کے سیٹ کو چار برابر حصوں میں تقسیم کرتی ہیں جو کہ پہلا، دوسرا اور تیسرا ربعی قاطع کہلاتے ہیں۔

☆ n مثبت قیمتوں $x_1, x_2, ...x_n$ کا ضربی اوسط ''G'' ان کے حاصل ضرب کا nواں مثبت جذر ہوتا ہے۔

☆ n قیمتوں $x_1, x_2, ..., x_n$ کا ہارمونک اوسط ''H'' ان قیمتوں کے ضربی معکوس قیمتوں کے حسابی اوسط کا ضربی معکوس قیمت ہوتا ہے۔

☆ تغیریت، معیاری انحراف کا مربع ہوتی ہے۔ یعنی کہ حسابی اوسط سے مواد کی قیمتوں کے فرق کے مربعوں کے اوسط کے برابر ہوتی ہے۔

☆ انتشار کی سادہ ترین پیمائش سعت (Range) ہے۔ سعت کسی مواد کی سب سے بڑی قیمت کا سب سے چھوٹی قیمت سے فرق ہوتی ہے۔

☆ معیاری انحراف تمام قیمتوں کے حسابی اوسط کی مواد کی قیمتوں کے فرق کے مربعوں کی اوسط کا مثبت جذر ہوتا ہے۔ n قیمتوں $x_1, x_2, ..., x_k$ کا معیاری انحراف ''S'' سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

☆ اگر مواد میں $x_1, x_2, ..., x_n$ قیمتوں کے اوزان (weight) بالترتیب $w_1, w_2, ..., w_k$ ہوں تو اوزانی حسابی اوسط جو کہ $\bar{x}_w$ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

$$\bar{x}_w = \frac{\sum W_x}{\sum W}$$

معروضی سوالات

✿ درست جواب پر (✔) کا نشان لگائیں۔

-1 ایسا جدول جس میں ہر سکور / قدر کا تعدد دیا گیا ہو کہلاتا ہے۔

(a) کالمی جدول (b) دوری جدول (c) تعددی جدول (d) گروہی جدول

-2 کسی بھی قدر سے پہلے قدروں کے تعددات کے مجموعے کو ظاہر کرتا ہے۔

(a) گروہی تعدد (b) حقیقی تعدد (c) کالمی تعدد (d) مجموعی تعدد

-3 مرکزی رجحان کی اقسام ہوتی ہیں۔

(a) دو (b) تین (c) چار (d) پانچ

-4 مواد کی وسطی قیمت ہوتی ہے۔

(a) حسابی اوسط (b) عادہ (c) وسطانیہ (d) معیاری انحراف

-5 مواد کی قیمتوں کو ترتیب سے لکھنے پر درمیانی قیمت ہوتی ہے۔
(a) عادہ (b) تغیریت (c) حسابی اوسط (d) وسطانیہ

-6 وہ قیمت جس کی مواد میں سب سے زیادہ تکرار ہو۔
(a) وسطانیہ (b) مجموعہ (c) عادہ (d) حسابی اوسط

-7 حسابی اوسط کو ظاہر کرتے ہیں۔
(a) $\hat{X}$ سے (b) $\overline{X}$ سے (c) X سے (d) $\tilde{X}$ سے

-8 مجموعہ کو ظاہر کرتا ہے۔
(a) Σ (b) $\forall$ (c) $\angle$ (d) π

-9 X–A برابر ہے۔
(a) I کے (b) C کے (c) $\overline{X}$ کے (d) D کے

-10 اگر $\Sigma f = 120$, $\Sigma f D = 1400$, $A = 144.5$ ہو تو $\overline{X}$ کی قیمت ہوگی۔
(a) 156.07 (b) 156.17 (c) 156.27 (d) 156.37

-11 وسطانیہ معلوم کرنے کا فارمولا ہے۔
(a) $\left(\frac{n-1}{2}\right)$ ویں قدر (b) $\left(\frac{n}{2}+1\right)$ ویں قدر (c) $\left(\frac{n+1}{2}\right)$ ویں قدر (d) $\frac{n}{2}$ ویں قدر

-12 ضربی اوسط کو ظاہر کرتے ہیں۔
(a) N سے (b) A سے (c) G سے (d) P سے

-13 2,4 اور 8 کا ضربی اوسط ہے۔
(a) 2 (b) 4 (c) 8 (d) 16

-14 $\Sigma\left(x_1 - \overline{X}\right)$ برابر ہوتا ہے۔
(a) 0 (b) 1 (c) 2 (d) −1

-15 کسی مشاہدہ میں آنے والی n متواتر قیمتوں کے سلسلے کو استعمال کرتے ہوئے اوسط نکالنا کہلاتا ہے۔
(a) متحرک اوسط (b) حسابی اوسط (c) ضربی اوسط (d) ہارمونک اوسط

-16 ربعی قاطع کو ظاہر کرتے ہیں۔
(a) Q_1, Q_2 (b) Q_1, Q_3 (c) Q_1, Q_2, Q_3 (d) Q_2, Q_3

-17 انتشار کی سادہ ترین پیمائش ہے۔
(a) تغیریت (b) سعت (c) انتصار (d) معیاری انحراف

-18 $X_m - X_o$ برابر ہوتا ہے۔
(a) R کے (b) G کے (c) H کے (d) M کے

-19 6,8,13,11,18,27,23 کا سعت ہوگا۔
(a) 19 (b) 20 (c) 21 (d) 23

-20 1,2,3,4,6,8,11 کا معیاری انحراف ہوگا۔
(a) 3.26 (b) 3.29 (c) 3.25 (d) 3.27

-21 1,2,3,4,6,8,11 کا تغیر یت ہوگا۔

(a) 10.80 (b) 10.82 (c) 10.86 (d) 10.89

-22 اگر $\sum fx = 1950$ اور $\sum f = 50$ ہو تو $\bar{x}$ ہوگا۔

(a) 36 (b) 37 (c) 38 (d) 39

-23 اگر $\sum f(x-\bar{x})^2 = 2260$ اور $\sum f = 50$ ہو تو S کی قیمت ہوگی۔

(a) 6.62 (b) 6.72 (c) 6.82 (d) 6.92

-24 $\sum(x_i - \bar{X}) = 0$ ایک خاصیت ہے۔

(a) ہارمونک اوسط کی (b) ضربی اوسط کی (c) تغیر یت کی (d) حسابی اوسط کی

جوابات:

-1 تعددی جدول -2 مجموعی تعدد -3 تین -4 حسابی اوسط

-5 وسطانیہ -6 عادہ -7 $\bar{X}$ -8 $\sum$

-9 D کے -10 156.17 -11 $\left(\frac{n+1}{2}\right)$ ویں قدر -12 G سے

-13 4 -14 0 -15 متحرک اوسط -16 $Q_1\, Q_2\, Q_3$

-17 سعت -18 R کے -19 21 -20 3.29

-21 10.86 -22 39 -23 6.72 -24 حسابی اوسط کی

❁ **مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

-1 تعدد سے کیا مراد ہے؟

جواب: جتنی مرتبہ دیئے گئے مواد میں کوئی قدر پائی جاتی ہے۔ وہی اس کا تعدد یا فریکوینسی کہلاتا ہے۔

-2 تعددی جدول کسے کہتے ہیں؟

جواب: ایسا جدول جس میں ہر سکور/قدر کا تعدد دیا گیا ہو تعددی جدول کہلاتا ہے۔

-3 کالمی نقشہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: اگر ہر کالم کا رقبہ اس گروہ کے تعدد کے راست متناسب ہو تو ایسے نقشہ کو کالمی نقشہ کہتے ہیں۔

-4 تعددی کثیر الاضلاع سے کیا مراد ہے؟

جواب: تعددی کثیر الاضلاع بہت سارے اضلاع سے مل کر بننے والی بند شکل ہوتی ہے جسے بنانے کے لیے ہر گروہ کے کلاس مارک تعدد کے بالمقابل رکھ کر گراف پر نقاط لگائے جاتے ہیں پھر ان نقاط کو سیدھی لائنوں سے ملا دیا جاتا ہے۔

-5 مجموعی تعدد والا گراف کونسا ہوتا ہے؟

جواب: جب مجموعی تعدد کو آخری نقاط کے متعلقہ جماعتی وقفوں کے خلاف پلاٹ کیا جاتا ہے اور انہیں آپس میں ملایا جاتا ہے تو نتیجہ میں حاصل ہونے والے گراف کو مجموعی تعدد والا گراف یا (ogive) کہتے ہیں۔

-6 حسابی اوسط کی تعریف بیان کریں۔

جواب: کسی غیر گروہی مواد کا حسابی اوسط اس مواد کی تمام قیمتوں کو جمع کر کے ان قیمتوں کی تعداد پر تقسیم کر کے حاصل کیا جاتا ہے۔

-7 حسابی اوسط کو معلوم کرنے کا فارمولا لکھیں۔

حل: $\bar{X} = \frac{\sum X}{n}$ (غیر گروہی مواد کیلئے)

$$\overline{X} = \frac{\sum fX}{\sum f} \quad \text{(گروہی مواد کیلئے)}$$

-8 آٹھ آدمیوں کی انفرادی آمدنی 3000روپے، 4000روپے، 3500 روپے، 3800 روپے، 4500روپے، 4200روپے، 3600روپے اور 5400روپے ہے۔ ان کا حسابی اوسط معلوم کریں۔

حل:

$$\overline{X} = \frac{\sum X}{n}$$

$$= \frac{3000+4000+3500+3800+4500+4200+3600+5400}{8} = \frac{32000}{8} = 4000$$

-9 اگر $\sum fx = 1950$ اور $\sum f = 50$ ہو تو $\overline{X}$ معلوم کریں۔

حل:

$$\overline{X} = \frac{\sum fx}{\sum f} = \frac{1950}{50} = 39$$

-10 فرضی اوسط سے حسابی اوسط کیسے معلوم کرتے ہیں۔

جواب:

$$D = X - A$$

$$\overline{X} = A + \frac{\sum D}{n} \quad \text{(غیر گروہی مواد)}$$

$$\overline{X} = A + \frac{\sum fD}{\sum f} \quad \text{(گروہی مواد)}$$

-11 درج ذیل قیمتوں کا احسابی اوسط فرضی اوسط سے انحراف کے طریقے سے معلوم کریں۔

184, 191, 172, 168, 187, 189, 196, 189, 193, 195

حل: فرضی اوسط= A = 180

X	D = X − 180
184	4
191	11
172	−8
168	−12
187	7
189	9
196	16
189	9
193	13
195	15
—	$\sum D = 64$

$$\overline{X} = A + \frac{\sum D}{n}$$

$$= 180 + \frac{64}{10}$$

$$= 180 + 6.4$$

$$= 186.40$$

-12 وسطانیہ سے کیا مراد ہے؟
جواب: وسطانیہ کسی مواد کو عددی ترتیب میں لکھے جانے کے بعد اس کی وسطی قیمت ہوتی ہے۔

-13 مواد کے سیٹ 5,4,5,4,3,4,2,6 کا وسطانیہ معلوم کیجئے۔
حل: مواد کو ترتیب میں لکھنے سے 2,3,4,4,4,5,5,6

وسطانیہ = $\frac{n+1}{2}$ ویں قدر

= $\left(\frac{8+1}{2}\right)$ ویں قدر = 4.5 ویں قدر

یعنی وسطانیہ = $\frac{4+4}{2} = \frac{8}{2} = 4$

-14 مواد کے سیٹ کا وسطانیہ معلوم کیجئے۔ 5,4,5,4,3,4,2,6,8
حل: مواد کو ترتیب میں لکھنے سے 2,3,4,4,4,5,5,6,8

وسطانیہ = $\left(\frac{n+1}{2}\right)$ ویں قدر

= $\left(\frac{9+1}{2}\right)$ ویں قدر = 5 ویں قدر

یعنی وسطانیہ = 4

-15 عادہ کی تعریف کریں۔
جواب: عادہ کسی مواد کے سیٹ میں سب سے زیادہ تعدد والی مقدار ہوتی ہے۔

-16 مواد کے سیٹ کا عادہ معلوم کریں۔ 6,2,4,3,4,5,4,5
جواب: مواد کو ترتیب میں لکھنے سے 2,3,4,4,4,5,5,6
چونکہ 4 کی تکرار سب سے زیادہ ہے۔
اس لیے عادہ = 4

-17 درج ذیل جدول میں عادہ جماعت کا تعین کریں۔
حل:

جماعتی وقفہ	تعدد
60 – 70	5
70 – 80	7
80 – 90	10
90 – 100	12
100 – 110	8
110 – 120	3
میزان	45

عادہ جماعت اس مواد میں سب سے زیادہ تعدد 12 والی جماعت (100 − 90) ہے

18- ضربی اوسط سے کیا مراد ہے؟

جواب: ضربی اوسط G ، n قیمتوں والے سیٹ $X_1\ X_2,\ldots\ldots,\ X_n$ کے لیے ان n قیمتوں کے حاصل ضرب کے n ویں جذر کے برابر ہوتا ہے۔

$$G = \sqrt[n]{x_1.x_2.\ldots\ldots x_k}$$

$$G = \left(x_1.x_2.\ldots\ldots x_k\right)^{\frac{1}{n}}$$

19- ضربی اوسط (گروہی مواد) سے کیسے معلوم کرتے ہیں۔

جواب: ضربی اوسط گروہی مواد سے درج ذیل طریقے سے معلوم کرتے ہیں۔

$$G = \left(x_1^{f_1}.x_2^{f_2}\ldots\ldots x_k^{f_k}\right)^{\frac{1}{n}}$$

20- درج ذیل تعددی مواد کا ضربی اوسط معلوم کیجئے۔

حل:

x	1	2	3	4
f	2	3	4	1

$$\Sigma f = 2+3+4+1 = 10$$

$$G = \left[(1)^2.(2)^3.(3)^4.(4)^1\right]^{\frac{1}{10}}$$

$$= \left[1\times8\times81\times4\right]^{\frac{1}{10}}$$

$$= (2592)^{\frac{1}{10}}$$

$$= 2.1946$$

21- ہارمونک اوسط (غیر گروہی مواد) سے کیا مراد ہے؟

جواب: $x_1, x_2,\ldots\ldots x_n$ قیمتوں والے گروہ کا ہارمونک اوسط ان قیمتوں کے ضربی معکوس کے حسابی اوسط کا ضربی معکوس ہوتا ہے۔

22- ہارمونک اوسط معلوم کرنے کا فارمولا لکھیں۔

حل:

(غیر گروہی مواد) $H = \dfrac{n}{\Sigma \frac{1}{x}}$

(گروہی مواد) $H = \dfrac{n}{\Sigma f \frac{1}{x}}$

-23 حسابی اوسط کی خصوصیات بیان کریں۔

حل: حسابی اوسط کی خصوصیات درج ذیل ہیں۔

(i) کسی مواد کی قیمتوں کے حسابی اوسط سے ان قیمتوں کے فرق کا مجموعہ صفر ہوتا ہے۔ $\sum f_i(x_i - \overline{X}) = 0$ یا

$$\sum(x_i - \overline{X}) = 0$$

(ii) اگر n_1 قیمتوں کا حسابی اوسط $\overline{x}_1$، n_2 قیمتوں کا حسابی اوسط $\overline{x}_2$ اور اسی طرح n_k قیمتوں کا حسابی اوسط $\overline{x}_k$ ہو تو ان تمام قیمتوں کا حسابی اوسط:

$$\overline{x} = \frac{n_1\overline{X}_1 + n_2\overline{X}_2 + \ldots + n_k\overline{X}_k}{n_1 + n_2 + \ldots + n_k}$$

$$n_1 + n_2 + \ldots + n_k = \sum_{i=1}^{k} n_i$$

$$= \frac{\sum_{i=1}^{k} n_i\overline{X}_i}{\sum_{i=1}^{n} n_i} = \frac{\sum n\overline{X}}{\sum n}$$

(iii) کسی مواد کی قیمتوں کے کسی قیمت 'a' سے فرق کے مربعوں کا مجموعہ سب سے کم ہو گا اگر $a = \overline{x}$ علامتی طور پر $\sum(x_i - a)^2$ کی قیمت سب سے کم ہوگی اگر $a = \overline{x}$

-24 اوزانی اوسط سے کیا مراد ہے؟

جواب: اگر کسی مواد میں $x_1, x_2, \ldots\ldots, x_k$ قیمتوں کے اوزان بالترتیب $w_1, w_2, \ldots\ldots, w_k$ ہوں تو اوزانی اوسط $\overline{X}_w$ کو یوں بیان کیا جاتا ہے۔

$$\overline{X}_w = \frac{\sum wx}{\sum w}$$

-25 متحرک اوسط کی تعریف کریں۔

جواب: کسی مشاہدہ میں آنے والی n متواتر قیمتوں کے سلسلے کو استعمال کرتے ہوئے اوسط نکالنا متحرک اوسط کہلاتا ہے۔

-26 ربعی قاطع سے کیا مراد ہے۔

جواب: مواد کو چار برابر حصوں میں تقسیم کرنے والی قیمتوں کو ربعی قاطع کہتے ہیں۔

-27 زیریں ربعی قاطع کو کیسے معلوم کرتے ہیں۔

جواب: زیریں ربعی کو درج ذیل فارمولے سے معلوم کرتے ہیں۔

$$Q_1 = \left(\frac{n+1}{4}\right)$$ کے مقام پر آنے والی قیمت

28- بالائی ربعی قاطع کو کیسے معلوم کرتے ہیں؟

جواب: بالائی ربعی قاطع کو درج ذیل فارمولے سے معلوم کرتے ہیں۔

$$Q_3 = \frac{3(n+1)}{4}$$ کے مقام پر آنے والی قیمت

29- درج ذیل مواد کی سعت معلوم کیجیے۔

10,18,9,6,22

حل:

$$X_m = 22 \, , \, X_o = 6$$

$$R = X_m - X_0$$
$$= 22-6$$
$$= 16$$

30- تغیریت سے کیا مراد ہے۔

جواب: تغیریت معیاری انحراف کا مربع کہلاتی ہے۔ یعنی مواد کی اوسط سے انحراف کے مربعوں کی اوسط کے برابر ہے۔

31- تغیریت معلوم کرنے کا فارمولا تحریر کریں۔

جواب: تغیریت معلوم کرنے کا فارمولا درج ذیل ہے۔

$$S^2 = \frac{\Sigma\left(x-\overline{X}\right)^2}{n}$$ (غیر گروہی مواد)

$$S^2 = \frac{\Sigma f\left(x-\overline{X}\right)^2}{\Sigma f}$$ (گروہی مواد)

32- معیاری انحراف سے کیا مراد ہے؟

جواب: دیئے گئے مواد کے اوسط فرق کے مربعوں کی اوسط کا مثبت جذر ہوتی ہے۔

33- معیاری انحراف کو معلوم کرنے کا فارمولا تحریر کریں۔

جواب: معیاری انحراف کو معلوم کرنے کا فارمولا درج ذیل ہے۔

$$S = \frac{\sqrt{\Sigma\left(x-\overline{X}\right)^2}}{n}$$ (غیر گروہی مواد)

$$S = \frac{\sqrt{\Sigma f\left(x-\overline{X}\right)^2}}{\Sigma f}$$ (گروہی مواد)